میاں محمد یٰسین خان وٹو ، جناب والا ، اس بارے میں ابھی کچھ نہیں کہہ سکتا۔ لیکن چار سال سے وہ وہاں کام کر رہا ہے یقیناً اس سلسلے میں ضرور clear کیا گیا ہوگا۔ ورنہ اس پر اعتراض آتا۔ اس وقت اس سلسلے میں جواب نہیں دے سکتا۔ علیحدہ سوال دے دیں۔

جناب چیئرمین : جی شفقت محمود صاحب۔

جناب شفقت محمود : سر ، یہ جتنے سوال ہوئے ہیں وہ سارے relevant ہیں اور جواب بھی آگیا ہے لیکن اس بارے میں غور کیا جائے کہ ہم میں سے جو حضرات کرکٹ کو follow کرتے ہیں کہ before the appointment of Dr. Dan Kiesel پاکستان کی کرکٹ کی تاریخ میں کبھی کوئی full time فزیشن سپورٹس میڈیسن سپیشلسٹ ٹیم کے ساتھ کبھی تعینات نہیں ہوا تھا۔ میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ ٹھیک ہے اس کو آپ فارغ کر دیں کیونکہ اس کی نیشنلٹی ٹھیک نہیں ہے ، اس کا مذہب ٹھیک نہیں ہے۔ لیکن اگر آپ نے اسی جگہ واپس جانا ہے جہاں پر ہم پہلے تھے یعنی کہ ٹیم کے ساتھ کوئی آدمی نہیں ۔ عاقل شاہ صاحب نے بھی کہا کہ ڈاکٹرز موجود ہیں۔ کوئی اچھا ڈاکٹر اس طرح ٹائم نہیں دیتا جس طرح یہ بندہ دیتا ہے ۔ سارا سال چوبیس گھنٹے وہ ٹیم کے ساتھ ہے۔ تو میں نہیں کہتا کہ اس کو رکھیں ، مجھے اس کے ساتھ کوئی ہمدردی نہیں ہے ۔ لیکن in the zeal to clean our environment of all suspicious elements آپ ذرا یہ خیال کر لیں کہ اس سے پہلے کبھی کوئی آدمی ہمیں ملتا نہیں تھا۔ تین تین مہینے کا ٹور ہوتا ہے ، کون اپنی پریکٹس چھوڑ کر جاتا ہے ، کون کہتا ہے کہ میں سب کچھ چھوڑ کر جاؤں۔ میں اس بحث میں نہیں پڑتا ، ٹھیک ہے مشکوک ہے ، نکالیں۔ لیکن میں یہ ضرور emphasis کروں گا کہ نکالنے سے پہلے آپ یہ ensure کریں کہ آپ کی ٹیم کو سپورٹس میڈیسن کا سپیشلسٹ available full time ہو گا کیونکہ اس سے پہلے کبھی نہیں تھا۔

جناب چیئرمین : جی منسٹر برائے پارلیمانی امور ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو ، جناب والا ، میں یہ عرض کر سکتا ہوں کہ جس شخص کے پاس یہ اختیار ہوگا کہ اسے تعینات کرے ہمیں اس پر بھی اعتماد کرنا ہوگا ۔ وہ شخص کیوں ایسے آدمی کو تعینات کرے گا جس کا تعینات کرنا کرکٹ کے کھیل کے لئے اور اس کے

کھلاڑیوں کے لئے مفید نہ ہو۔ یہ کوشش کی جائے گی کہ ایسا ہی سپیشلسٹ تعینات کیا جائے جو ہر لحاظ سے ٹیم کے لئے اور کرکٹ کے لئے مفید ہو، ہمیں اس پر اعتماد کرنا ہوگا۔ اگر آپ ایک شخص کو اختیار دیتے ہیں۔

**جناب چیئرمین** : جی مصطفٰی کمال رضوی۔

**جناب مصطفٰی کمال رضوی** : شکریہ جناب چیئرمین، میرے فاضل دوست سینیٹر عاقل شاہ صاحب نے فرمایا تھا کہ ہمارے ایم این اے صاحب ہیں نشاط ملک صاحب، He is a regular member of the Sports Board, Mr. Chairman, He is the only one as far as I know اور ان کا تعلق متحدہ قومی موومنٹ سے ہے and he has been in the field of Sports medicines for the last more than 15 to 20 years. As far as I know میرے کہنے کا مطلب یہ تھا کہ ہمارے پاس very well qualified لوگ موجود ہیں جو کہ سپورٹس medicine سے تعلق بھی رکھتے ہیں۔ تو کیا وجوہات ہیں کہ advice and other things are not taken from professionals . I am sure he can do a great help to nominate or suggest names of people who are doctors, who are as responsible and as qualified than already friend from abroad. Thank you Mr. Chairman.

**جناب چیئرمین** : جی جناب ! اس کا کوئی جواب دینا چاہیں گے ؟

**میاں محمد یسٰین خان وٹو** : جناب والا! میں اس کا جواب دے چکا ہوں کہ جس شخص کو آپ کرکٹ کنٹرول بورڈ کا چیف ایگزیکٹو appoint کرتے ہیں، اس کو اختیارات دینا مناسب سمجھیں گے یا اس کے بعد کسی اور کو اختیار دینا مناسب سمجھیں گے۔ اگر وہ شخص فیصلے ٹھیک نہیں کر رہا ہے تو اس کو تبدیل کرنا تو اپنی جگہ بجا ہے، لیکن جس شخص نے جو فیصلہ کرنا ہے، اگر ہم یہ کہیں گے کہ ہم جو رائے دے رہے ہیں، وہ فیصلہ آخری ہے۔ ہاں البتہ اگر کوئی فاضل ممبر کسی شخص کو اس قابل سمجھتا ہے تو وہ ان کا نام بھجوا دے، ان سے کہیں گے کہ وہ اسے بھی consider کر لیں لیکن آخری فیصلہ تو بہرکیف چیف ایگزیکٹو کا ہو گا۔

**جناب چیئرمین** : جی مولانا فضل محمد صاحب۔

**مولانا فضل محمد**: جناب والا! سوال تین حصوں پر مبنی ہے، جواب صرف دو حصوں کا دیا ہے، یہ جزو "ب" جو ہے، مذکورہ عہدیداران کو کن شرائط پر بھرتی کیا گیا ہے، اس کے جواب کا تو بالکل نام و نشان ہی نہیں ہے۔

**جناب چیئرمین**: نہیں مولانا صاحب! جزو "ب" کے بارے میں لکھا ہوا ہے کہ 3750 ڈالر per month تنخواہ ہے اس کی، اس کی شرائط لکھی ہوئی ہیں، یہ اس کی ماہانہ تنخواہ ہے، اور single room ہوٹل دیا گیا ہے، پچاس ڈالر per day دیں گے، ایئر ٹکٹ دیں گے۔ یہی شرائط ہیں۔ جی جناب حسین شاہ راشدی صاحب۔

**جناب حسین شاہ راشدی**: جناب والا! کیا وزیر صاحب فرمائیں گے کہ یہ ڈاکٹر مذہباً یہودی ہے، عیسائی ہے یا کسی اور مذہب سے تعلق رکھتا ہے۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو**: جناب والا! بریفنگ میں مجھے یہی بتایا گیا ہے کہ وہ یہودی ہے۔

**جناب چیئرمین**: جی جناب ڈاکٹر اسمٰعیل بلیدی صاحب۔

**ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی**: جناب والا! میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ہماری جان کب تک یہودیوں سے چھڑا دیں گے۔ جبکہ ہمارے ملک میں مسلمان ڈاکٹر موجود ہیں، اس ملک کو کب تک ان یہودیوں سے نجات دلائیں گے۔ میں یہ بھی پوچھنا چاہوں گا کہ بغیر یورپ کے ان کا گزارہ کیوں نہیں ہوتا ہے۔ لہذا میں یہ کہتا ہوں کہ یہ بار بار کا جو سلسلہ ہے اس کو ختم کریں۔ اہم اداروں کے سربراہ آپ contract basis پر کیوں رکھتے ہیں۔ اس ڈاکٹر کی تنخواہ سوا دو لاکھ ہے، یہاں پر آپ کو پچاس ہزار میں doctors available ہیں، تو کیا وجہ ہے کہ آپ یہودیوں سے ہماری جان نہیں چھڑاتے ہیں؟

**میاں محمد یٰسین خان وٹو**۔ آپ ایسے ارشاد فرما رہے ہیں، ایک چیف ایگزیکٹو نے 1995ء میں، ہماری حکومت کے آنے سے کتنے ہی سال پہلے اس شخص کو appoint کیا ہے اور اب جب یہ ہمارے نوٹس میں آیا ہے، ہم نے پتہ کروایا ہے تو ہمیں انہوں نے اطلاع دی ہے کہ جنوری 1995ء میں اس کو appoint کیا گیا تھا۔ اب ہم دیکھ رہے ہیں کہ کوئی اور اس سے بہتر

شخص مل جائے تو ہم اس کو appoint کر لیں، اس میں اس قسم کا تاثر دینا صحیح نہیں ہے۔ ہاں البتہ objective conditions کے مطابق میں یہ عرض کروں گا کہ ہمیں سارے حالات کو مدنظر رکھ کر یہ دیکھنا چاہیئے کہ اس کی جو nationality ہے، اس کا جو religion ہے، اس کی جائے پیدائش ہے، ان سب کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں یہ چاہیئے کہ ہم اپنی objective conditions کے مطابق کسی کو appoint کریں۔

**جناب چیئرمین:** جی سرانجام خان صاحب۔

**جناب سرانجام زمیندار:** جناب والا! یہ جو وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ آدمی یہودی ہے تو جب اس کو بھرتی کیا گیا، اس کے خلاف تو انکوائری ہونی چاہیئے، کم از کم اس ملک میں یہودیوں کو تو نوکریاں نہیں ملیں۔ یہ تو ہمارا دینی مسئلہ ہے، ہم نے یہودیوں کو تو recognize ہی نہیں کیا ہے اور یہاں پر ہم ان کو لاکھوں روپے کے حساب سے تنخواہ دے رہے ہیں۔ جس نے اس شخص کو appoint کیا ہے اس شخص کے خلاف انکوائری ہونی چاہیئے اور وہ اس ہاؤس کے سامنے پیش ہونا چاہیئے۔

**جناب چیئرمین۔** جی. Minister for Parliamentary Affaris۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب والا! میں اس سلسلے میں تفصیل پتا کر کے ایوان کو بتاؤں گا۔

**جناب چیئرمین۔** O.K جی۔ جی جناب عاقل شاہ صاحب۔

**سید عاقل شاہ۔** پہلی بات تو یہ ہے جیسا کہ میرے دوست جناب شفقت محمود صاحب نے فرمایا کہ ایسے لوگ ان کے ساتھ اتنا time دے سکتے ہیں تو میں آپ کو بتانا چاہوں گا کہ پاکستان میں کئی ایسے doctors ہیں جو اس تنخواہ پہ they would be obliged تقریباً دس گھنٹے بھی دن کے دے سکتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے جناب! اس میں اگر دیکھیں تو انہوں نے سوال کے اگلے حصے میں یہ بتایا ہے کہ اس کو Chief Executive پاکستان کرکٹ بورڈ نے appoint کیا ہے۔ .Now one person cannot appoint یہ اگر پاکستان کرکٹ بورڈ appoint کرتا ہے تو ایک آدمی اس طرح appoint کر رہا ہے۔ اس کے متعلق بتایا جائے اور تیسرا یہ مجھے یہ بتایا جائے کہ اس وقت sports کا portfolio کس کے پاس ہے۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب ! اس وقت کوئی مقرر وزیر نہیں ہے جس میں وزیر مقرر نہ ہو وہ portfolio وزیر اعظم کے پاس ہوتا ہے اور جو دوسرا سوال انہوں نے فرمایا ہے اس سلسلے میں میں نے بھی briefing میں محکموں کو ہدایت کی تھی کہ آپ پتا کر کے بتائیں کہ کرکٹ کنٹرول بورڈ کی جنرل کونسل نے اسے کیوں approve کیا ہے تو اس سلسلے میں جواب یہ دیا گیا تھا کہ اس میں rectification کی ضرورت نہیں ہوتی یہ Chief Executive کا ہی اختیار ہے اور اس کے بعد کونسل نے اس پر کبھی اعتراض نہیں کیا۔ یہ اطلاع آئی ہے باقاعدہ confirmation ان کی طرف سے۔

**جناب چیئرمین۔** میرے خیال میں movers بہت ہو گئے ہیں۔ O.K جی اس کے لئے ضروری یہ ہو گا کہ آپ کرکٹ بورڈ کا Constitution دیکھیں۔

**سید عاقل شاہ۔** مجھے پتا ہے۔

**جناب چیئرمین۔** اچھا ' پتا ہے تو پھر وزیر صاحب کو دے دیں گے۔

**سید عاقل شاہ۔** جناب میں بتا دوں گا۔

**جناب چیئرمین۔** O.K . 144 ڈاکٹر اسماعیل بلیدی صاحب ' جی answer taken as read, supplementary question.

*144. **Dr. Muhammad Ismail Buledi:** Will the Minister for Water and Power be pleased to state;

(a) whether it is a fact that the complaints registered in WAPDA Complaint Office, Sub-Division ,Pirwadhai, Rawalpindi are not attended in time, if so, its reasons; and

(b) the number of transformers installed in Khayaban-e-Sir Syed Colony, Rawalpindi and whether it is a fact that these transformers are not functioning properly if so, its reasons and the time by which these transformers will be repaired/replaced?

**Mr. Gohar Ayub Khan:** (a) Every effort is made to address complaints in WAPDA complaint office Pirwadhai Sub-Division.

(b) 74 transformers of different capacities as given below have been installed on 11 KV Line, providing electricity to 6032 consumers;

| S.No. | Capacity of T/formers | No. T/formers |
|---|---|---|
| 1. | 22 KVA | 45 |
| 2 | 100KVA | 23 |
| 3. | 50 KVA | 06 |

*(All these transformers are functioning properly)*

**ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔** جناب چیئرمین صاحب! کیونکہ State Minister موجود نہیں ہیں حلیم صدیقی صاحب اور سب سے پہلے میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور با اختیار منسٹر حلیم صدیقی بلیدا تشریف لائے 16 تاریخ کو اور جو لائٹین کا مسئلہ تھا وہ آپ کی توجہ دینے کے بعد جناب نے جو میری help کی' میں ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ خود بلیدا 16 کو آئے اور لائٹین کا مسئلہ حل کر کے اس نے اعلان کیا کہ within three months villege Buleda کو ہم بجلی فراہم کریں گے۔

**جناب چیئرمین۔** آپ کو مبارک ہو۔

**ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔** تو اس نئے میں اس میں supplementary کرنا چاہتا ہوں کہ آیا اس نے جو اعلان کیا ہے State Minister نے' کیا اس کا approval دے دیں گے یا نہیں۔

**جناب چیئرمین۔** جی. Minister for Water and Power

**جناب گوہر ایوب خان۔** جناب جو Minister of State نے وعدہ کیا ہے I stand by it, it is with full authority of the Minister اور انشاء اللہ honourable Senator کے ساتھ ہمارا contact بھی ہے لیکن سوال تو بالکل مختلف ہے جناب۔ یہ پیر ودھائی کا ہے اور وہ بلوچستان کا ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی فرمائیے جی۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ جناب ایک منٹ جی۔ اس میں ایک point زیادہ کرنا چاہتا ہوں کہ جو پیر ودھائی کا مسئلہ ہے، چونکہ یہاں ایک بڑا اسٹیشن ہے transport کا، پورے ملک میں یہاں سے transport supply ہوتی ہے تو یہاں لوگوں کو بہت شکایتیں ہیں کہ بجلی تین چار گھنٹے کے لئے بند ہو جاتی ہے تو جب وہ محکمے والوں سے رابطہ کرتے ہیں تو کوئی سنتا نہیں ہے۔ انہوں نے یہاں جواب دیا ہے کہ وقتی طور پر ہم action لیتے ہیں ۔ میں گوہر ایوب صاحب سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ وہ اپنے محکمے کی باتوں پر depend نہ کریں۔ وہ خود inquiry کریں کہ کوئی دھیان نہیں دیتاہے۔ شکایت کے باوجود مسائل اسی طرح پڑے ہوئے ہیں اور یہ صرف زبانی دو پیرا گراف میں لکھا ہے کہ اب کوئی شکایت نہیں ہے۔ مگر وہاں لوگوں کو کافی شکایت ہے اور یہ پیر ودھائی یہاں سے قریب ہے۔ آپ جا کرکھلی کچہری کریں آپ کو پتا چلے گا کہ وہ چیختے ہیں کہ وہاں چار چار گھنٹے بجلی بند ہے تو لوگوں کو بڑی شکایتیں ہیں۔ لہٰذا، آپ بھی اپنے محکمے کو ہدایت جاری کریں کہ آئندہ شکایت نہیں ہونی چاہئیے۔

جناب چیئرمین۔ جی. Minister for Water and Power.

جناب گوہر ایوب خان۔ جناب چیئرمین صاحب! میں نے آج صبح ہی تمام check کیا تاکہ absolutely up to date ہونا چاہئیے جو average complaints روزانہ آتی ہیں، 24 آتی ہیں جو ہم ان کو attend کرتے ہیں، 24 straightaway attend کرتے ہیں۔ اسی طرح پہلے ہمارا پرانا ٹیلیفون نمبر جو complaints کا تھا وہ 274924 تھا اور اب یہی نمبر خیابان سرسید میں shift ہو گیا ہے اور جو ٹرانسفارمرز ہیں میں نے تمام چیک کرائے ہیں تمام ٹرانسفارمرز as of coming one hour before here sir, they are all functioning properly. ہوسکتا ہے کوئی پرانا ہو، ٹرپ ہو جائے یا اوور لوڈ ہو جائے تو لوڈشیڈنگ ہو I cannot vouch for that لیکن all the transformers listed یہ پیچھے جو ہیں where as تقریباً ہیں 200kv کے 45 اور 100kv کے 23 اور 50kv کے 6 یہ تمام کام کر رہے ہیں ۔

جناب چیئرمین: قائم علی شاہ صاحب۔

سید قائم علی شاہ : یہ انہوں نے بتایا ہے کہ 74 ٹرانسفارمرز ہیں 60000 تقریباً

consumers کو cover کر رہے ہیں اور منسٹر صاحب یہ بتائیں کہ 100kv کا ایک ٹرانسفارمر کتنے consumers کو cover کرتا ہے average پورے پاکستان کے لئے categorically بتائیں ۔

جناب چیئرمین: جی گوہر صاحب۔

Mr. Gohar Ayub Khan: Sir, it depends on the load.

اگر وہاں ویلڈنگ شاپس ہیں یا بھٹی لگی ہوئی ہے یا industry ہے 100 KV it will vary. ایک فیکٹری کے لئے بھی پورا نہیں ہوگا it depends on the load رورل ایریاز میں اگر ہزار کی آبادی ہو تو اس کو تقریبا cover کر لیتا ہے ۔

جناب چیئرمین: شیخ رفیق صاحب۔

Mr. Rafiq Ahmad Sheikh: I hope that average is not like that.

کہ چار دن تو آٹھ آٹھ سو complaints ہیں اور پھر پندرہ دن دو کی average ہے the complaints' average really represents the average...

جناب گوہر ایوب خان : ہوسکتا ہے جناب ایک دن ایک دو ٹرانسفارمرز اگر mal-function کرتے ہیں complaints بڑھ جائیں گی this is the average.

Mr. Chairman: Ok. Next question 145 Ismail Buledi Sahib. Next question. Answer taken as read supplementary question

*145. Dr. Muhammad Ismail Buledi: Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state the number of persons working in the Pakistan State Oil, with their grade-wise and province-wise breakup?

Ch. Nisar Ali Khan: As per Annex-A.

**Annex-A**

# PAKISTAN STATE OIL COMPANY LIMITED

## GRADE WISE & PROVINCE WISE BREAK-UP OF MANAGEMENT EMPLOYEES

| GROUP | PUNJAB | BALUCHISTAN | SIND URBAN | SIND RURAL | NWFP | FATA | AZAD KASHMIR | TOTAL |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| GROUP-1 & ABOVE | 5 | - | 7 | - | 1 | - | - | 13 |
| GROUP-2 | 13 | - | 28 | 1 | 6 | 1 | - | 49 |
| GROUP-3 | 18 | 1 | 32 | 5 | 4 | 1 | - | 61 |
| GROUP-4 | 21 | 2 | 51 | 11 | 8 | - | - | 93 |
| GROUP-5 | 59 | 2 | 83 | 14 | 24 | 2 | - | 184 |
| GROUP-6 | 72 | 6 | 94 | 23 | 25 | 4 | 1 | 225 |
| GROUP-7 | 84 | 2 | 103 | 34 | 26 | 3 | 1 | 253 |
| TPS TRAINEES | 20 | 2 | 18 | 16 | 12 | 1 | 1 | 70 |
| TOTAL | 292 | 15 | 416 | 104 | 106 | 12 | 3 | 948 |

# PAKISTAN STATE OIL COMPANY LIMITED

## SALARY SCALE & PROVINCE WISE BREAK-UP OF NON-MANGEMENT STAFF

| Salary Scale | Punjab | Balochistan | Sindh Urban | Rural | NWFP | FATA | Azad Kashmir | Total |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 126 | 6 | 111 | 24 | 37 | 8 | 4 | 316 |
| 2 | 105 | 3 | 64 | 11 | 63 | 5 | 2 | 253 |
| 3 | 60 | - | 41 | 8 | 24 | 1 | 3 | 137 |
| 4 | 165 | 2 | 107 | 2 | 101 | 11 | 16 | 404 |
| 5 | 103 | - | 144 | 24 | 61 | 3 | 6 | 341 |
| 6 | 45 | 1 | 80 | 5 | 12 | - | 1 | 144 |
| 7 | 20 | 1 | 33 | 2 | 4 | - | - | 60 |
| 8 | 58 | - | 95 | 2 | 7 | 2 | 3 | 167 |
| Total | 682 | 13 | 675 | 78 | 309 | 30 | 35 | 1822 |

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: یہاں انہوں نے جو تفصیل دی ہے کہ groupwise,
province wise کتنے PSO میں ملازم ہیں۔ تو جو management employees ہیں ان میں گروپ ون ٹو میں تو کوئی بھی نہیں ہے بلوچستان کا۔ نمبر تین میں صرف ایک ہے اور out of 948 کے اندر صرف پندرہ ملازم بلوچستان سے ہیں اور non-management staff سے 1822 کے against اس میں صرف ہمارے بلوچستان کے تیرہ ہیں - تو میں یہ وزیر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب وہ بار بار کہتے ہیں کہ بلوچستان کو ہم ترقی دینا چاہتے ہیں اور بلوچستان کو برابر کا حصہ دینا چاہتے ہیں تو practically ہم جو دیکھ رہے ہیں وہ تو اپنی جگہ ہمیں 5% or 2% بھی حصہ نہیں دیا جاتا ہے ہر فیلڈ میں ہر محکمے میں۔ تو میں کہتا ہوں کہ وزیر صاحب چونکہ سب وزیروں سے بااختیار وزیر ہیں اور میاں صاحب کے خاص بندے ہیں تو اگر یہ اپنے محکمے میں بھی ہماری حق تلفی کریں کہ PSO کے اندر صرف 1000 میں سے ہمیں 15 ملیں اور 1822 کے against ہمیں صرف تیرہ ملازمین ملیں تو میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ چار اکائیوں کی وحدت جو وفاق ہے اس میں آخر بلوچستان کا قصور کیا ہے، ہمارے پاس کیا qualified لوگ نہیں ہیں۔ لوگ نوکری کے لئے در بدر پھر رہے ہیں اور یہ مسئلہ ہمیں وزیر صاحب کس طرح سمجھائیں گے۔ اور اس کو کب تک clear کریں گے اور میں بلکہ یہ بھی کہوں گا کہ اس طرح وہ نہ کریں جو سینئرز بلوچستان سے ہیں ان کو ساتھ بٹھائیں اور ان کو باقاعدہ وہ بتائیں کہ what is the reason?

Mr. Chairman: Minister for Petroleum.

چوہدری نثار علی خان: جناب چیئرمین! میرا خیال ہے یہ چوتھی دفعہ ہے کہ I have been privileged to hold the position of Minister for Petroleum and Natural Resources. یہ جو چار میرے tenures ہیں ان میں جو ٹوٹل بھرتی ہوئی ہوگی وہ سو سے زیادہ نہیں ہوئی ہو گی۔ میں اپنے چار ادوار کی بات کر رہا ہوں اور اس کا ریکارڈ میں پیش کر دیتا ہوں۔ نمبر ایک وہ میرٹ پر ہوئے۔ نمبر دو اس میں صوبے کے کوٹے کو مدنظر رکھا گیا - اب سالہا سال سے جو distortion آ رہی ہے جو reflected ہے اس جواب میں اور خاص طور پر جو 1993-96 تک بھرتی ہوئی تمام مادر پدر آزاد بھرتی ہوئی اس کا بھی ریکارڈ میں ایوان کے سامنے پیش کر دیتا ہوں۔ اس میں کوئی صوبائی کوٹہ مدنظر نہیں رکھا گیا تو اس کا جواب میرے پاس نہیں ہے مگر

میں ساتھ ساتھ یہ بھی وضاحت کر دوں کہ سینڈک پراجیکٹ جو میرے سب سے پہلے دور میں conceive ہوا' approve ہوا اور میرے جو دو تین ادوار ہیں اس میں اس پر کافی کام ہوا ہے اس میں 95% لوگوں کا تعلق بلوچستان سے ہے اس کی بھرتی اکثرو بیشتر میرے دور میں ہوئی ۔ اس میں پنجاب کے میرے خیال میں پانچ فیصد بھی نہیں ہوں گے ۔ سندھ کے چند فیصد ہوں گے ' چنانچہ مسئلہ یہ ہوا کہ پچاس سال کی جو distortion آئی ہے اس کو درست کرنے میں تھوڑا سا وقت لگتا ہے ۔

دوسری بات یہ ہے کہ جو پروجیکٹ ایک صوبے میں ہوتا ہے' مثال کے طور پر آپ اس میں دیکھیں گے کہ پاکستان سٹیٹ آئل میں سندھ کا حصہ بہت زیادہ ہے یعنی 50 per cent سے بھی زیادہ ہے۔ لہذا یہ قدرتی بات ہے کہ PSO is based in Sindh اس میں زیادہ حصہ لوکل ہوگا ۔ سینڈک پروجیکٹ is based in Balochistan اس میں زیادہ حصہ بلوچستان کا ہوگا ۔ OGDC is not based in Balochistan مگر ان کے کوٹے سے ڈبل ان کو وہاں employment ملی ہوئی ہے تو یہ overall distortions آتی ہیں' ان کو درست کرنے میں کئی سال لگیں گے ۔

**چوہدری محمد انور بھنڈر۔** جناب والا! میں ایک گزارش کرنا چاہتا ہوں اور اس ضمنی سوال کے ذریعے سے یہ بھی ایوان کے سامنے لانا چاہتا ہوں کہ total strength 948 تھی' پنجاب کی 292 اور ہر روز یہ کہا جاتا ہے کہ پنجاب کی نمائندگی زیادہ ہے۔ یہاں ملاحظہ فرمالیں یہ انہوں نے درست فرمایا کہ یہ سندھ based ہے لیکن Sindh based ہونے کے ناطے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہاں پانچ سو ہوں اور پنجاب کا حصہ صرف 292 ہو ۔ یہ disparity کیوں ہے ؟ شاید وہ کہیں کہ میں نے جواب دے دیا ہے کہ چونکہ یہ Sindh based ہے لیکن یہ disparity which has been created اس کا کیا علاج ہے ؟

**چوہدری نثار علی خان۔** جناب والا! انور بھنڈر صاحب میرے بزرگ ہیں ' بڑے senior parliamentarian ہیں اور میں بلاجھجک یہ کہوں گا کہ وہ پنجابی سے زیادہ پاکستانی ہیں ۔ میرا خیال ہے کہ مجھ سے بہتر اس کا جواب وہ دے سکتے ہیں ۔ اب صوبائیت کی ہر طرف سے آوازیں آ رہیں ہیں تو کم از کم اگر پنجاب بڑا بھائی ہونے کے ناطے تھوڑا بہت suffer بھی کر لے تو اس کو اتنا بڑا مسئلہ نہیں بنانا چاہیئے۔

جناب چیئرمین۔ سوال نمبر 146۔

*146. **Dr. Abdul Hayee Baloch:** Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state;

(a) the total number of sui-gas connections provided in different areas of Faisalabad during the last 5 years with year-wise break-up: and

(b) the total number of applications pending for sui-gas connections in those areas?

**Ch. Nisar Ali Khan:** (a) The total number of gas connections provided in different areas of Faisalabad during the last 5 years are given as follows:-

| Fiscal Year. | | No of gas connections provided. |
|---|---|---|
| 1993-94. | | 13130 |
| 1994-95. | | 16013 |
| 1995-96. | | 11722 |
| 1996-97. | | 9789. |
| 1997- 98. | | 6450. |
| | Total: | 57104 |

(b) The total number of applications for gas connections pending in these areas is 26408.

جناب چیئرمین۔ ضمنی سوال ۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ۔جناب میرا وزیر موصوف سے ضمنی سوال ہے کہ اس وقت بھی فیصل آباد میں 26408 درخواستوں پر عملدرآمد نہیں ہوا اور کم و بیش یہی صورتحال سارے ملک کی ہے۔ اسلام آباد میں بھی لوگ گیس کنکشن کے لئے سفارشیں کرواتے ہیں ۔ یہ تو اسلام آباد کا حال ہے اور جو دوسرے بڑے بڑے شہر ہیں، پورے پاکستان میں ان کے ساتھ یہی حشر

ہے۔ میرا ضمنی سوال ہے کہ آخر یہ جو گیس کی ضرورت ہے، جب لوگ اس کے لئے رقم ادا کرتے ہیں اور ان کو ڈیمانڈ نوٹس مل جاتا ہے تو اس کے بعد وہ دفتروں کے چکر لگاتے رہتے ہیں، سفارشیں ڈھونڈتے ہیں۔ یہ سلسلہ وزیر صاحب ختم کیوں نہیں کرتے تاکہ لوگوں کو گیس ملے جبکہ ڈیمانڈ نوٹس ملا ہے اور گیس لوگوں کو مفت تو نہیں دی جاتی۔ اس سے آمدنی ہوتی ہے اور کمپنی کو اس سے زیادہ فائدہ ہوگا اور لوگوں کو بھی فائدہ ہوگا۔ میری گزارش یہ ہے کہ پورے پاکستان میں جہاں بھی لوگوں نے گیس کنکشن کے لئے درخواستیں دی ہیں ان پر غور کیا جائے اور ان کو گیس مہیا کی جائے تاکہ عام شہریوں کو گیس کی سہولت ملے اور وہ اپنی ضروریات پوری کر سکیں۔

**چوہدری نثار علی خان۔** جناب چیئرمین! اس سلسلے میں ایک واضح سا جواب ہے کہ جب supply and demand میں فرق ہو گا، supply کم ہوگی اور demand زیادہ ہوگی تو ظاہر ہے کہ waiting period ہو گا۔ ہمارے پاس اتنی گیس نہیں ہے کہ پورے پاکستان میں ہم کم از کم وقت میں گیس مہیا کر سکیں۔ اس وقت بھی پورا پاکستان ایک طرف اور جہاں گیس ہے وہ ایک طرف، تقریباً" بارہ سے لے کر چودہ فیصد پاکستان کی آبادی کے پاس اس وقت گیس ہے۔ 88 or 86% پاکستان کی آبادی اس وقت گیس کے بغیر ہے۔ ان تک گیس پہنچانے میں ہمیں وقت لگے گا۔ اس کے لئے ہمیں گیس کے نئے resources بھی ڈھونڈنے پڑیں گے، ہمیں اس سلسلے میں سرمایہ بھی بہت زیادہ درکار ہے۔ ہم اپنے طور پر یہ کوشش کر رہے ہیں، ہم نے نئی اسکیمیں لائی ہیں، ہم import of gas کے دو بڑے projects پر کام کر رہے ہیں۔ ہم نے exploration activity بڑھائی ہے جس کے نتیجے میں اللہ کی مہربانی سے ہمیں پچھلے سوا سال میں 16 نئی discoveries ہوئی ہیں۔ مگر، ان نئی discoveries کو سپلائی پر لانے کے لئے تھوڑے وقت کی ضرورت ہوتی ہے۔

(اس موقع پر چوہدری محمد انور بھنڈر صاحب کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

**چوہدری نثار علی خان:** جہاں تک ان کی اس بات کا تعلق ہے کہ connections زیادہ ہونے چاہئیں، جناب چیئرمین! یہ Economic Committee of the Cabinet govern کرتی ہے، determine کرتی ہے اور identify کرتی ہے کہ ایک سال میں کتنے gas connections دیئے

جائیں گے۔ باوجود اس کے کہ Economic Committee of the Cabinet نے ایک فیصلہ کیا، ہم اس فیصلے سے بھی بڑھ کر، گویا ہم اپنی طاقت سے بڑھ کر gas connections دے رہے ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ میں یقین دلاتا ہوں، میں کل بھی اس سلسلے میں ایک میٹنگ کر رہا ہوں، مجھے احساس ہے عوام کی مشکلات کا، مگر آپ سب کو یہ بھی احساس ہونا چاہیئے کہ یہ پچھلے شاید بیس سال میں پہلی دفعہ ہے کہ دو سال ہماری حکومت کے اقتدار کو ہوگئے ہیں، ہم نے دو سال میں گیس کی قیمتیں نہیں بڑھائیں۔ We inheritted two gas companies which were on the verge of bankruptcy. ہم نے کوشش کی ہے administrative expenditure کم کرنے میں، ہم نے کوشش کی ہے pilferage کم کرنے میں، میں نے یہاں گزارش کی پچھلے rota day پر کہ ہم نے تقریباً ڈھائی ارب روپے کی چوری پکڑی ہے، recovery کی ہے، ہم نے تقریباً دو ارب کے قریب ---، یہ exact figures نہیں ہیں، تھوڑے بہت آگے پیچھے ہوسکتے ہیں، مگر تقریباً دو ارب روپے کے قریب ہم نے administrative cost کم کی ہے، ہم نے نئی تنخواہوں پر مکمل پابندی لگادی ہے۔ میں نے ان لوگوں سے گاڑیاں لے لی ہیں، ان سے ان کے موبائل ٹیلیفونز لے لئے ہیں۔ ان کے sources of privilege لے لئے کیونکہ ہم نے ان کو کہا ہے کہ ملک اس وقت مشکل میں ہے۔ مجھے پتہ ہے کہ کتنی مشکل سے سوئی نادرن اور سوئی سدرن کو ہم کوشش کر رہے ہیں to keep them afloat. اپنے گزشتہ چار tenures میں میں نے ایک بھی میٹنگ شیئر نہیں کی، سوئی نادرن یا سوئی سدرن کی۔ پچھلے دو سال میں بطور منسٹر میں کوئی دس میٹنگز share کر چکا ہوں

to give them the line and by the grace of God without an increase in tariff we have managed to improve the economic health of both the companies. We have managed to decrease the defecit of both the companies. We have managed to increase the number of gas connections

انشاء اللہ تعالیٰ مجھے امید ہے کہ ہم اور improvement آئندہ چند مہینوں میں لائیں گے اور میں خاص طور پر ایک نئی سکیم لا رہا ہوں نئے گیس کنکشن کے لئے جس سے مجھے امید ہے کہ بہت ساری مشکلات عوام کو جو اس سلسلے میں درپیش ہیں، ان میں کمی ہوگی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : جی حاجی گل آفریدی۔

حاجی گل آفریدی : میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آنے والی سردیوں میں گیس کی لوڈشیڈنگ ہوگی اور خاص طور پر صوبہ سرحد میں گیس کی لوڈشیڈنگ اس دفعہ ہوگی یا نہیں ہوگی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : فیصل آباد کے متعلق یا جنرل پوچھ رہے ہیں کیونکہ یہ سوال فیصل آباد کے بارے میں ہے۔

حاجی گل آفریدی : جناب چیئرمین، یہ سوئی گیس کی بات ہے اس لئے سارے پاکستان کا مسئلہ ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : یہ سوال فیصل آباد کا ہے۔

حاجی گل آفریدی : جناب چیئرمین، یہ پورے ملک کا وزیر ہے فیصل آباد کا نہیں ہے۔ اور سارے پاکستان کے متعلق یہ جواب دے سکتے ہیں کہ لوڈ شیڈنگ ہوگی کہ نہیں ہوگی خاص طور پر صوبہ سرحد میں ہوگی یا نہیں ہوگی۔ یہ تو منسٹر فار پاکستان ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : منسٹر فار پاکستان تو ہیں لیکن سوال تو relevant ہونا چاہیئے۔

حاجی گل آفریدی : جناب چیئرمین میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں کہ اس ایوان میں جس جگہ کا سوال ہو، صرف اسی کا پوچھنا چاہیئے باقی کسی کا نہیں پوچھا جا سکتا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : جی منسٹر صاحب۔

چوہدری نثار علی خان : سر معزز سینیٹر کہہ رہے ہیں کہ فرنٹیئر میں گیس کا لوڈشیڈنگ ہوتا ہے باقی ملک میں تو گیس کی لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے۔ تو فرنٹیئر میں شاید ہوتا ہوگا مگر نہ ہوتا ہے نہ ہوتی ہے، جناب چیئرمین ! میں گزارش کر دوں کہ یہ ایک misconception ہے۔ گیس کی لوڈ شیڈنگ ہو نہیں سکتی اور نہ ہی گیس کی لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے اس کی بنیادی وجہ یہ ہے۔

Mr. Presiding Officer : No interruption please.

چوہدری نثار علی خان : جناب چیئرمین ! معزز سینیٹر جس پرابلم کا ذکر کر رہے ہیں

وہ intentional نہیں ہوتی۔ جب winter میں بہت زیادہ demand بڑھتی ہے اور ہماری جو سپلائی ہے اس سے کئی گنا، تین اور چار گنا زیادہ demand بڑھ جاتی ہے، جب بہت زیادہ سردی پڑتی ہے تو تین اور چار گنا زیادہ demand بڑھ جاتی ہے۔ ہم کوشش کرتے ہیں اسے meet کرنے کی۔ ہم انڈسٹری کو بند کرتے ہیں، ہم fertilizer plants جو ہم عام حالات میں بند نہیں کرتے ان کو بھی بند کرتے ہیں۔ Industrial units کو ہم گیس کی سپلائی کم کردیتے ہیں، اور اپنے ذرائع سے ہم کوشش کرتے ہیں کہ جو domestic supply ہے اس میں کمی نہ آئے مگر اس کے باوجود جب بہت ہی زیادہ کبھی سردی پڑتی ہے تو پریشر بہت بڑھتا ہے تو tail areas یعنی جو آخر میں ایریاز آتے ہیں وہاں گیس کی سپلائی خود بخود because of low compression کم ہو جاتی ہے۔ وہ because of low compression کی وجہ سے ہوتی ہے اور وہ intentional نہیں ہوتی ہے۔ It is not like loadshedding in water and power . It is totally non-intentional. اس میں ہم کوشش یہ کر رہے ہیں کہ آئندہ اس compression میں خاص طور پر جو tail areas ہیں اس میں کمی نہ آئے۔ We are working on a strategy and I am hopeful کہ یہ شکایت آہستہ آہستہ دور ہو جائے گی۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** جناب سیف اللہ پراچہ۔

**جناب سیف اللہ خان پراچہ۔** جناب والا! وزیر صاحب نے کہا ہے کہ یہ کارخانوں کو بند کر دیتے ہیں اور ترجیح domestic کو دیتے ہیں۔ اگر national output آپ کم کر دیں گے تو inflation ضرور ہو گا۔ جب یہ domestic کو over production preference دیں گے تو پھر national economy کا کیا حشر ہو گا۔

**چوہدری نثار علی خان۔** جناب والا! اس پر بحث تو مشکل ہی ہو سکتی ہے کہ priority کس کی ہے مگر آخر اس ملک کے عوام کو یہ بھی حق ہے کہ ان کا چولہا ٹھنڈا نہ ہو، کم از کم صبح شام دو وقت کا کھانا تو وہ پکا سکیں۔ انڈسٹری کے پاس تو اور بھی options ہیں، وہ بجلی پر جا سکتے ہیں، fuel, oil پر جا سکتے ہیں یا کسی اور option پر لیکن ایسا کبھی نہیں ہوتا کہ ہم اچانک کسی کی گیس بند کر دیتے ہیں۔ شروع سے یہ طریقہ کار رہا ہے کہ winter month میں چونکہ گیس کی کمی ہوتی ہے تو normally جو بھی انڈسٹریل گیس connections

دیئے جاتے ہیں وہ nine months basis پر ہوتے ہیں، وہ گیس connections ہی نو مہینوں کے لئے ہوتے ہیں تو جو industrial users ہوتے ہیں انہیں معلوم ہوتا ہے کہ نو مہینے ہمارے لئے گیس ہو گی اور تین مہینے کے لئے وہ اپنے alternatives کا بندوبست کرتے ہیں اور چونکہ پاکستان میں گیس کی کمی ہے اور ہم نے عام آدمی کو بھی اسکی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے گیس مہیا کرنی ہوتی ہے، اس لئے میرا یہ خیال ہے کہ یہ ایک بہتر option ہے۔

**جناب الیاس احمد بلور۔** جناب والا! معزز وزیر صاحب نے تو کہہ دیا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ تین مہینے کے لئے تو انڈسٹری کو بالکل گیس بند کی جاتی ہے اور agreement بھی کیا جاتا ہے کہ نو مہینے کے لئے گیس ملے گی۔ حقیقت کی بات یہ ہے جیسے کہ پراچہ صاحب نے کہا کہ اس ملک میں totally 20% industry چل رہی ہے اور ملک میں اس وقت اتنا economic recession ہے جس کی کوئی limit نہیں ہے اور کل وزیر خزانہ صاحب یہ بڑے دعوے سے کہہ رہے تھے کہ انہوں نے trade deficit کم کر دیا ہے۔ جناب والا! import نہیں ہے اور economic recession ہے۔ جناب یہ بہتر ہوگا کہ انڈسٹریز کو بند نہ کیا جائے میری یہی التجا ہے کیوں کہ ملک میں totally 20% انڈسٹری چل رہی ہے۔

**چوہدری نثار علی خان۔** جناب والا! میں بالکل اس سے اتفاق کرتا ہوں اور یہ صرف ان کے point of view سے نہیں۔ سوئی گیس کی جو companies ہیں میں اس کی بھی وضاحت کر دیتا ہوں کہ جو ہم domestic consumer سے tariff charge کر رہے ہیں وہ نقصان میں کر رہے ہیں۔ ہم جس قیمت پر producers سے گیس خریدتے ہیں وہ اس قیمت سے زیادہ ہے جس پر ہم domestic consumer کو بیچ رہے ہیں۔ ہمیں در اصل پیسہ انڈسٹریل اور کسی حد تک commercial consumer سے آتا ہے۔ اگر commercial view point سے ہم دیکھیں تو پھر تو ہم کہیں گے کہ صرف industrial consumer کو گیس دیں مگر after all there has to be a public interest under consideration.

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** جی جناب رضوی صاحب۔

**جناب مصطفیٰ کمال رضوی۔** شکریہ جناب چیئرمین صاحب! ہمارے وزیر صاحب عموماً ہاؤس میں کم آتے ہیں اور آج ہماری خوش قسمتی ہے کہ وہ یہاں موجود ہیں۔ آپ کی

اجازت سے سوال نمبر 145 پر ضمنی سوال کرنا چاہتا ہوں اور

I would like to ask the Minister that it is of great importance to the people of our country that we spend millions of dollars to import different petroleum products in Pakistan. Now even the Ministry is encouraging gas stations which are using CNG which is compressed natural gas. W e are trying to promote this sort of product which will cut down the import bills of the country, millions and billions of dollars are spent in importing oil products from other places. We spent million of dollars to import different petroleum products to run our auto mobiles in pakistan.

جناب چیئرمین! میں آپ کی اجازت سے پوچھنا چاہوں گا کہ

even the Petroleum Ministry is encouraging Gas Stations which are using CNG. We are trying to promote this sort of product which will cut down that import bills of the country. Billions and billions of dollars are spent on importing oil products from other countries.

میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ

are they encouraging such sites and are they financing Pakistan State Oil which is establishing CNG Stations in different parts of the country?

Mr. Presiding Officer: This is not supplementary. It may be relevant to the Ministry of Natural Resources. Mr. Taj Haider.

جناب تاج حیدر: جناب وقفہ سوالات پورے ملک میں ٹیلیویژن نیٹ ورک پر دیکھا جاتا ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ محترم وزیر نے بڑی غلط بیانی سے کام لیا ہے۔ انہوں نے facts کو distort کیا ہے۔ میں ضروری سمجھتا ہوں کہ ان facts کو درست کیا جائے۔ آپ نے فرمایا کہ سینڈک پروجیکٹ۔

(مداخلت)

Mr. Presiding Officer: That should be a supplementary in the shape of a supplementary.

Mr. Taj Haider: These facts I want to be corrected

کیونکہ یہ بہت بڑا distortion of facts ہے۔ سینڈک پروجیکٹ ڈاکٹر مبشر حسن نے financially sanction کی تھی۔ ۱۹۷۴ میں Resource Development Corporation بنائی گئی تھی سینڈک پروجیکٹ کو develop کرنے کے لئے۔ اس کے بعد یہ تعطل کا شکار ہوئی' dictatorship کے دور میں۔ 30-12-89 کو محترمہ بے نظیر کی مرکزی حکومت نے محترمہ کی ہدایات پر اس کو approve کیا۔ پانچ اگست ۱۹۹۰ کو ہماری حکومت گئی۔ لیکن چائنہ سے ہماری negotiations وہاں تک پہنچ چکی تھی کہ اٹھارہ اگست ۱۹۹۰ کو جب کہ ملک میں caretaker حکومت تھی' جو معاہدہ negotiate کیا گیا تھا اس کے اوپر sign کئے گئے۔ سینیٹر جہانگیر بدر منسٹر تھے اس department کے۔ سینڈک پروجیکٹ کا credit یا تو شہید ذوالفقار علی بھٹو کو جاتا ہے یا محترمہ بے نظیر بھٹو کو جاتا ہے یا سینیٹر جہانگیر بدر کو جاتا ہے۔

Mr. Presiding Officer: This is not supplementary and the question hour is over now.

چوہدری نثار علی خان: میں وضاحت تو کر دوں ناں۔

Mr. Presiding Officer: Yes, if you so like.

چوہدری نثار علی خان: جناب I am not in the habit of playing a game of point scoring اور میں حیران ہوں کہ سینیٹر صاحب نے یہاں پر کھڑے ہو کر اس طرح سے بیان کر دیا۔ ساتھ ساتھ یہ بھی کہا کہ پورا ملک ٹی وی دیکھتا ہے۔ پورا ملک یقیناً ٹی وی دیکھتا ہے and they can separate facts from fiction. یہ ریکارڈ کا حصہ ہے کہ چودہ سال تک اس پروجیکٹ کا صرف نام لیا جاتا رہا۔ ڈاکٹر مبشر حسن کا انہوں نے نام لیا۔ چودہ سال سینڈک پروجیکٹ صرف نام کے طور پہ استعمال ہوتا رہا۔ For the first time in 1986 the Government of Muhammad Khan Junejo under whom I again happened to be the Minister of Petroleum revised this project. We invited bids اس میں چار کمپنیوں نے حصہ لیا۔ I don't want to take the time of this House مگر معزز سینیٹر تھوڑا سا صبر کریں۔ میں اس ایوان کا بھی ٹائم نہیں لینا چاہتا۔ میں آپ کو کہتا ہوں۔ میرا خیال ہے اس میں اتنی لمبی چوڑی بحث کی ضرورت بھی نہیں تھی۔ اگر معزز سینیٹر point score ہی کرنا چاہتے ہیں تو ایک کمیٹی

بنا لیں۔ They go into the details of this entire project اور یہ کب conceive ہوا۔ کب
approve ہوا۔ کب implement ہوا۔ میں کہتا ہوں the moment I took, over the project
was closed, even now غلام اسحاق خان کے دور میں ہم نے اس کو approve کیا۔ He was
مگر then the President, I mean he signed as President with the Chinese Government
صرف sign کرنے سے، صرف زبانی کلامی تقریر کر دینے سے، صرف یہ کہہ دینا کہ یہ approve
ہو گیا۔ اگر اسی طریقہ سے ایک project approve ہو جاتا ہے، implement ہو جاتا ہے تو پھر تو
میرا خیال ہے کہ کوئی ایسا project اس ملک میں نہیں رہے گا جو approved نہ ہو۔ دیکھیں اس
کے لئے پیسہ کس نے دیا۔ Chinese کو لایا کون۔ میں ان کو challenge کرتا ہوں۔ Chinese کو
میں لے کر آیا۔ اب صرف سینڈک پروجیکٹ کو کہنا کہ اس کو 1974 conceive میں کیا۔ It is a
fact that in 14 years, not a single government, Zulfiqar Ali Bhutto's government
and General Zia-ul-Haq's Government did not give a single rupee to this project.
سب سے پہلے محمد خان جونیجو نے اس کے لئے پیسے دیئے۔ It is a matter of record. یہ ایسی
چیز نہیں ہے کہ جو میری تقریر سے یا ان کی تقریر سے ڈھل جائے گی یا کسی طریقے سے اس کو
dilute کر دیا جائے گا

You form a committee and they go into entire history of this project and bring this report before the House that who is the author of this project

147. *Dr. Abdul Hayee Baloch: Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state;

(a) the criteria and procedure being adopted for the issuance of Demand Notices for sui-gas connection in Faisalabad; and

(b) whether it is a fact that the process for the issuance of demand notices has been made lengthy by involving Admn. Section therein, if so, its reasons?

---

The Question hour is over the remaining Questions and Answer takes as read and placed on the table of the House..

Ch. Nisar Ali Khan: (a) The criteria for issuance of demand notices is that the applications are processed on " first come first served basis" and the procedure adopted is given as following:

(i) The applicants submit applications for gas connection.

(ii) The Company arrange the survey of the premises according to the merit list of applications.

(iii) If the premises is on the existing gas distribution network then the proposal letter/demand notice is issued to the applicant by the Company according to merit list and within financial constraints.

(b) No.

148. *Dr. Abdul Hayee Baloch: Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state;

(a) the names of the localities in Faisalabad where ditching work has been carried out for laying gas pipe-line during the last two years indicating also the name of the contractor, date of completion of work and the expenditure incurred in each case, separately; and

(b) whether the competent authority has approved the laying of pipe line in Khayban Colony and Sanat Singh- Wala, Faisalabad, if so, its details?.

Ch. Nisar Ali Khan: (a) The requisite information is at Annexure-A.

(b) Yes. The laying of gas pipe-line for Khayaban Colony was approved by the Company after receipt of 100% cost from Welfare Society of Khayaban colony, gas pipe-line for Sanat Singh Wala was included in the gas distribution development budget for the year 1993-94 approved by the Board.

Annex-A

**SENATE Q.NO. 148 (PART-A)**

**NAME OF LOCALITIES OF FAISALABAD WHERE DITCHING WAS CARRIED OUT FOR LAYING OF GAS MAINS DURING F.Y. 1996-97 & 1997-98.**

F.Y. 1996-97

| S.NO. | NAME OF LOCALITY | NAME OF CONTRACOR | DATE OF COMPLETION | EXPENDITURE INCURRED |
|---|---|---|---|---|
| 01 | Dastgir Colony, Faisalabad. | M/s Iqbal Corporation | 29.12.1996 | Rs. 103606.48 |
| 02 | Mohallah Faizabad, East Fsd. | M/s Rafique & Company | 25.09.1996 | Rs. 91254.44 |
| 03 | Amin Town, Faisalabad. | M/s Iqbal Corporation | 27.11.1996 | Rs. 35140.00 |
| 04 | Liaqatabad No.1 & 2, Fsd. | i) M/s Sheikh Brothers<br>ii) M/s Ittefaq Corp. | 25.12.1996 | Rs. 92221.87<br>Rs. 661180.86 |
| 05 | Ramzanabad No. 1 & 2, Fsd. | M/s Aziz Corporation | 30.05.1997 | Rs. 117342.68 |
| 06 | Sharifpura/Sheraz Park, Fsd. | M/s Starlite | 02.07.1997 | Rs. 125095.00 |
| 07 | Marzipura/Wali Pura, Fsd. | M/s Khan Contractors | 26.07.1997 | Rs. 149935.00 |
| 08 | Mohallah Feroz Shah, Fsd. | M/s Saleem Brothers | 22.11.1996 | Rs. 65800.00 |
| 09 | ~~Chungi No.15, Sammundri Road, Faisalabad.~~ | ~~M/s S.S. Traders~~ | ~~12.07.1997~~ | ~~Rs. 253628.71~~ |
| 10 | Dhudhi-wala, Faisalabad. | M/s Khan Contractor | 30.06.1997 | Rs. 248843.00 |
| 11 | Abad Ali Pura, Fsd. | M/s Kirn Sanatory | 18.12.1996 | Rs. 91822.00 |
| 12 | Khayaban Colony No.2, Fsd. | M/s Iqbal Corporation | 05.12.1996 | Rs. 314463.72 |
| 13 | ~~Mohallah Maskeenabad, Fsd.~~ | ~~M/s Malik Corporation~~ | ~~05.11.1996~~ | ~~Rs. 30469.08~~ |
| 14 | Ali Block, Muslim Town, Fsd. | M/s Ittefaq Corporation | 23.01.1997 | Rs. 58258.00 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 15 | Rafiq Colony, Fsd. | M/s S.S. Traders | 14.03.1997 | Rs. 53619.68 |
| 16 | Satellite Town, Fsd. | M/s Zaim Brothers | 07.04.1997 | Rs. 210266.52 |
| 17 | Sadiqabad/Ghousiabad,Fsd. | M/s Ittefaq Corporation | 10.02.1997 | Rs. 237835.39 |
| 18 | Chak No.203,Manawala,Fsd. | M/s Usman Traders | 28.09.1996 | Rs. 358685.80 |
| 19 | Operational Phase, Allama Iqbal Colony,Fsd. | M/s Mumtaz Gas Centre | 26.06.1997 | Rs. 206984.00 |
| 20 | Operational Phase, Sarfraz Colony, Fsd. | M/s S.S. Traders | 09.11.1997 | Rs. 77896.76 |
| 21 | Operational Phase, Odean Street, Fsd. | M/s S.S. Traders | 25.02.1997 | Rs. 20080.34 |
| 22 | Operational Phase, Chiban, Fsd. | M/s Chaudhry Brothers | 14.03.1997 | Rs. 143607.68 |
| 23 | Operational Phase, Nisar Colony, Fsd. | M/s Starlite | 26.03.1997 | Rs. 276879.00 |
| 24 | Operational Phase, Raja Colony, Fsd. | M/s Iqbal Corporation | 09.01.1997 | Rs. 10032.00 |
| 25 | Afshan Colony, Fsd. | M/s Unique Traders | 20.06.1997 | Rs. 8668.72 |
| 26 | Koh-e-Noor Town, Fsd. | M/s Unique Traders | 23.05.1997 | Rs. 106500.28 |
| 27 | Rehman Town, Fsd. | M/s Ameer Ahmad Khan | 25.06.1997 | Rs. 95754.68 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 28 | ~~Choudhry House Gatwala~~, Fsd. | M/s Unique Traders | 26.04.1997 | Rs. 57547.00 |
| 29 | Chak No.203/RB, Malik Pur, Fsd. | M/s Chaudhry Brothers | 19.08.1996 | Rs. 235209.40 |
| **F.Y. 1997-98** | | | | |
| 01 | Mughal Pura, Fsd. | M/s Mian Brothers | 30.07.1997 | Rs. 262817.23 |
| ~~02~~ | ~~Chak No.202/Gatti, Fsd.~~ | M/s Iqbal Corporation | 20.06.1998 | Rs. 414137.00 |
| 03 | New Lasani Town, Fsd. | M/s Chaudhry Brothers | 17.07.1997 | Rs. 110108.48 |
| 04 | Operational Phase, Block-Y, Madina Town, Fsd. | M/s Unique Brothers | 28.11.1997 | Rs. 249726.00 |
| 05 | Katchiabadi, Madan Pura, Fsd. | M/s S.S Traders | 07.02.1998 | Rs. 19762.00 |
| ~~06~~ | ~~Operational Phase, Mai-Ki-~~ Jhughi, Fsd. | M/s S.S. Traders | 21.02.1998 | Rs. 55199.00 |
| 07 | Operational Phase, Allama Iqbal Colony, Fsd. | M/s Mumtaz Gas Centre | 04.03.1998 | Rs. 245729.00 |
| 08 | Zeenat Town, Fsd. | M/s Usman Traders | 17.03.1998 | Rs. 118830.00 |
| 09 | Firdos Colony/Altaf Gang, Fsd. | M/s Kiran Sanitory | 13.02.1998 | Rs. 444718.00 |
| 10 | Mohallah Ghousia-abad, Millat Road, Fsd. | M/s Usman Traders | 26.02.1998 | Rs. 97800.00 |
| 11 | Mohallah Ghaziabad, Fsd. | M/s Zaim Brothers | 20.03.1998 | Rs. 141497.28 |
| 12 | Rabbani Colony, Fsd. | M/s Chaudhry Brothers | 16.05.1998 | Rs. 286538.00 |
| 13 | Operational Phase B&D Block Peoples Colony, Fsd. | M/s Femal Brothers | 02.06.1998 | Rs. 120020.36 |

149. *Dr. Muhammad Ismail Buledi: Will the Minister for Housing and Works be pleased to state;

(a) whether it is a fact that the office of the Chief Engineer, Central Zone, Pak. PWD, Lahore has been closed down, if so, its reasons; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to revive the said office, if so, when?

Syed Asghar Ali Shah: (a) It is a fact that office of the Chief Engineer (Central Zone), Pak. PWD, Lahore has been closed down w.e.f.8.10.98. The post of Superintending Engineer(BPS-19), Project Civil Circle, Pak. PWD, Lahore was previously upgraded to the post of Chief Engineer (BPS-20) for his posting as Chief Engineer(Central Zone), Pak. PWD, Lahore. This upgradation of the post was personal and subject to reversion, as such, Finance Division vide their O.M.No.2(13)/R-II/98-Dy.707, dated 24-9-1998 did away with the said upgradation of the post of Superintending Engineer, therefore, the office of the Chief Engineer (Central Zone), Pak. PWD Lahore has been wound up.

(b) The proposal for creation of the post of Chief Engineer alongwith ancillary staff at Central Zone ,Pak. PWD, Lahore is under consideration with the Finance and the Establishment Division, for their approval. As and when the said approval is received a full fledged office of the Cheif Engineer(Central Zone), Pak. PWD at lahore will be established.

*150. Mr. Anwar Kamal Khan Marwat: Will the Minister for Water and Power be pleased to state;

(a) whether it is a fact that the work on Ghazi Barotha Project has been stopped by the contractor, if so, its reasons ; and

(b) whether it is also a fact that the said contractor/firm has shifted its offices to Islamabad, if so, its reasons;and

(c) the steps being taken by the Government in this regard?

Mr. Gohar Ayub Khan: (a) The contractors had stopped the work, on account of labour strike.

(b) No.

(c) The Ministry of Water and Power issued instructions to local administration for deployment of police to prevent any untoward incident. National Industrial Relations Commission(NIRC) issued order for the work to start on 6-11-1998 and for 481 workers to be reinstated. The work has been resumed on the project w.e.f. 10-11-1998.

## LEAVE OF ABSENCE

Mr. Presiding Officer : Now the leave applications.

جناب ایم ظفر صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پرآج مورخہ ۱۸ نومبر کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب غلام قادر چانڈیو ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۱۰ تا ۱۷ نومبر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے ۔ اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: قاضی محمد انور صاحب نے پیشہ ورانہ مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۱۸ تا ۲۰ نومبر کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مولانا عبدالستار خان نیازی نے علالت کی بنا پر مورخہ ۱۷ نومبر تا حالیہ مکمل اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سید قاسم شاہ صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۱۱ تا ۱۲ نومبر اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے۔ اس لیے ایوان سے ان تاریخوں کے لیے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پروفیسر ساجد میر صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۱۶ نومبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے۔ انہوں نے اس تاریخ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب بشیر احمد مٹہ صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۱۸ نومبر تا حالیہ مکمل اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب الیاس احمد بلور ملک سے باہر ہونے کی وجہ سے مورخہ ۲ تا ۱۲ نومبر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔ لہذا انہوں نے ان تاریخوں کے لیے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب عبدالصمد ڈوگر صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۱۶ تا ۱۸ نومبر کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

**ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی:** جناب چیئرمین، پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** جی مسٹر بلیدی۔

**ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی:** جناب میں ایک اہم مسئلے کی طرف پورے ہاؤس کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں - یہاں پوری قوم کو تشویش ہے کہ ایوان اقبال کے دن ایک پارلیمانی لیڈر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو dictator کہا تھا اور اب تک وزیر اعظم نے اس کے نام کا اعلان نہیں کیا کہ وہ سینیٹر تھا یا ایم این اے تھا یا پارلیمانی لیڈر تھا۔ اس کی بات سے پورے چودہ کروڑ عوام اور مسلمانوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچی ہے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** یہ معاملہ تو پہلے اٹھایا جا چکا ہے۔ بلیدی صاحب شاید آپ تھے۔

**ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔** نہیں جناب، ابھی جلوس تھا ادھر - آج اس کے متعلق جلوس تھا آپ کی پارلیمنٹ کے سامنے۔

**Mr. Presiding Officer** : That has already been raised. That is over. Yes Aftab Sheikh Sahib.

**ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی:** آپ وضاحت کریں کہ یہ نام کس کا تھا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** یہ ہو چکا ہے۔ یہ معاملہ طے ہو چکا ہے۔ یہ معاملہ اس ہاؤس میں آ چکا ہے۔ بلیدی صاحب تشریف رکھیں، yes please.

## FURTHER DISCUSSION ON PRIVILEGE MOTION MOVED ON 17.11.98 REGARDING PLACEMENT OF NAME OF SENATOR Mrs. NASREEN JALIL ON ECL.

**جناب آفتاب احمد شیخ** ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کل میں نے ایک موشن raise کیا تھا اس حوالے سے کہ ہمارے ۴۵ elected representatives کا نام ECL میں ڈالا گیا ہے۔ جناب چیئرمین نے وزیر داخلہ صاحب کو فرمایا تھا کہ آج اس کے facts submit کریں۔ تو آپ کی توجہ دلانا چاہوں گا کہ آیا وہ facts جو کچھ وہ لانا چاہتے تھے ' لائے ہیں یا نہیں۔ اور یہ اس حوالے سے motion raise ہوا کہ Nasreen Jalil was not allowed to go out of the country. She had boarded the plane, اور بورڈ کرنے کے بعد ان کو جہاز سے واپس اتار دیا گیا۔

**Mr. Presiding Officer:** Is it in continuation of the discussion of that motion, not as a point of order. Yes, Minister for Interior please.

**چوہدری شجاعت حسین** ۔ کل چیئرمین صاحب نے حکم فرمایا کہ مسز نسرین جلیل سے متعلق ECL والا جو کیس ہے وہ ہاؤس میں پیش کیا جائے ۔ تو اس سلسلے میں گزارش کرنا چاہوں گا کہ صوبائی حکومت کی رپورٹ کے مطابق مسز نسرین جلیل کا نام 31-10-98 کو ای سی ایل پر رکھا گیا تھا۔ سندھ گورنمنٹ کے مطابق ان کو 18-01-98 کو عارضی طور پر پیرول پر رہا کیا گیا جو کہ وقتاً فوقتاً extend ہوتا رہا۔۱۶-۱۰-۹۸ کے بعد اس میں اضافہ نہیں ہوا۔ جناب یہ پیرول پر تھیں اور جب پیرول ختم کر دیا گیا تو صوبائی حکومت کی اجازت کے بغیر یہ باہر نہیں جا سکتیں۔ جہاں تک نسرین جلیل کا تعلق ہے جب انہیں پیرول سے ہٹا دیا گیا تو اس کے بعد حکومت چاہے تو کسی وقت بھی گرفتار کر سکتی ہے ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ جو ECL ہے ۔ای سی ایل تو غالباً آپ تیار کرتے ہیں۔

**چوہدری شجاعت حسین**۔ جناب والا ' ای سی ایل کا جو طریقہ کار ہے وہ یہ ہے جب صوبائی حکومتیں، کوئی ڈیپارٹمنٹ ' کوئی آرگنائزیشن جب ہمیں کہتی ہے کہ فلاں آدمی کو ای سی

ایل پر رکھ دیا جائے۔ تو فوری طور پر ای سی ایل پر رکھ دیا جاتا ہے پھر اس گورنمنٹ یا اس ڈیپارٹمنٹ کا فرض ہوتا ہے اس کو ثابت کرنا کہ اسے ای سی ایل پر کیوں رکھا گیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔جب ان کو روکا گیا تھا تو کیا ان کا نام ای سی ایل پر تھا۔

چوہدری شجاعت حسین۔ جی ہاں اس وقت ای سی ایل پر تھا۔ یہ ڈیٹ لکھی ہوئی ہے ۔ جب ان کو ای سی ایل پر رکھا گیا ہے۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ جناب والا ۴۵ لیجسلیٹر ہیں ۔ جو اخبارات میں خبر آئی ہے اس کے مطابق ۴۵ کے ۴۵ کا نام all of them have been put on ECL. میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کل کتنے لیجسلیٹر ہیں جن کا نام ای سی ایل پر رکھا گیا ہے اور وجوہات کیا ہیں۔

چوہدری شجاعت حسین۔ یہ سوال نہیں ہوا' کل جو بات ہوئی تھی وہ مسز نسرین جلیل کے متعلق تھی ۔ اگر باقی کی تفصیلات چاہیئں تو میں ے کر دے دوں گا ۔۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ سب کے لئے بات ہوئی تھی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔مسز نسرین جلیل صاحبہ ۔

چوہدری شجاعت حسین۔ یہ ۴۵ کے ۴۵ کا تو جواب نہیں دیا جا سکتا ہے ۔ ہاؤس کا جو privilege breach ہوا ہے وہ مسز نسرین جلیل کا privilge breach ہوا ہے ۔اس کا میں نے جواب دے دیا ہے ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔بیگم نسرین جلیل صاحبہ۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ جناب بات یہ ہے ۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔بیگم نسرین جلیل ' وہ خود آئی ہوئی ہیں ۔ بیگم نسرین جلیل کے متعلق بات ہے ۔ان کو preference ہونی چاہیئے۔

مسز نسرین جلیل ۔ جناب چیئرمین صاحب ! مسئلہ یہ ہے کہ میرا پیرول اگر extend نہیں کیا گیا۔ لیکن کیا آپ کو اس بات کی اطلاع دی گئی کہ میرے پیرول میں extension نہیں

ہوگی۔ دوسرا اگر میں پیرول پر ہوں تو میں یہاں پر بھی موجود ہوں۔ پھر میں آپ سے یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ میرا سامان load ہو چکا تھا۔ میں نے امیگریشن پر جب اپنا پاسپورٹ دیا تو انہوں نے میرے پاسپورٹ پر exit کی stamp لگا دی۔ لیکن اس کے بعد ایک شخص آیا جس نے آ کر ڈیوٹی آفیسر کے کان میں کچھ کہا تو انہوں نے مجھے کہا کہ آپ ایف آئی اے کے دفتر میں انتظار کریں۔ جبکہ as a Senator I should have waited in the departure lounge یا اوپر وی آئی پی لاؤنج میں مجھے بیٹھنے کی اجازت ہونی چاہیئے تھی لیکن انہوں نے مجھے وہاں باقاعدہ detain کیا اور اس سے میرا استحقاق مجروح ہوا۔ دوسرا انہوں نے مجھے within the country detain کیا۔

They should have informed me about it. The Chair should have been informed about my detention.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ نہیں غالباً وہ detention یا arrest کے متعلق تو inform کیا جاتا ہے لیکن ECL پر نام آنے یا آنے کے متعلق تو اطلاع نہیں دی جاتی۔

Mrs. Nasreen Jalil: Mr. Chairman, what is ECL? ECL is detention within the country. They did not allow me to go out of the country and there is a Supreme Court judgement that the person should be informed a month prior to his/her name is being put on the ECL.

Mr. Presiding Officer: Minister for Interior.

چوہدری شجاعت حسین۔ جناب والا! قانون یہ ہے کہ جس کے بارے میں کہا جائے اسے فوری طور پر ای سی ایل پر رکھ دیا جاتا ہے۔ ۱۵ دن کے اندر اندر انہیں اطلاع دینی پڑتی ہے اور انہیں بتایا جائے کہ فلاں وجوہات کی بنا پر آپ کو ای سی ایل پر رکھا گیا ہے۔ ۲۱ کو رکھا گیا ہے تو پندرہ دن ہیں۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ کل جو بات پوچھی گئی تھی وہ یہ پوچھی گئی تھی کہ ۴۵ افراد کے حوالے سے اخبار میں خبر چھپی تھی۔ یہ ایم کیو ایم کے پورے ۴۵ ' ۱۲ ایم این ایز ' ۵ سینیٹرز ۲۸ ایم پی ایز this makes the total to 45. کل ان سے یہ پوچھا گیا تھا اور اسی بات کی detail ان کو لے کر آج آنی تھی۔ آیا پورے ۴۵ ای سی ایل پر ہیں یا ۴ ہیں یا ۱۰ ہیں یا ۲۰ ہیں۔

یہ پوچھا گیا تھا۔ اس کی detail بتائیں ۔ کیونکہ ای سی ایل کا تعلق مرکز سے ہے ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ جی وہ مرکز سے ہے لیکن یہ جو موشن تھی ۔ یہ نسرین جلیل صاحبہ کے متعلق تھی۔

**جناب آفتاب احمد شیخ**۔ موشن تو ان کی اپنی تھی جس کا انہیں جواب دینا تھا۔ میں نے کھڑے ہو کر یہ detail مانگی تھی۔

**چوہدری شجاعت حسین**: پینتالیس آدمیوں کا کہیں بھی نہیں لکھا جاتا ہے، جب کسی کو ECL پر رکھا جاتا ہے تو کہیں یہ نہیں لکھا جاتا کہ یہ ایم کیو ایم کے ہیں، حقیقی کے ہیں یا مسلم لیگی ہیں ۔ تو یہ فہرستیں جو چھپتی ہیں تو ظاہر ہے کسی نہ کسی وجہ سے ہی رکھا جاتا ہے ۔ یہ ہم کیسے identify کریں کہ ---

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ لیکن چوہدری صاحب ، اگر وہ پتہ کرنا چاہتے ہیں کہ پینتالیس ہیں کہ نہیں ہیں تو آپ پتہ کرکے ان کو بتا دیں ۔

**چوہدری شجاعت حسین**: جی پتہ کرکے بتا دیتے ہیں ۔ انہی کی بات کریں ۔

**مسز نسرین جلیل**۔ جناب جب سے یہ میرا پیرول کینسل ہوا اس سے اب تک پندرہ روز گزر چکے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ انہوں نے آپ کو یا مجھے اطلاع نہیں کی ۔ اور ابھی جبکہ ----

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ نہیں بیگم صاحبہ، ویسے اس کے متعلق میری گزارش یہ ہے کہ میں نے جیسے پہلے عرض کیا ہے کہ پیرول پر رہا ہونا یا نہ رہا ہونا ، وہ arrest نہیں ہے۔ کیونکہ رولز میں یہ ہے کہ جب کوئی سینیٹر یا ایم این اے گرفتار ہو تو اس کی اطلاع دی جاتی ہے۔ that does not amount to arrest.

(مداخلت)

**جناب شفقت محمود** ۔ جناب ابھی منسٹر صاحب نے فرمایا ہے کہ جب وہ کسی کو ECL پر رکھتے ہیں تو پندرہ دن کے اندر اندر اس شخص کو اطلاع دینی پڑتی ہے کہ ان وجوہات کی بنا پر آپ کو ECL پر رکھا ہے ۔ ابھی انہوں نے فرمایا ہے ۔

(مداخلت)

**جناب شفقت محمود** - اچھا ۔ اب یہ ہے کہ محترمہ کو 31/10/98 کو ECL پر انہوں نے رکھا۔ آج ۱۸ تاریخ ہوگئی ہے۔ پندرہ دن نہیں اٹھارہ دن ہو گئے ہیں یہ اپنا رول جو ابھی انہوں نے خود بتایا ہے کیا یہ فرمائیں گے ان وجوہات کے بارے میں کہ آیا محترمہ کو انفارم کیا ہے ۔ یہ ہاؤس کو اطلاع نہیں کرتے تو یہ کیا کر رہے ہیں۔ سوال یہ تھا کہ کن وجوہات کی بنا پر ان کو ECL پر رکھا گیا ۔ یہ کیا کہہ رہے ہیں کہ فلاں تاریخ کو صوبائی حکومت نے کہا۔ آپ یہ فرمائیں کہ ابھی جو آپ نے قانون بیان کیا ہے اور سوال کے مطابق بھی کہ کن وجوہات کی بنا پر، کن cases کی بنیاد پر، کس دہشت گردی کی بنا پر ان کو ECL پر رکھا گیا ہے۔ اگر آپ نے پندرہ دن کا جو قانون ہے اس کی خلاف ورزی کی ہے تو پھر اس کے بارے میں چیئرمین صاحب کوئی penal چیز ہونی چاہیے ۔ ایک سینیٹر کو آپ نے 31/10 کو ECL پر رکھا ہے آج اٹھارہ تاریخ ہوگئی ہے ۔ آپ نہ ہاؤس کو بتاتے ہیں کہ کس بنیاد پر کیا ہے اور نہ ان کو بتاتے ہیں کہ کس بنیاد پر کیا گیا ہے ۔ بتائیے اس کے بارے میں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ۔ نہیں، آپ وجوہات معلوم کرنا چاہتے ہیں ۔ جب ECL پر رکھا تھا تو انہوں نے بتا دیا۔

**جناب شفقت محمود** ۔جناب آپ ذرا بات پر غور کریں۔ ابھی انہوں نے کہا ہے کہ جناب۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ۔نہیں ، میں آپ کی بات سمجھ گیا ہوں ۔ میں آپ سے صرف یہ پوچھ رہا ہوں کہ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ ان کا نام ECL پر ہے وہ تو جب جا رہی تھیں تو ان کو off- load کیا گیا تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ ان کو اطلاع ہو گئی ۔ لیکن آپ reasons معلوم کرنا چاہتے ہیں تو کیا وہ وجوہ ان کو convey کی گئیں ہیں یا نہیں ۔

Mr. Shafqat Mehmood: Sir, I want to ask for the reasons because, No.1 when yesterday this discussion took place,

اگر آپ ریکارڈ منگوا کر دیکھیں the discussion was, why has Mohtarma Nasreen Jalil

being placed on ECL, the reasons for her placing ایک تو یہ کل بحث ہوئی ہے ---

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ۔انہوں نے یہ کہا ہے کہ پیرول کی ان کی میعاد ختم ہو گئی تھی اس لئے ان کو روکا گیا ۔ جی رضا ربانی صاحب ۔

Mian Raza Rabbani: Thank you sir. Sir, I think, we are just beating about the bush and what should essentially be the job of the committee, we are doing that. The point is very simple. The honourable Senator moved a privilege motion that her name has been placed on the ECL and she was prevented from going abroad and that constitutes a breach of privilege because she was going abroad to attend a meeting or a series of meetings and she was prevented from performing her functions. Therefore, the breach of privilege was there. Now, today, the honourable Minister has made a categorical statement, and in that categorical statement, he has stated, "yes, the name of the Senator is on the ECL. So, he has confirmed the breach of privilege. Now, the breach of privilege has been confirmed by the Minister, you are, therefore, now dutybound under the rules, to refer the matter to the Committee, and it will then be the job of the Privileges Committee, to call the Senator, to call the Interior Ministry, to call the Home Secretary, Government of Sindh, and to find out whether the reasons are justified for the .....

Mr. Presiding Officer: No, that is the job of the Committee, but....

Mian Raza Rabbani: Sir, give me one minute.

Mr. Presiding Officer: Only by putting the member on the ECL, that amounts to breach of privilege according to you?

Mian Raza Rabbani: Sir, what else is the breach of privilege? A breach of privilege, according to Kaul and according to May's, and you know it much better than I do, you have been in this Chair so many times in the West Pakistan Assembly as well:

Whenever a Parliamentarian or a member of the Senate or the National Assembly is prevented from performing his or her...

**Mr. Presiding Officer**: Illegally.

**Mian Raza Rabbani**: Not illegally.

**Mr. Presiding Officer**: Illegally.

**Mian Raza Rabbani**: No sir, prevented...

**Mr. Presiding Officer**: That means that no member can be arrested.

**Mian Raza Rabbani**: Sir, no, that is not the question. If there is a substantive offence. If the member has committed a substantive offence then obviously the member cannot hide behind the cloak of the privilege and say that I am not to be arrested. But here obstentively there is no ground for placing the name of the member on the Exit Control List and therefore, prima facie, you have to see whether prima facie a case of breach of privilege is made out or not and by the admission of the Minister, prima facie, a case of breach of privilege has been committed. Now, it is for the Committee to go into the matter and to formulate its opinion and send its report to the House whether or not a breach of privilege of the member has been committed or not. If the Interior Ministry can produce material on the record before the Committee and satisfy the Committee that sufficient circumstances and reasons prevail for preventing the member from going abroad....

**Mr. Presiding Officer**: Now that would be about the legality or illegality of the order itself. But do you mean to say that name of any of the Senator cannot be placed on the ECL?

**Mian Raza Rabbani**: Yes, until and unless there is a valid reason.

**Mr. Presiding Officer**: Unless and until.

**Mian Raza Rabbani**: Until and unless there is a substantive offence

that the member has committed or there is valid reason to prevent, there is threat to security, for the sake of argument, I am not talking about this case but I am talking now in a very general and broad term. But the member is entitled to be informed so that breach of privilege has been committed when she was, and the breach of privilege is not today, the breach of privilege was committed the day she was boarding. She was prevented from that...

**Mr. Presiding Officer:** Which is that rule which requires that she should be informed.

**Mian Raza Rabbani:** Sir, I am not saying that you have to be informed according to rules.

**Mr. Presiding Officer:** No, no, no. The member concerned.

**Mian Raza Rabbani:** Sir, the member concerned should have been, under the Exit Control Ordinance which is a black law...

**Mr. Presiding Officer:** No, may be black or white law....

**Mian Raza Rabbani:** Sir, just bear with me for one minute. It is a black law. I will concede there is no provision that prior to placing the member or the person has to be informed...

**Mr. Presiding Officer:** No, but after placing the name should he be informed. Is there any rule about that?

**Mian Raza Rabbani:** Yes. If I recall correctly, there is a provision that within 15 days the member, I am going purely by memories, I stand subject to correction, that within 15 days....

**Mr. Presiding Officer:** Sheikh Sahib will....

Mian Raza Rabbani: Sir, I will just wind up...

Mr. Presiding Officer: According to me that is the crucial point whether it is obligatory under the law to inform the member about his putting the name on the ECL.

Mr. Aftab Ahmad Sheikh: I will make a submission sir. You have put a very relevant and pertinent question as to whether the person whose name has been put on ECL, is he entitled to be informed about the grounds or not? Mr. Chairman, the fact remains that on 3rd of this month....Mr. Chairman, I seek your attention.

Mr. Presiding Officer: Just a minute.

Mr. Aftab Ahmad Sheikh: O.K.

Mr. Presiding Officer: Yes please.

Mr. Aftab Ahmad Sheikh: Mr. Chairman, on 3rd of this month, this is another fact which is not in the knowledge of the House and which the Senator has not pleaded before you, on the 3rd of November, the Senator has made a review petition before the Secretary Interior under the Exit Control Ordinance, 1981 and today it is 18th. Now on 3rd of November, review petition having been made duly received under a stamped receipt and today being 18th, 15 days have passed and we are today discussing the violation of the privilege of the Senator. Now, the question is that in that particular petition of review, the Senator has taken this ground that I should be heard because this is a new provision that it should be disposed of legally that there was no ground against me and I was detained without any warrant for my detention, without any legal provision and the

government is sitting on that petition of review. They are not disposing of that petition of review. It is still pending with the Ministry of Interior.

Now, Mr. Chairman, there are two things , firstly she is a Senator. Secondly, the fact remains that she was off-loaded from the plane and she was detained for the time being . Detained means, she was not allowed to move freely that is surely an arrest. A person who is in custody means if he is not allowed free movement under Article 15 of the Constitution, it is as simple as that, that her privilege has been broken, breached. And on top of that , when she made a review petition , 15 days have passed, no answer has been given to her. Now, my submission is that 15 days have passed and she had to go immediately.

**Mr. Presiding Officer:** That is a separate matter that 15 days have passed from the review petition and the review petition has not been decided. This is a separate matter. But the provision that a member or a Senator should be informed if his name is placed on the ECL within 15 days, what is that provision?

**Mr. Aftab Ahmed Sheikh:** Sir, I think, Mr. Raza Rabbani is seized of this matter but I submit that it is not laid down in the rules or in the Ordinance of 1981 but no doubt, there is a decision of Lahore High Court on the point and I have not verified but I am told that there is a Supreme Court decision also on this point that the grounds must be conveyed to the person affected, grounds must be conveyed to him or her. Now, my submission is that we are seized today of entirely different discussion, yesterday it was agreed to that the Minister will convey to the House, the information , after enquiring from the provincial government as to what are the grounds of her detention . Not only her detention but detention of all the 45 persons----

جناب پریذائیڈنگ آفیسر - شیخ صاحب انہوں نے گراؤنڈز بتائی ہیں کہ ان کا parole ختم ہو گیا تھا . may be legal, may not be legal, but whatever he has said

جناب آفتاب احمد شیخ - یہ بات admitted ہے کہ

for even one minute , she was asked to go to the FIA office. She was not allowed to move freely . This is the admitted position. Off load

کرنے کا مطلب اگر ECL کی بات تھی تو کہتے کہ آپ کا نام ECL پر ہے آپ نہ جائیں you- can't go abroad, that is all. لیکن ان کے کیس میں یہ ہوا کہ یہ بتایا گیا کہ آپ جا نہیں سکتیں اور کہا گیا کہ آپ ایف آئی اے کے دفتر میں جا کر بیٹھ جائیں تو ان کو وہاں بٹھا کر ان کو detain کیا گیا- اس کے بعد چھوڑا گیا - یہ جو آدھا گھنٹہ ، پندرہ منٹ یا یہ جو ایک گھنٹہ گزرا- اس کو آپ کیا کہیں گے، یہ ECL نہیں ہے - یہ باہر جانے کی بات نہیں ہے- یہ بات ختم ہوگئی - ای سی ایل کا مطلب ٹھیک ہے -

She will not be allowd to travel abroad. That is all. What is the authority with the FIA to detain her even for 15 minutes? That is where the breach of privilege lies.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر - رضا ربانی صاحب، دو چیزوں کے متعلق فرمائیے - ای سی ایل پر رکھنا ، نہ رکھنا - اب سوال یہ ہے کہ ای سی ایل پر اگر رکھنا ہے تو اس کی intimation concerned آدمی کو کرنی ہے whether there is a provision No. 1. اور اگر کرنی ہے تو کیا وہ پیشگی کرنی ہے جانے سے پہلے یا وہی انفارمیشن جو ہے that can be counted as the information.

Mian Raza Rabbani: Sir, here are two issues involved. One issue is the one which has been agitated by the honourable Senator Aftab Sheikh and that is the question of the illegal detention of the honourable Senator by the FIA for whatever priod of time but she was illegally detained within the premises of Quaid-e-Azam International Airport, more specificially so, the FIA office. She was under detention for a period of 20 minutes, half an hour or an hour. But

nevertheless, she was under detention for that period and there is no denial to that effect. So, *prima facie*, on that alone, the privilege motion is made out and it has to be referred to the Standing Committee.

Now, we come to the other point, sir. Sir, the other point is and it is a very short Act, I will just take two minutes of yours. Section 2 says, "power to prohibit exit from Pakistan."

**Mr. Presiding Officer:** Power of what?

**Mian Raza Rabbani:** Sir, of the Exit from Pakistan Control Ordinance, 1981.

**Mr. Presiding Officer:** Article?

**Mian Raza Rabbani:** Sir, this is Section 2. It says, "the Federal Government, may by order, prohibit any person or class of persons from proceeding from Pakistan to a destination outside Pakistan notwithstanding the fact that such person is in position of valid travel documents". Sub-Section (2) says, "before making an order under sub-Section (1) of placing the person on ECL, it shall not be necessary to afford an opportunity of showing cause against the order". Alright, sir. Now, we come to 3" if while making an order under sub-Section (1), it appears to the Federal Government that it will not be in the public interest to specify the grounds on which the order is proposed to be made, it shall not be necessary for the government to specify such grounds.

Now, sir, let us move on to Section 3. Section 3 deals with review; "any person aggrieved by an order of the Federal Government under sub-Section (1) of Section 2, may within 15 days of the making of the order, file a review petition".

**Mr. Presiding Officer:** Now, what I want to know is......

Mian Raza Rabbani: Sir, I am just coming. If you just allow me, I was just building my argument. I would not take long. Now, by implication, when you are placing a person on the Exit Control List, you are depriving him of his right of movement outside the country. There has to be an application of the mind by the authority who is placing that person and in making the application of that mind, he has to record the reasons. Now, Section 3 provides for a review. Now, until and unless a person is aware of the grounds on which he has been detained from going abroad or prevented from going abroad. What is his review petition going to be. I mean, if I am prevented from going abroad and I am not informed of the grounds on which I am going, my review petition say that please allow me to go abroad. Until and unless I know the reasons for which I have been prevented, it has only then that I can offer an explanation to this. And now, sir, I would like to show you as to how the courts have interpretted this and the question was probably discussed, because this is in the foot notes here, in Mr. Abdul Hafeez Pirzada versus the Government of Pakistan, this is CLC, 1989, page 79. This says, "Order prohibiting a person's exit from Pakistan passed without furnishing grounds for order to prohibit persons struck down as being without lawful authority." Order under Section 2(3) without lawful authority, order under Section 2(3) without specifying period of ban with a legal contention raised but left undetermined for the time being. Now, it further goes on, "Prohibition on a person from proceeding to any destination outside Pakistan must be judged on footing whether or not such prohibition is in public interest and which is left to the Federal Government to determine. Orders made by the Federal Government would be subject to judicial review under Article 199 of the Constitution on ground that order is *mala fide* or reasons for making order are accentuous or it has no relevance to public interest. Now this is the view

of the Sindh High Court that it has taken and then it further goes on to say; "that the Federal Government is bound to disclose ground for making orders under Section 23 with opportunity of being heard to affected person. Opportunity of hearing must be real and not illusionary. In case, opportunity of being heard is not reasonable, it would amount to a negation of right conferred on affected person under section 23".

**Mr. Presiding Officer:** But this hearing would be before the passing of the order.

**Mian Raza Rabbani:** No, no this is after, subsequent to the passing of the order. Yes, I will not mislead, this is all subsequent to the passing of the order that a ground should have been provided. Now on both account, prima facie all you have to do at this time is to see whether prima facie a case is made out for further investigation by the Committee or not.

**Mr. Presiding Officer:** Please tell me on one point, whether 15 days or within days at the time of the passing of the orders, are they bound to provide that order to the concerned member or concerned person within 15 days or is there any provision to that extent?

**Mian Raza Rabbani:** No, no, the only provision, I will again not mislead you, the only provision is that within 15 days of the passing of the order a review petition/application can be filed. So, the presumption therefore, would be....

**Mr. Presiding Officer:** You mean to say that while filing the review petition she or he must be informed.

**Mian Raza Rabbani:** Before that. They have to be informed of the ground before that because otherwise on what basis is the review going to lie. This

is what I was saying to you that on what basis, and as I said that the honourable Minister has already made an admission on both these accounts that she was detained and on the account that the grounds have not be given and as I said sir, your job right now is to see whether prima facie a case is made out of breach of privilege. And by the admission of the Minister that prima facie ground is there and the matter is right for further consideration by the committee.

Mr. Presiding Officer: This is a very important matter and judgement on this is reserved.

چوہدری شجاعت حسین۔ جناب والا! اس سلسلے میں میں ریکارڈ کی درستگی کے لئے یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ یہ کہا گیا ہے کہ انہیں detain کیا گیا ہے، یہ درست نہیں ہے، انہیں بڑا protocol دیا گیا اور وی آئی پی روم میں بٹھایا گیا اور کسی قسم کی کوئی ایسی بات نہیں کی گئی جن سے ان کو کوئی تکلیف ہو۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ جناب والا! وزیر صاحب کی clarification کے بعد اس بات کی ضرورت پیش آتی ہے کہ جو کچھ review petition میں لکھا گیا ہے وہ یہ لکھا گیا ہے کہ مجھے FIA کے آفس میں detain کیا گیا ہے۔ اب یہ valid case بنتا ہے کہ اس کی انکوائری کی جائے کہ آیا یہ statement صحیح ہے کہ نہیں ہے۔ آپ اس طرح determine نہیں کر سکتے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ نہیں ان کا کہنا یہ ہے کہ protocol دیا گیا تھا اور detain نہیں کیا گیا۔

Mrs. Nasreen Jalil: Mr. Chairman, I was detained in the FIA office. I asked them whether I could move to the VIP or PIA lounge because my family was with me but they did not allow us to move there. They detained us in the FIA room. There was Kazi Khalid Ali and Mr. Basheer Farooqi, both are MPAs who had come to see me off, they were also not allowed to proceed beyond immigration line. So, that is a breach of privilege and matter should go to the privilege committee so that

they can look into and see whether it has happened or not happened and the House should consider it. Mr. Chairman, let me also say that this government is doing all that it can do to violate the rights of women, minorities and the Opposition and I am the prime example if I am not fit enough to go abroad, if I cannot perform my duties as the Chairperson of the Human Rights Committee of the Senate. I should not be biased. The House should take the decision to take this office away. The Privilege Committee should look into it. This is my submission.

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ:** جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔ میں اس معزز ایوان میں پوائنٹ آف آرڈر پر ایک اہم مسئلے کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ ۱۵ واں آئینی ترمیمی بل جب سے پیش ہوا ہے اور قومی اسمبلی نے اس کو پاس کیا ہے، اس وقت سے لے کر آج تک سینٹ کے خلاف، اس معزز ایوان کے وقار کے برعکس ملک کے ذمہ دار چیف ایگزیکٹو کی طرف سے مسلسل ایک مہم چل رہی ہے۔ یہاں کنونشن سنٹر میں مشائخ کے سامنے جو تقریریں کی گئیں، وہاں "گھیراؤ" تک کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ اب جو جلسے وغیرہ ہو رہے ہیں کہ سینیٹروں کو مجبور کریں۔ اب لاکر پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے جم غفیر کھڑا کردیا۔ تاثر یہ دے رہے ہیں کہ اپوزیشن کے سینیٹرز اس بل میں رکاوٹ ہیں۔ میں اس معزز ایوان کے توسط سے ملک کے ۱۴ کروڑ عوام سے یہ گزارش کروں گا کہ یہ شریعت نہیں ہے۔ یہ ساری مصیبت آمریت کی ہے۔ یہ شہنشاہیت کا بل ہے۔ ملک کے تمام اداروں کو تباہ کرنے کا بل ہے۔ یہاں کوئی شریعت نہیں ہے۔ یہ حکمرانوں کا پرانا وطیرہ ہے کہ عوام کو اپنا غلام بنائیں اور ان کے جمہوری حقوق کو پامال کریں۔ تمام ادارے نیست و نابود کردیں۔ ملک اور قوم اداروں کے ذریعے چلتے ہیں۔ جمہوریت کے ذریعے چلتے ہیں۔ یہاں پر جمہوریت کو کچلنے کے لئے سب کچھ کیا جا رہا ہے۔ اسلام میں تو کسی کو ملنے نہیں دیتے۔ اب سینکڑوں کی تعداد میں لوگ آکر مظاہرے کرتے ہیں تو اس کا کیا مطلب ہے؟ یہ اچھی بات نہیں ہے کہ آپ عوام میں ایک غلط فہمی پیدا کریں۔ اگر آپ کو میڈیا کی ساری سہولت ہے۔ TV اور ریڈیو ہے، اخبارات ہیں اور اقتدار ہے تو آپ اقتدار اعلیٰ کو غلط استعمال نہ

کریں۔ عوام کے ذہنوں میں معزز سینیٹروں کے خلاف رد عمل پیدا نہ کریں۔

اللہ کے فضل سے ہم سب مسلمان ہیں۔ اسلام ہم سب کا مقدس مذہب ہے۔ یہ اسلام کا کہاں مسئلہ ہے۔ یہاں مسئلہ یہ ہے کہ ریاست کو کیسے چلایا جائے۔ ریاست کو جمہوری اداروں کے ذریعے چلایا جائے یا ایک فرد واحد یا ایک خاندان کی حکومت ہو۔ آیا آئین فیڈریشن سب کچھ ختم کیا جائے۔ ہم ربڑ سٹیمپ بن جائیں۔ حکمرانوں کی آمریت کی جو خواہش ہے، اقتدار اعلیٰ کو صرف اپنے ہاتھ میں مرکوز کرنے کی جو خواہش ہے، سول مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر بننے کی خواہش ہے، وہ ہم پوری کریں۔ اگر ہم ان کے یہ راستے بند کر رہے ہیں تو یہ جائز بات ہے۔ ہم ہمیشہ جمہوری اداروں کا احترام کرتے رہے ہیں۔ آپ یہ منفی پروپیگنڈہ بند کریں۔ آپ کوئی شریعت والے نہیں ہیں۔ خدا کے بندے اربوں روپے لوٹ کر اب شریعت کی بات کرتے ہو۔ سرمایہ داروں اور جاگیرداروں نے اس ملک کی ۸۰ فیصد دولت پر قبضہ کیا ہوا ہے اور یہ اسلام کی بات کرتے ہیں۔ چھوڑیں ان محلات کو، پرائم منسٹر ہاؤس کو، ایوان صدر کو اور مسجد میں بیٹھ جائیں۔ حجرے میں کیوں نہیں بیٹھتے ہو۔ اسلام کا مرکز تو مسجد ہے اور حجرہ ہے۔ میں خود رائے ونڈ گیا ہوں۔ وہاں پر ایک مولوی نے تقریر کی کہ مسجد صرف نماز کے لئے نہیں ہے۔ وہ اسلام کا مرکز ہے۔ آپ محلات میں رہتے ہیں اور لوگوں کو بتا رہے ہیں کہ یہاں اسلام کے خلاف بات ہو رہی ہے اور شریعت نہیں چاہتے۔

جناب والا! میں تمام اپوزیشن کے سینیٹرز صاحبان کی طرف سے اس معزز ایوان کے ذریعے یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ اللہ کے فضل سے ہم سب مسلمان ہیں لیکن غیر جمہوری ہتھکنڈوں کے سامنے ڈٹ کر کھڑے ہوں گے۔ غیر جمہوری ہتھکنڈے نہیں ہونے دیں گے۔ اس ملک کے ۱۴ کروڑ عوام کے جمہوری، سیاسی، معاشی، قومی اور ثقافتی حقوق ہمیں عزیز ہیں۔ ہم اس ملک کو خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں۔ ہم اس ملک کو ۲۱ ویں صدی میں لانا چاہتے ہیں۔ ہم اس کو ترقی یافتہ ممالک کے برابر کھڑا کرنا چاہتے ہیں تو یہ سلسلہ بند ہونا چاہیئے۔ اس ملک کو جمہوری طریقوں سے، جمہوری اداروں کے ذریعے چلانے کا رواج ڈالیں۔ آمریت سے حکومت کرنے والوں کا انجام اس ملک میں اچھا نہیں ہوا۔ کسی آمر کا انجام اچھا نہیں ہوتا ہے۔ جمہوری ادارے مستقل ادارے ہیں ان کا تحفظ کریں۔ شکریہ۔

Syed Masood Kausar : Mr. Chairman, before I raise a point of order,

I would like to make another submission for the consideration of the Chair and that is about the yesterday's unfortunate incident which happened in this House when the honourable Senator Pervez Rashid was discussing a point of order, the speeches made by some of the leaders of the Awami Ittehad, he also mentioned my name and passed certain remarks.

In reply I also passed certain remarks which I now feel that I should not have and I believe that it must have hurt the feelings of the honourable member, although, I did not mean to hurt his feelings.

**Mr. Presiding Officer:** I think this is a very good gesture and we should maintain that atmosphere in the House. We should not make any remark about the personality of a Senator and if we do then if we confess as Mr. Masood Kausar has done, I think this is a good tradition.

**Syed Masood Kausar:** So can I just request the honourable Chair that all those remarks pertaining to Senator Pervez Rashid, I request those may be expunged and also I would request that all those remarks about my professional competence, those too should be expunged for the reason that this would form a part of the history of this Senate and I do not want to create an impression that we are a non-serious House and we are an irresponsible House. Thank you very much.

اس کے ساتھ ہی میں دوسرا پوائنٹ آف آرڈر کرتا ہوں۔ جناب پوائنٹ آف آرڈر میرا یہ ہے کہ unfortunately قائد اعظم محمد علی جناح نے اس ملک کو مسلمانوں کے لئے بغیر کسی دیگر considerations کے پاکستان کی جدوجہد--- اور میں ان تمام دیگر مسلمان لیڈر صاحبان کو بھی جنہوں نے اس ملک کی آزادی کے لئے جدوجہد کی ہے احترام سے دیکھتا ہوں اور ان کی کوششوں کی قدر کرتا ہوں۔ بدقسمتی سے مارشل لاء کے دور سے لے کر ابھی تک مختلف فرقوں کے نام پر مسلمانوں کو تقسیم کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں اکثر اوقات ہم تشدد بھی دیکھتے ہیں۔

اس تشدد میں میرا اپنا ضلع کوہاٹ بھی بدقسمتی سے اس کی لپیٹ میں آیا ہے اور ضلع کوہاٹ میں کئی ایسے فرقہ وارانہ فسادات ہوئے ہیں جس میں کہ ہمارے مسلمان بھائیوں کو ہلاک بھی کیا گیا ہے، ان پر تشدد بھی کیا گیا ہے regardless of the fact کہ وہ کس فرقے سے تعلق رکھتے تھے ۔ میں درخواست کروں گا کہ وزیر داخلہ بھی موجود ہوں، ایک سکینڈ وزیر داخلہ صاحب ! چونکہ آپ کے قلمدان سے اس کا تعلق ہے and you are a very efficient Interior Minister, so, I would like your help in this regard. تو جناب والا! ابھی جیسے میں نے عرض کیا کہ میرا ضلع کوہاٹ سے تعلق ہے اور ابھی پھر مجھے اطلاعات ملی ہیں کہ کوہاٹ کا ایک علاقہ ہے کچئی، جہاں پر ایک فرقے کے لوگوں کو دوبارہ، پہلے بھی ان کو اور ان کی جائیداد کو تباہ کیا گیا، بہت سے لوگوں کو ہلاک کیا گیا، ابھی تک مجھے نظر نہیں آتا کہ پاکستان کی حکومت نے ان تمام متاثرین کو جن کی جائیدادیں تباہ کی گئیں، ہیں جن کے مال مویشی تباہ کئے گئے ہیں، جن کی جانیں ضائع کی گئی ہیں---

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر :** کیوں کی گئی تھیں۔

**سید مسعود کوثر :** یہ جی فرقہ وارانہ فسادات میں ہوئیں، تو ایک تو چاہیئے تھا کہ خواہ وہ مسلمان ہوں، خواہ کوئی ہوں، یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ ان کی جان و مال کی حفاظت کرے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس سے اور بھیانک مثال کیا ہوسکتی ہے کہ وہ اپنے شہریوں کی زندگی اور ان کے عقیدے اور ان کے روزمرہ' property and liberty کی حفاظت نہیں کرسکتی۔ ابھی پھر مجھے اطلاعات ملی ہیں کہ اس قسم کے حالات وہاں پر پھر پیدا ہو رہے ہیں۔ تو میں Interior Minister صاحب سے --

**ڈاکٹر صفدر علی عباسی :** وہ چلے گئے ہیں۔

**سید مسعود کوثر :** جناب ان کو کہیں کہ لوٹ کے آجا بالما۔ نہیں وہ سن رہے ہوں گے اور اگرنہیں سن رہے تو---- میں بڑی سنجیدگی سے یہ بات کر رہا ہوں اور مجھے احساس ہے کہ جب یہ نقصان ہو جائے گا، جب یہ مسئلہ اور بھڑک اٹھے گا تو پھر شاید یہ کوئی کارروائی کریں۔ میں ابھی ان سے درخواست کرتا ہوں کہ اس کو as most urgent and most important issue سمجھ کر حکومت اس پر غور کرے ہم اس معاملے میں ان سے تعاون کرنے کے لئے تیار ہیں، ہم

ہر قسم کے فرقہ وارانہ بھائی چارے کے لئے کام کرنے کے لئے تیار ہیں۔ ہمارے اس حکومت سے اور بہت اختلافات ہیں لیکن ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ ملک تمام مسلمانوں کا ہے ' یہ تمام پاکستانیوں کا ہے اور جو آج ابھی جناب والا ! حئی صاحب نے ذکر کیا کہ جو علماء صاحبان نے باہر provocative قسم کی تقاریر کیں' میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر حکومت کا یہ خیال ہے کہ اس طریقے سے وہ سینیٹروں کو pressurise کرے گی اور اسلام کے نام پر وہ اپنے مقاصد حاصل کرے گی تو ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس سے بڑے بڑے اجتماعات ہم پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے لا سکتے ہیں' یہ اس میں کامیاب نہیں ہونگے اور یہ جو بنیادی طور پر ملک کے اندر لوگوں کو قومیت کے نام پر' فرقوں کے نام پر' مکاتب فکر کے نام پر قوم کو تقسیم کر رہے ہیں یہ کسی اچھی لیڈر شپ کی نشانی نہیں ہے ۔ اچھا لیڈر وہ ہوتا ہے جو قوم کو اکٹھا کرے جیسے قائداعظم نے کیا تھا۔ بدقسمتی یہ ہے کہ نواز شریف صاحب ہر وہ کام کر رہے ہیں جو اسلام کے خلاف ہے' جو قائد اعظم کے ارشادات کے خلاف ہے اور اسلام کے نام پر اور قائد اعظم کے نام پر کر رہے ہیں ۔ تو میں اس سلسلے میں حکومت سے یہ بات کہتا ہوں کہ وہ از راہ مہربانی کم از کم کوہاٹ کا ایشو جو ہے اس کو سنجیدگی سے لیں اور اس پر وہ ہمیں بتائیں بعد میں' اگر موقعہ ملے کہ اس پر انہوں نے کیا steps لئے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ، میاں صاحب ! please take notice of this fact and it is quite a serious matter. Yes please.

**میاں محمد یسین خان وٹو.** جناب والا' جمہوریت میں اختلاف رائے کا حق ہر ایک شخص کو ہے اور اصل میں جمہوریت کی روح ہی اختلاف رائے کا احترام ہے۔ ہم اپنے سے اختلاف کرنے والے احباب کا پورا احترام کرتے ہیں۔ ان کی رائے کا بھی احترام کرتے ہیں اور ہمیں یہ حوصلہ بھی ہونا چاہیئے کہ اگر ان کی مرضی کے خلاف کوئی شخص رائے رکھتا ہے اور وہ یہ چاہتا ہے کہ اس کی بات دلیل سے مان لی جائے ' اس کے اظہار خیال سے مان لی جائے تو اس میں کوئی بات قابل اعتراض نہیں ہونی چاہیئے۔ وہ اگر اپنی رائے رکھتے ہیں اور دوسرے اپنی رائے رکھتے ہیں تو یہ کہنا غلط ہے کہ مجھے تو ہر لحاظ سے حق ہے اپنی رائے دینے کا لیکن میرے مخالف کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ اپنی رائے کا اظہار کرے۔ اگر ہم نے یہ اصول تسلیم کر لیا تو پھر ہمارے

ملک میں جو ذہنی سوچ کا ارتقا ہے وہ ختم ہو جائے گا۔ اب میں یہ عرض کروں گا کہ شریعت بل کے بارے میں میرے فاضل دوست ڈاکٹر حئی صاحب نے ارشاد فرمایا ' ڈاکٹر صاحب نے شریعت بل کے بارے میں جتنے objections possible ہو سکتے ہیں کسی بل کے خلاف وہ ارشاد فرمائے ہیں۔ حالانکہ اگر بل ملاحظہ کریں تو اس میں کوئی اس قسم کی چیز نہیں ہے کہ کہیں کوئی ڈکٹیٹر شپ کا مسئلہ ہے ، کہیں اس میں یہ چیز نہیں ہے کہ عدالتوں سے اختیارات لئے گئے ہیں۔ اس میں کسی قسم کی ایسی چیز نہیں ہے جس کا انہوں نے اپنے الفاظ کے زور پر اور اپنی تقریر کے زور پر اظہار کیا ہے' وہ بل کے اندر تو نہیں ہیں۔ کہیں سے لا کر ان کو آپ اگر استعمال کریں تو آپ کی مرضی ہے' بل میں اس بارے میں کوئی چیز نہیں ہے۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ حکومت اس سلسلے میں' ہر ایک معاملے میں جمہوری طریقے سے اس کا فیصلہ کرنا چاہتی ہے۔ عوام اگر کسی جگہ پر رائے کا اظہار کرتے ہیں تو یہ بھی آپ روز دیکھتے رہتے ہیں۔ حکومت کے خلاف بھی اجلاس ہوتے ہیں ، حکومت کے حق میں یا کسی خاص رائے کے حق میں عوام اپنا اظہار کر سکتے ہیں اس سے ہمیں لازماً یہ تاثر دینا کہ چونکہ کسی جماعت نے یا کچھ لوگوں نے یا کسی جلسے نے' یا کسی جلوس نے ہماری رائے کے خلاف بات کی ہے اگر ہم اس پر قدغن لگائیں اور یہ کہیں کہ ہمیں اجازت دی جائے تو یہ میں سمجھتا ہوں کہ اصولی طور پر غلط بات ہے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ، اور دوسرا کوثر صاحب نے کوہاٹ کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے۔ منسٹر صاحب کچھ سن گئے تھے اور مجھے یقین ہے کہ سن بھی رہے ہوں گے ۔ میں ان تک یہ پہنچا دوں گا۔ کچھ آپ بھی سنا دیں گے۔

**میاں محمد یسٰین خان وٹو**۔ ہاں جی میں ان تک پہنچا دوں گا کہ ان کے جو خدشات ہیں ان کا نوٹس لیں اور اس سلسلے میں جو مناسب اقدامات ہیں وہ کئے جائیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ آفتاب شیخ صاحب' آفتاب شیخ صاحب۔ آفتاب شیخ کے بعد' order please.

**جناب آفتاب احمد شیخ**۔ میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے اجازت فرمائی۔ میں---

**Mr. Presiding Officer:** Order please, Abbasi Sahib.

**جناب آفتاب احمد شیخ**۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں۔ میں ایک بڑے

سنگین مسئلے کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں اور یہ بہت ہی سنگین مسئلہ ہے اور چونکہ اس کو بار بار repeat کیا جا رہا ہے تو میں نے ضروی سمجھا کہ میں آپ کے سامنے اس مسئلے کو پیش کروں اور اس مسئلے کو ہاؤس کے سامنے پیش کروں۔

جناب چیئرمین! جب سے کراچی میں یہ نام نہاد operation شروع ہوا ہے، حکومت television کو استعمال کر رہی ہے media trial کے لئے۔ حکومت روزانہ' اگر آپ نو بجے کی خبریں ملاحظہ کریں، دو یا تین بندوں کو گرفتار کر کے television پر پیش کرتی ہے ۔ ان کا confession جو ہے وہ television پر دکھاتی ہے اور ساتھ ساتھ ایک نہ ایک ہمارا MPA اس میں ملوث کرتی ہے۔ جناب چیئرمین! چونکہ آپ وکیل ہیں اور اس ہاؤس میں بہت سارے لوگ اس کی implication کو سمجھتے ہیں کہ اگر کوئی case پکڑا گیا ہے ' اگر کوئی FIR ہے ' کوئی evidence ہے تو وہ case عدالت میں جائے گا اور عدالت اس کا فیصلہ کرے گی کہ اس case میں conviction ہو سکتی ہے یا acquittal ہو گا۔

حکومت نے جو رویہ اختیار کیا ہے کہ انہوں نے اپنے television کو media trial کے لئے استعمال کرنا شروع کر دیا ہے' یہ ایک نہیں بلکہ تین ' چار ' پانچ دفعہ ہو چکا ہے اور میں نے privilege motion بھی جمع کروائی تھی۔ میں نے ہاؤس کی توجہ دلائی تھی کہ جناب والا! یہ روایت بالکل صحیح نہیں ہے ' یہ صحت مندانہ روایت نہیں ہے ۔ اگر آپ کسی شخص کو کسی لحاظ سے guilty پاتے ہیں تو اس کو عدالت تک جانے دیجیئے۔ عدالت اس کا فیصلہ کرے کہ آیا اس کے خلاف evidence ہے کہ نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! سندھ میں جو کچھ ہو رہا ہے ' برسوں سے interior سندھ میں اردو speaking community کو چاہے وہ عورت ہو یا مرد ہو ' lock up میں چار چار دن بند کیا جا رہاہے' چار چار دن --- ہمارے پاس جو رپورٹ پہنچی ہے وہ یہ ہے اور وہ تمام لوگ آ کر گواہی دینے کو تیار ہیں ' اس بات کی تصدیق کرنے کو تیار ہیں بشرطیکہ ان کو جان و مال کا تحفظ ہو۔

جناب چیئرمین! سندھ میں جو کچھ کیا جا رہا ہے ہم بار بار آپ کے سامنے پیش کرتے رہے ہیں ' اس ہاؤس کے سامنے پیش کرتے رہے ہیں۔ اگر آپ کسی مجرم کو پکڑ رہے ہیں اور اگر اس کے خلاف FIR ہے اور آپ چھاپہ مار کر پکڑنا چاہتے ہیں تو بڑے شوق سے پکڑیں لیکن معصوم لوگوں کو، بے گناہ لوگوں کو، خواتین کو، بچوں کو، رشتے داروں کو، بھائی بندوں کو سب کو

گرفتار کر کے تھانے میں لا کر بند کرنا اور ان سے رشوت بٹورنے سے بڑا ظلم جناب چیئرمین! اور کیا ہو سکتا ہے۔ میں آپ کی توجہ ان باتوں کی طرف دلاؤں گا ۔ Minister of Interior اس وقت نہیں ہیں لیکن television والے Minister یہاں تشریف فرما ہیں اور یہ کل ہوا تھا، یہ کل بات ہوئی ہے، کل شام نو بجے کی خبروں میں۔

Mr. Presiding Officer: Minister for Information now.

جناب مشاہد حسین - Thank you very much Mr. Chairman, and I would like just to briefly respond. اچھا جی، اردو بھی سمجھتے ہیں، انگریزی بھی سمجھتے ہیں، اردو میں بول لیتے ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ بھر پور طور پر میں اس بات کی مذمت کرنا چاہتا ہوں، honourable Senator نے جس طریقے سے ایک مسئلے کو لسانی رنگ دینے کی کوشش کی ہے کہ جناب اردو speaking لوگ --- میں اس کی بہت مذمت کرتا ہوں۔ ہر issue کو لسانیت کا رنگ دینا اور تعصب ابھارنا یہ غلط بات ہے، یہ قومی مفاد کے خلاف ہے اور یہ ملکی مفاد کے خلاف ہے۔

Mr. Presiding Officer: Order please.

جناب مشاہد حسین۔ اردو speaking مطلب نہیں ہے۔ کسی کی monopoly نہیں ہے، کسی کا ٹھیکہ نہیں ہے - We represent more of Urdu speaking than anybody in Karachi. معاف کرنا اور بھی parties ہیں۔ ایسی approach نہیں ہونی چاہئیے، بات issues کی کریں - اس پر لسانیت اور کوئی تعصب نہیں آنا چاہئیے، نمبر 1۔ ہم نے جو کیا ہے، ہم نے کسی کو بوری میں بند کر کے گولی نہیں ماری۔ ہم کہتے ہیں کہ مجرم ہے تو اس کو سامنے expose کیا جائے - اس کا جو گھناؤنا چہرہ ہے وہ بے نقاب کیا جائے، وہ عوام کے سامنے بے نقاب ہونا چاہیے - ایک قانونی، آئینی، جمہوری طریقے سے جو ہو رہا ہے وہ transparent طریقے سے ہو رہا ہے، open طریقے سے ہو رہا ہے، قانونی طریقے سے ہو رہا ہے - لوگوں کا confidence بڑھ رہا ہے کہ واقعی یہ جو کراچی میں سلسلہ ہے یہ صرف دہشت گردوں کے خلاف ہے، یہ criminals کے خلاف ہے، ان لوگوں کے خلاف ہے جو قانون کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔

ان کو تو خوش ہونا چاہیے، یہ تائید کریں کہ ہم نے نصیراللہ بابر کی approach نہیں اختیار کی کہ راتوں رات بندہ غائب ہو گیا، disappear ہو گیا یا گولی مار دی گئی یا بوری میں

body بند ملے ۔ وہ کام نہیں ہے ، ہم open کر رہے ہیں ' ان کو تعاون کرنا چاہیے کہ ان کو اپنا image improve کرنے کا ایک اچھا موقع مل رہا ہے ۔ جو بھی لوگ کر رہے ہیں ، چاہے ہماری پارٹی میں ہیں ' ان کی پارٹی میں ہیں ، کسی اور پارٹی میں ہیں ' وہ exposeہوں ۔ تو یہ آئینی طریقہ ہے ' قانونی طریقہ ہے ۔ اس کا مقصد کسی کے خلاف کچھ کرنا نہیں اور ان کے اعتراضات کا کوئی بھی جواب نہیں ہے ' media trial کا الزام غلط ہے بلکہ عوام کا اعتماد قانون اور قانون کی بالا دستی پر improve ہوا ہے ۔

Finally ایک بات کہوں گا جناب چیئرمین ! ہم نے پولیس complaints authority بنائی ہے under the Governorship اور اس میں citizens-police committee جو ایک non governmental ادارہ ہے اس کو involve کیا ہے ۔ یوسف جمیل کو involve کیا ہے ' اس کو کہا ہے کہ کوئی اگر قانون کی خلاف ورزی کرتا ہے ' کوئی سرکاری اہلکار یا افسر یا پولیس کا بندہ تو اس کا نام دیا جائے ' فورا" اس کے خلاف کارروائی ہو تاکہ کوئی چیز human rightsکے خلاف نہ ہو۔ We are very clear on that. ہمارا فوکس صرف ایک ہے elimination of terrorism. دہشت گردی کا خاتمہ' اور کوئی مقصد نہیں ہے ۔ کسی بھی innocentبندے کو ہراساں نہیں کیا جا رہا ۔ اگر کسی کے خلاف کوئی شکایت ہے تو ایک طریقہ بنا لیا ہے قانون کے مطابق ' اس کو چلائیں گے ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر :** سرانجام خان --ایک clarification ان سے چاہتا ہوں کہ یہ جو Adjournment Motion پر ہم --- please be attentive Mr. Raza Rabbani, Mian Sahib, kindly be attentive, please take your seat. صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ایک آئٹم جو ہم نے شروع کر رکھا ہے اس کو آج conclude کر دیا جائے تاکہ کم از کم یہ آئٹم تو ختم ہو جائے ۔ اگر پوائنٹ آف آرڈرز پر ہی چلتے رہے تو پھر یہ conclude نہیں ہوسکے گا ۔ میری خواہش ہے کہ کم از کم یہ آئٹم جو ہے اس کو conclude کر دیا جائے تاکہ پوائنٹ آف آرڈر ختم ہو ۔ سرانجام خان ' آپ کے بعد یہ شروع کر دیا جائے ۔ جی جناب ۔

**جناب سرانجام زمیندار :** آج جو سوالات تھے ان کے ساتھ یہ annexure پیش کیا گیا ہے صفحہ چودہ اور پندرہ پر جہاں پنجاب ' بلوچستان ' سندھ اربن ' سندھ رورل ---- تو کیا

پنجاب میں شہر نہیں ہیں ، کیا سرحد میں شہر نہیں ہیں ، کیا بلوچستان میں شہر نہیں ہیں ۔ گو کہ اربن کے حساب سے ان کو حصہ ملتا ہے اور رورل پر حصہ ملتا ہے تو 50% سے زیادہ اعداد ان کے پاس سوئی گیس کے بن جاتے ہیں ۔ تو یہ ناانصافی نہیں ہے دوسرے صوبوں کے ساتھ کہ سندھ کو تو دو حصوں میں پیش کیا جاتا ہے ، سرحد کو ایک ، پنجاب بڑا صوبہ ہے اس کو بھی ایک ، بلوچستان کو بھی ایک حصے میں پیش کیا جاتا ہے ۔ مجھے تو سمجھ نہیں آ رہی ہے ۔ یہ کوئی اور صوبہ بن گیا ہے یا کیا ہو رہا ہے ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** اکرم شاہ خان صاحب ! آپ نے تقریر فرمانا تھی ۔ جی ، اس کے بعد ۔ کیا پوائنٹ آف آرڈر کرنا چاہتے ہیں ۔

**خواجہ قطب الدین:** جو پوائنٹ آف آرڈر raise کیا تھا پندرہویں ترمیم کے بارے میں ، جو بار بار ------

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** وہ اپنی تقریر میں فرما لیجئے گا ۔ جی اکرم شاہ خان صاحب ۔ سرانجام خان صاحب ! یہ وقفہ سوالات نہیں ہے ۔ آپ نے مسئلہ اٹھا دیا ، حکومت نے اس کو نوٹ کر لیا ۔ جی اکرم شاہ خان صاحب ۔

FURTHER DISCUSSION ON THE ADJOURNMENT MOTION

REGARDING THE IMPOSITION OF GOVERNOR's RULE IN SINDH.

**جناب اکرم شاہ خان:** شکریہ جناب چیئرمین۔ آج ہم ایک تحریک التواء کے ذریعے سندھ میں گورنر راج کے نفاذ پر بحث کر رہے ہیں ۔ جناب چیئرمین ! سندھ میں گورنر راج کے نفاذ کو سمجھنے کے لئے ہمیں پاکستان کی پارلیمانی جمہوری تاریخ میں ذرا پیچھے جانا پڑے گا ۔ جناب چیئرمین ! جب ملک بنا تو یہاں پر آئین ساز اسمبلی بنی اور آئین ساز اسمبلی کی ایک Basic Principles Committee بنی جس نے ملک کا آئین بنانا تھا اور اس کمیٹی نے آئین کے تین مسودے بھی پیش کئے ، 17 November, 1950, کو ، 1953 کو ، 6th October, 1956 کو اس کمیٹی نے اپنے مسودے پیش کئے اور اس کے تیسرے مسودے کو آئین ساز اسمبلی نے قبول بھی کر لیا تھا اور آئین کے ان مسودات کی وجہ سے اس ملک کو مکمل وفاقی پارلیمانی جمہوریہ تسلیم کیا

گیا۔ یہ اصول تسلیم کیا گیا لیکن جناب والا! انتہائی افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ نو سال تک ہمارا ملک، ملک بے آئین رہا اس کی وجہ یہ نہیں تھی کہ اس ملک میں ایسے افراد و اشخاص نہیں تھے جو بیٹھ کر آئین لکھ سکتے، آئین بناتے بلکہ اصل مسئلہ اس ملک میں ان مقتدر طبقات کا تھا جو کہ اس ملک کے federating units کو اور اس ملک کے عوام کو اقتدار میں شریک نہیں کرنا چاہتے تھے اور بدقسمتی سے ہمارا ملک 1956 تک بے آئین رہا۔

Mr. Presiding Officer: Please take your seats. Let the House be attentive first. Yes please.

**جناب اکرم شاہ خان۔** جناب چیئرمین! میں گزارش کر رہا تھا کہ اس ملک کو نو سال تک بے آئین رکھا گیا اس کی وجہ یہ تھی کہ مقتدر طبقات اس ملک کے عوام اور federating units اور یہاں بسنے والی قوموں کو اقتدار میں شریک نہیں کرنا چاہتے تھے۔ پھر جب آئین بنا تو اس آئین کے تحت یہاں پر ون یونٹ بنایا گیا۔ بنگال کے ساتھ parity کا قانون بنایا گیا اور اس طریقے سے یہاں پر federating units ختم کر دیئے گئے۔ عوام کو اپنے جمہوری حقوق سے محروم رکھا گیا اور پھر بالآخر 1962 میں اس ملک کو، ہم بار بار کہتے ہیں کہ اس کو بنانے والے قائد اعظم محمد علی جناح صاحب اس ملک کو وفاقی پارلیمانی جمہوریہ بنانے کے قائل تھے وہ پاکستان کو وفاقی جمہوری پاکستان بنانا چاہتے تھے، اس کو بیچ میں سے نکال کر اس ملک کو صدارتی نظام کی طرف راغب کیا گیا۔ جناب والا! جب ہم یہ تمام جھگڑے دیکھتے ہیں تو اس میں صرف اور صرف ایک مقصد ہے وہ یہ کہ یہاں کی قوموں کو، قومیتوں کو، federating units کو اور اس ملک کے عوام کو اقتدار میں شامل نہیں کرنا ان کو اقتدار سے دور رکھنا ہے۔ جناب والا! اس بات پر بڑا افسوس ہوتا ہے جب یسین وٹو صاحب جیسے جمہوریت پسند جن کی جمہوریت کے لئے قربانیاں ہیں، سید صاحب بیٹھے ہوئے ہیں جو کہ آمریت کے دور میں جمہوریت کی لڑائی لڑ چکے ہیں، خالد انور صاحب کے بارے میں میں کچھ نہیں کہہ سکتا، مجھے زیادہ معلوم نہیں، ان دو صاحبان کا ان سب چیزوں میں رول ہے لیکن یسین وٹو صاحب کا پرسوں بیان آیا ہے کہ ہم تو آئین میں ترمیم ریفرنڈم کے ذریعے بھی کرا سکتے ہیں----

**میاں محمد یسین خان وٹو۔** جناب والا! یہ بات factually درست نہیں ہے۔ کسی

صاحب نے کہا کہ کیا اس سلسلے میں ریفرنڈم کی اجازت ہے ؟ تو میں نے کہا ریفرنڈم کی آئین میں شق ہے۔ ریفرنڈم کے ذریعے عوامی رائے کا تعین ہو سکتا ہے لیکن آئین میں ترمیم نہیں ہو سکتی۔

**جناب اکرم شاہ خان۔** جناب والا! میرے پاس "جنگ" اخبار ہے ۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** آپ سارے اخبارات دیکھ لیں ان میں یہی ہے ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** بہرحال اگر " جنگ" میں رپورٹ بھی ہوا ہے تو وہ تردید کر رہے ہیں ۔ Now next point please. Order please. Please show the respect to the Speaker.

**جناب اکرم شاہ خان:** آج چوہدری شجاعت حسین صاحب کا بیان ہے کہ ایسی اسمبلی جو عوام کے مسائل حل نہیں کرسکتی اس کو ٹوٹ جانا چاہیئے، اس کو توڑ دیا جانا چاہیئے۔ جناب چیئرمین! چوہدری صاحب جس اسمبلی کے ممبر ہیں، قومی اسمبلی کے ممبر ہیں، ان کی کیا کامیابیاں ہیں عوام کے لئے اور پھر کیوں ایسا نہ کہا جائے کہ اس کو بھی توڑ دیا جائے ۔ خدا نخواستہ ہم یہ نہیں کہیں گے کہ اس کو توڑ دیا جائے لیکن اس طریقے کے بیان درست نہیں کہ اسمبلی کو توڑ دیا جائے جو عوام کے مسائل حل نہیں کرسکتی۔

اب جناب چیئرمین ! آتے ہیں سندھ کی طرف۔ سندھ میں حکومت ناکام ہوئی ہے۔ انتظامیہ ناکام ہوئی ہے وہاں پر امن قائم کرنے میں۔ لیکن سزا اسمبلی کو ملی ہے، ایک منتخب ادارے کو ملی ہے، اس کے اسپیکر کو، اس کے اجلاس بلانے پر پابندی، اس کے اسپیکر کے اختیارات سلب کرنا۔ جناب چیئرمین ! وہاں پر انتظامیہ اور حکومت فیل ہوئی ہے۔ آپ اس کو ہٹا دیں کوئی اور حکومت بنا لیں۔ وہاں کی انتظامیہ فیل ہوئی ہے لیکن آپ نے وہاں کے 80 ممبروں کو چلتا کردیا ہے۔ وہاں آپ نے ایک پولیس انسپکٹر کو بھی معطل نہیں کیا۔ وہاں آپ نے ایک ڈپٹی کمشنر کو بھی معطل نہیں کیا لیکن اسمبلی کے 80 ممبروں کو آپ نے چلتا کردیا ہے۔ جناب چیئرمین! یہاں پر جس کو ہم کہتے ہیں invisible Government, یہاں پر ہر وقت ایسی حکومت، ایسے حکمران کارفرما رہتے ہیں جو کہ ہمیں نظر نہیں آتے۔ آپ کو یاد ہوگا کہ دو دن پہلے، جب یہاں پر اعتزاز احسن صاحب نے ایک نوٹیفکیشن پیش کیا جس میں گورنر کے اختیارات کم کئے گئے

تھے۔ یٰسین وٹو صاحب بیٹھے تھے، یہاں پر کم از کم آٹھ، دس وزراء بیٹھے ہوئے تھے اور سب نے انکار کردیا کہ ہمیں اس نوٹیفکیشن کے بارے میں کچھ بھی معلوم نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! یہاں پر نہ نظر آنے والی، غیر مرئی قوتیں ہم پر حکمران ہیں، ہم پر مسلط ہیں اور پھر دوسرے دن پیپرز میں چھپا کہ چوہدری شجاعت حسین صاحب نے، میاں صاحب چونکہ دورے پر تھے، رات کو بارہ بجے انہیں اطلاع دی، یعنی کہ میاں صاحب کو بھی کچھ پتہ نہیں تھا۔

جناب چیئرمین! جب تک ہم یہاں پر حکمرانی اداروں کو نہیں سونپیں گے، فیصلے اداروں کو نہیں سونپیں گے اور ہم ایجنسیوں کے ہاتھوں، invisible قوتوں کے ہاتھوں، غیر مرئی، نظر نہ آنے والی قوتوں کے ہاتھوں کھیلتے رہیں گے، ہمارا ملک اور ہماری قوم مشکلات میں پڑتی رہے گی۔ جناب چیئرمین! جیسے یہاں پر ڈاکٹر عبدالحئی صاحب نے بھی فرمایا کہ جب سے 15 ویں ترمیم کا ذکر آیا ہے، حکمرانوں نے ایک انتہائی غیر سنجیدہ بلکہ میں کہوں گا انتہائی خطرناک راستہ اختیار کیا ہوا ہے اور وہ یہ ہے کہ عوام کو اکسایا جا رہا ہے اداروں کے خلاف اور بالخصوص سینٹ کے خلاف۔ جناب چیئرمین! یہ آج 15ویں ترمیم کی بات نہیں ہے بلکہ پچھلے چھ، سات مہینوں سے، سینٹ میں بار بار اس پر بات ہوچکی ہے کہ سینٹ کو ختم کیا جارہا ہے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** شاہ صاحب، گورنر رول پر بات ہو رہی ہے۔ مطلب یہ کہ زیر بحث گورنر رول ہے۔

**جناب اکرم شاہ خان:** جناب میں آ رہا ہوں اس طرف۔ میں اصل میں اداروں کی اہمیت بتا رہا ہوں کہ اس ملک میں بنیادی جھگڑا یہاں پر مقتدر طبقات اور عوام کے بنیادی جمہوری حقوق کا ہے ۔ ہمارے ان مقتدر طبقات کو جب بھی موقع ملا ہے، انہوں نے عوام کے جمہوری حق سے انکار کیا ہے، اس کو ختم کیا ہے۔ جناب چیئرمین! ہم کراچی کے مسئلے کو لیتے ہیں۔ کراچی کو یہ مرض اس وقت لگا جب کراچی میں منتخب اسمبلی نہیں تھی۔ کراچی کا یہ مرض مارشل لاء کے دور کا مرض ہے اور اس مرض کا علاج ہمیں منتخب نمائندوں کے ذریعے، منتخب اسمبلی کے ذریعے، منتخب اداروں کے ذریعے کرنا چاہیئے نہ کہ ہمیں جس سے یہ مرض لگا تھا اس کے ذریعے کرنا چاہیئے، یعنی dictatorship کی وجہ سے ، مارشل لاء کی وجہ سے ، آمریت کے دور کی وجہ سے ، جو مرض کا اصل سبب تھا اس کو ہم علاج سمجھ بیٹھے ہیں ۔

جناب چیئرمین ! میری گزارش یہ ہے کہ سندھ میں گورنر راج کو فوراً ختم کیا جائے ، وہاں کی اسمبلی کو بحال کیا جائے ، وہاں کی اسمبلی کے اختیارات بحال کئے جائیں اور اگر وہاں پر جو حکومت انہوں نے بنائی تھی وہ ناکام ہو چکی ہے تو اور لوگوں کو موقع دیں کہ وہ حکومت بنائیں اور اپنی انتظامیہ کو درست کریں اور اس ملک کے حوالے سے ، اس ملک کی قوموں کے حقوق، اس ملک کے عوام کے حقوق ، اس ملک میں اداروں کی بالا دستی ، اس ملک میں اداروں کی مضبوطی کو تسلیم کریں، تو میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں مسائل حل ہوں گے ورنہ یہ مسائل اور بڑھتے جائیں گے ۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جناب حسین شاہ راشدی۔**

**جناب حسین شاہ راشدی۔** جناب چیئرمین ! سندھ میں گورنر راج کا نفاذ بدنیتی کی بنیاد پر کیا گیا ہے ۔ آئین میں جو متعلقہ شق تھی، جس کے تحت گورنر راج لاگو کرنا چاہیئے تھا وہ آرٹیکل 234 ہے مگر اس میں قباحت جناب چیئرمین! یہ تھی کہ اس میں ان کو پارلیمنٹ کے سامنے آنا پڑتا اور چھ مہینے سے زیادہ وہ اس گورنر راج کو طول نہیں دے سکتے تھے، اس لئے اپنی دانست وعقل کے مطابق اس حکومت نے آرٹیکل 232 کے تحت گورنر راج کا نفاذ کیا ہے اور اب حکومت خود مخمصے میں پھنس گئی ہے کہ کیا کرنا چاہیئے اور ایک مشکل کو دور کرنے کے لئے وہ دس مشکلیں اپنے لئے اور قوم کے لئے پیدا کر رہی ہے اور نتیجہ یہ ہے کہ اس وقت ملک constitutional بحران میں پھنس گیا ہے ۔ کل جناب ساجد میر صاحب نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اس سے کیا فرق پڑتا ہے کہ اگر آرٹیکل 234 کے تحت گورنر راج نافذ نہیں کیا گیا اور آرٹیکل 232 کے تحت نافذ کیا گیا، وہ بھی تو آئین کا ایک حصہ ہے تو اس میں اپوزیشن کو مخالفت نہیں کرنی چاہیئے تھی۔ میں ان سے بڑے ادب سے گزارش کروں گا کہ دونوں میں بہت واضح فرق ہے۔ یہ ایسے فرق ہے کہ کوئی میرے بال استرے سے کاٹے یا کوئی میرے بال نوچے، یہ فرق آرٹیکل 232 اور 234 میں ہے۔ صحیح جو طریقہ تھا، جو آئینی طریقہ تھا وہ آرٹیکل 234 کا تھا۔

جناب والا! اس سے حکومت کی بدنیتی ظاہر ہوتی ہے اور یہ واقعات کا تسلسل ہے جو گورنر راج تک جا پہنچا ہے اور اس کے بعد جو افتاد پڑے گی، جو ٹارگٹ بن رہا ہے وہ ہمارا مقدس ادارہ سینٹ ہے اس پر یہ زد پڑے گی۔

میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ محترم وزیر اعظم صاحب ایک مخصوص ذہنیت کے مالک معلوم ہوتے ہیں - وہ چاہتے ہیں کہ وہ ملک کے مطلق العنان حکمران بنیں اور اگر میں آپ کو واقعات کا تسلسل بتاؤں کہ ان سے ذہنیت کی عکاسی کس طرح ہوتی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ بھی convince ہو جائیں گے کہ واقعی انہوں نے گورنر راج کا نفاذ سندھ میں بدنیتی کی بنیاد پر کیا ہے - یہ ذہنیت دراصل ذہنیت ہے جناب مرحوم ضیاء الحق کی، وہ ہر چیز کو اپنے قبضے میں رکھنا چاہتے تھے۔ چونکہ انہوں نے ہی ہمارے وزیراعظم صاحب کی سیاسی اور روحانی تربیت کی تھی - میں سمجھتا ہوں کہ جمہوریت کے لبادے میں ابھی تک مرحوم ضیاء الحق پاکستان پر حکمرانی کر رہے ہیں۔ آپ کو یاد ہو گا جناب ! کہ جنرل ضیاء الحق صاحب نے کہا تھا کہ آئین کیا ہے۔ آئین ایک دس بارہ صفحات کا کتابچہ ہے، جس کو میں جس وقت چاہوں پھاڑ کے رکھ دوں۔ بعینہٖ اسی تقویٰ پر عمل کرتے ہوئے جناب نوازشریف صاحب یہ فرماتے رہتے ہیں کہ میں تو بہت کچھ کرنا چاہتا ہوں مگر آئین اور قانون آڑے آ رہا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو کچھ آئین میں لکھا گیا ہے وہ ان کے لئے ایک مشکل کا باعث ہے۔ وہ اقدامات جو وہ لینا چاہتے ہیں، وہ اس میں آڑے آ رہا ہے۔ تو اس سے معلوم یہ ہوا کہ آئین کے لئے جناب وزیراعظم صاحب کے دل میں کتنی عزت ہے۔ جناب وزیراعظم صاحب کا ایک نکاتی ایجنڈا ہے۔ وہ ہے مطلق العنانیت۔ اس لئے وہ بتدریج اپنے مقصد کی طرف بڑھ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین ! وہ یہ چاہتے ہیں کہ آئین کے تحت ملک کے جتنے بھی ادارے ہیں وہ ان کی مٹھی میں، ان کے قبضے میں ہوں اور ان کے اشارہ ابرو پر ناچتے رہیں۔ انہوں نے تیرہویں ترمیم پاس کروائی۔ ہم نے سمجھا کہ قانون میں ایک ایسی clause آ گئی ہے کہ جس کا استعمال غلط ہوتا رہا ہے۔ ہم نے اس کو unanimously pass کروایا۔ Horse trading کا ایک مسئلہ تھا۔ اس میں بھی ہم نے جناب نواز شریف صاحب کی مدد کی اور اتفاق رائے سے چودھویں ترمیم بھی ہم نے پاس کروائی۔ ہمیں یہ معلوم نہیں تھا کہ وہ تیرہویں اور چودھویں ترمیم کو کس طریقے سے استعمال کریں گے۔ انہوں نے اپنی پوری پارٹی میں guillotine لگا دیا ہے کہ اگر کوئی مخالفت کرتا ہے، اگر کوئی وہاں تجویز پیش کرتا ہے تو اس کو استعفیٰ دینے پر مجبور کیا جاتا ہے۔

اس کے بعد جناب ! انہوں نے ، آپ نے دیکھا ہو گا کہ سپریم کورٹ پر حملہ کروایا جس کا فیصلہ ابھی آنا ہے۔ تو یہ ایک عجیب ذہنی کیفیت ہے کہ ہر چیز میرے پاس ہونی چاہیئے - اس

کو طب مشرق میں نام دیا گیا ہے "مالیخولیا" اور حکومت کو یہ مالیخولیا ہو گیا ہے کہ کسی نہ کسی طرح ہر چیز پر قبضہ کیا جائے۔ جناب چیئرمین! گورنر راج کو پورے صوبے میں نافذ کرنے کے لئے کوئی جواز موجود نہیں تھا۔ میری گزارش یہ ہے کہ کراچی میں لا قانونیت تھی۔ جب سے یہ مسلم لیگ نوازشریف کی حکومت آئی ہے، قتل، دہشت گردی کے ضمن میں یا عام قتل بڑھ رہے تھے اور لاقانونیت تھی۔ اگر ان کو گورنر راج نافذ کرنا تھا، اگر واقعی لاقانونیت کو ختم کرنا تھا، اگر واقعی ان کو ملک میں قانون کا دور دورہ کرنا تھا تو وہ کراچی میں گورنر راج نافذ کر سکتے تھے۔ پورے سندھ کو اس کی زد میں کیوں لیا گیا۔

پھر جناب چیئرمین! آپ جانتے ہیں کہ گزشتہ تین چار روز سے مختلف قسم کے notifications آتے رہے ہیں۔ ان میں ترامیم ہوتی رہی ہیں۔ وہ پھر واپس لئے گئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس مقدس ادارے میں جو اعتراضات اٹھائے گئے، جو حکومت پر pressure ڈالا گیا، جو حکومت کی بدنامی ہوئی اس کے تحت ان کو واپس لینے پڑے۔ مگر اس کے باوجود بھی وہ گورنر بے اختیار ہے۔ اس کو اوپر سے مسلسل احکامات جاری ہو رہے ہیں۔ جناب اکرم شاہ صاحب نے بالکل صحیح بات کی کہ آپ پوری اسمبلی کو تو معطل کر دیتے ہیں۔ اس کے ۱۰۹ ممبران کو اپنے آئینی اختیارات استعمال کرنے سے روکتے ہیں۔ مگر آپ یہ بتائیں کہ لاقانونیت کے ضمن میں آپ نے کون سا آفیسر suspend کیا ہے، کس آفیسر کی آپ نے سرزنش کی ہے، کس آفیسر کو آپ نے نکالا ہے؟ اس قسم کی کوئی بات نہیں ہوئی ہے۔ اس موقع یعنی گورنر راج کا فائدہ اٹھاتے ہوئے دو افسران دوسرے صوبے سے سندھ میں import کیے گئے اور ان میں سے کسی کو ۸۰ افسران پر سے promotion دی گئی ہے، کسی کو ۶۰ پر دی گئی ہے۔ اور وہ صاحبان، وہ افسران جو سندھ سے قطعی نابلد ہیں، جو سندھ کے حالات سے ناواقف تھے، ان کو لایا گیا محض ان کو patronize کرنے کے لیے۔

جناب چیئرمین! ہر آئینی کام کرنے کے لیے بھی ایک طریقہ کار ہوتا ہے جس سے یہ وضاحت ہو کہ حکومت یہ کام sincerely کر رہی ہے۔ اس میں وضع داری ہوتی ہے، ایک نفاست ہوتی ہے۔ بفرض محال اگر ایم کیو ایم نے مسلم لیگ نواز شریف سے اپنا رشتہ توڑ دیا تھا اور مسلم لیگ (نواز گروپ) کی حکومت اقلیت میں آ گئی تھی تو گورنر صاحب کے لیے یہ لازم تھا کہ اسمبلی کا اجلاس بلاتے، اسمبلی اپنا نیا لیڈر چنتی۔ اگر وہ اسمبلی ناکام ہوتی، اگر وہ پارلیمانی لیڈر

منتخب نہیں کر سکتی تھی تو پھر اک جواز ، خفیف سا ہی، کمزور سا ہی سہی ، بحرحال بنتا تھا کہ چونکہ یہاں کوئی حکومت قائم نہیں ہوسکتی لہٰذا ہم گورنر راج نافذ کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین ! ابھی تین چار روز ہوئے کہ حکومت نے پنجاب اور سندھ میں لاقانونیت کے اعداد وشمار پیش کیے ۔ اس سے ثابت ہو گیا کہ جتنی لاقانونیت ، جتنے قتل وغارت پنجاب میں ہو رہے ہیں اس کا عشرعشیر بھی سندھ کے دوسرے اضلاع میں نہیں تھا۔ جہاں تک سندھ کا تعلق ہے ، لاقانونیت محض کراچی تک محدود تھی۔ پنجاب میں ہر ضلع میں ، ہر شہر میں قتل و غارت ہو رہی ہے مگر وہاں حکومت کو یہ نہیں سوجھتا کہ گورنر راج لاگو کریں کیونکہ وہاں چھوٹے بھائی حکمرانی کر رہے ہیں ۔ باقی سندھ چونکہ ایک مسکین ، ایک یتیم صوبہ ہے ، اس لیے اس حکومت نے وہاں گورنر راج لاگو کیا ہے۔

جناب چیئرمین ! لاقانونیت کوئی اچانک پیدا نہیں ہوئی کہ جس کی وجہ سے گورنر راج نافذ کیا جائے ۔ میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ جب سے مسلم لیگ حکومت وجود میں آئی ، کراچی میں لاقانونیت کا سلسلہ بڑھ گیا۔ یہ درست ہے کہ جناب حکیم سعید صاحب ایک اعلیٰ انسان، ایک محب وطن پاکستانی اور بہت سے اداروں کے بانی تھے اور وہ ایک مخلص انسان تھے مگر کیا حکومت کو اپنا فرض اس وقت یاد نہیں آیا جب ۱۹، ۱۹ آدمی کراچی مین ایک دن میں قتل ہوتے تھے۔ کیا ان کا ضمیر اس وقت نہیں جاگا جب لوگوں کو ، آٹھ آٹھ ، دس دس آدمیوں کو روزانہ قتل کیا جاتا تھا۔

جناب چیئرمین ! ایسی کوئی نفسیاتی بے حسی کراچی کے لوگوں کے بارے میں ہو گئی تھی کہ جو خبریں شہ سرخیوں میں آتی تھیں قتل کی ، وہ اتنی عام ہوگئیں کہ ان کو بیک پیج پر یا اندرونی صفحات پر coverage دی جاتی تھی۔ اس وقت حکومت نے کیوں نہ سوچا، اس وقت حکومت نے کیوں نہ یہ اقدامات اٹھائے کہ لاقانونیت کو ختم ہونا چاہیے بلکہ انہوں نے اپنے گرد دہشت گردوں کا جشن بہاراں لگا رکھا تھا۔ ان کو اسی وقت کچھ کرنا چاہیے تھا۔

جناب عالی! وفاقی حکومت جب سندھ میں قائم تھی ، جب لیاقت علی جتوئی وہاں کے وزیر اعلیٰ تھے تو اس وقت کونسا مرکزی حکومت نے صوبائی خود مختاری کا خیال کیا۔ میرے آفتاب بھائی کہتے ہیں کہ مرکزی حکومت ریموٹ کنٹرول سے سندھ کا انتظام روز اول سے چلا رہی تھی۔ حکومت province سے نہیں ہوتی تھی، ان کو مستقل مرکز سے ہدایات جاری ہوتی تھیں۔ خود

وزیر اعظم آ کر وہاں law & order کی meetings کرتے تھے اور ہمیں، پبلک کو اور سندھ کے عوام یہ یقین دلاتے تھے کہ لاقانونیت پر قابو پا لیا جائے گا۔ جناب چیئرمین ! یہ سلسلہ پورے ڈیڑھ برس سے جاری تھا۔ وہ قوم کو گمراہ کر رہے تھے۔ اب انہوں نے پورا سندھ اپنی تحویل میں لے لیا ہے۔ تو وہ ان کے پاس پہلے ہی تھا۔ یہ تو انہوں نے اپنی ناکامی کا indirectly اعتراف کیا ہے۔

Mr. Presiding Officer: Please conclude now.

Mr. Hussain Shah Rashdi: Sir, I will finish it.

جناب ! اصل بات یہ ہے کہ جناب وزیر اعظم صاحب کی یہ دلی تمنا تھی کہ کسی نہ کسی طرح ہر صوبے میں مسلم لیگ نواز گروپ کی حکومت قائم ہو، اس کی وجہ سے انہوں نے سیاسی مصلحتوں سے کام لیا۔ ہر صوبے میں ماسوائے پنجاب کے مسلم لیگ کو اکثریت نہیں تھی۔ سیاسی مصلحت کی بنیاد پر، مسلم لیگ کا دیو گوڑا ہے وہ وہاں پر بٹھانا چاہتے ہیں اور اس کی وجہ سے حکومت سیاسی مصلحت کے طور پر بہت سی چیزیں concede کرتی چلی گئی جو اس حکومت کو نہیں کرنی چاہیئں تھیں اور یہ جو لاقانونیت میں اضافہ ہوا ہے یہ بھی حکومت کی اپنی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ہوا ہے۔ جناب ! میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ جناب نواز شریف صاحب کا پورا زور نہ ملک کی اقتصادی صورت حال کو بہتر بنانے میں صرف ہوا ہے، نہ لاقانونیت کا قلع قمع کرنے کے لئے ہوا ہے، نہ فارن پالیسی کو نئی جہت دینے کے لئے انہوں نے کوئی کوشش کی ہے۔ اس پورے عرصے میں ان کی کوشش رہی ہے کہ پیپلز پارٹی کو کس طرح عذاب میں مبتلا کیا جائے، ان کی victimization کی جائے اور پیپلز پارٹی کے لیڈروں کی نسل کشی کس طرح کی جائے ----

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ نسل کشی یا نسل کشی۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ نسل کشی، نسل کشی ---

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ آپ نے بولا نسل کشی تھا۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ میں معافی چاہتا ہوں۔ نسل سے کیا کشیدہ کریں گے، یہ تو کشی کر رہے ہیں۔ میں گزارش یہ کر رہا تھا کہ ۲۲۲ کے تحت نہ اسمبلی کے اختیارات سلب کیے جا سکتے ہیں، نہ ان کے جمع ہونے پر کوئی قدغن لگ سکتی ہے اور نہ ممبران کو روکا جا سکتا ہے کہ وہ اسمبلی کی بلڈنگ میں نہ آئیں۔ مگر جناب چیئرمین ! آپ خود ملاحظہ کر رہے ہیں کہ یہ تمام چیزیں

ہو رہی ہیں جو قطعی غیر آئینی ہیں۔ سپیکر کی پاورز معطل کی گئی ہیں۔ سپیکر اسمبلی کا ایک حصہ ہے۔ اس کا سربراہ ہے اور اسمبلی کو ۲۳۲ کے تحت ---۔ اس حکومت کو آئین کے تحت اختیار ہی نہیں ہے کہ اسمبلی کو معطل کرے۔ سپیکر اسمبلی کا ایک حصہ ہے۔ اگر آپ اسمبلی کے سپیکر سے وہ اختیارات لے لیں گے، آپ اگر اسمبلی کی بلڈنگ کو بند کر دیں گے، اگر آپ اسمبلی کے ممبران کو ممانعت کریں گے کہ آپ اجلاس نہ کریں تو پھر اسمبلی کا وجود کہاں رہا۔ جب اسمبلی کا وجود ہی قائم نہیں رہتا، اگر سپیکر کے پاس یہ پاور نہیں ہے کہ وہ اجلاس بلائے تو وہ اسمبلی جو ہے وہ کس طرح کام کر سکتی ہے۔ اسمبلی اپنے آئینی فرائض کس طرح بجا لا سکتی ہے۔ جناب چیئرمین! یہ ایسی چیزیں ہیں جس میں اس حکومت کو سوچ لینا چاہیئے کہ وہ ایک خطرناک کھیل کھیل رہی ہے۔ اس کی وجہ سے سندھ میں کافی غم و غصہ اور نفرت پائی جاتی ہے اور سندھ میں جو کچھ ہوا ہے، اس سے دوسری چھوٹی وفاقی اکائیوں کو بھی ایک پیغام بھیجا جا رہا ہے کہ اگر وہ اچھی طرح نہیں چلیں گے، اگر وہ نواز شریف صاحب کے احکامات کی تعمیل نہیں کریں گے تو ان کے ساتھ بھی یہ حشر ہو سکتا ہے ----

**Mr. Presiding Officer:** Mr. Shafqat Mahmood now.

**Mr. Hussain Shah Rashdi:** Sir, just one sentence.

میں اس مقدس ایوان سے گزارش کروں گا کہ جو مطلق العنانیت کی طرف اپنا رخ موڑا ہے اور جہاں وہ جا رہے ہیں، فقط یہ ایک ادارہ ہے سینٹ کا جو اب نواز شریف صاحب کی حکومت کو بریک لگا سکتا ہے، ان کے مقاصد میں حائل ہو سکتا ہے۔ اس لئے میں اس ایوان سے یہ گزارش کروں گا کہ وہ اس بارے میں سخت موقف اختیار کریں اور اس حکومت کو مطلق العنانیت کی طرف نہ بڑھنے دیں۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** مسٹر شفقت محمود۔

**جناب شفقت محمود۔** بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین، میں چاہتا تو نہیں تھا کہ اس کا ذکر کروں لیکن یہ ذکر کرنا مناسب ہے۔ اس لئے کہ اگر یہ exercise کی جاتی ہے کہ لسٹیں بنائی جاتی ہیں کہ کس نے کس وقت بولنا ہے اور اگر ان لسٹوں کو ان کے مطابق follow نہیں کیا جاتا ہے تو پھر ایسی لسٹیں بنانے کا فائدہ کیا ہے۔ اس لئے کہ ایک تیاری

اور ایک طریقہ ہوتا ہے ۔ اور اگر اس لسٹ کو follow بھی نہ کیا جائے تو پھر میرا خیال ہے اس سارے قاعدے قانون کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ پھر جو کھڑا ہو جائے بولنا شروع کردے ۔ اس کو اجازت دے دینی چاہیے ۔ میں راشدی صاحب کو نہیں کہہ رہا ، ان کو تو آپ نے کہا تھا ۔ لیکن میں صرف یہ گزارش کررہا ہوں کہ جو ایک لسٹ بنائی گئی ہے اس کے مطابق اگر چلا جائے تو زیادہ مناسب ہو گا ۔

جناب چیئرمین دوسری بات یہ ہے کہ جس طریقے سے ہاؤس کو conduct کیا جا رہا ہے ، اس کے بارے میں کہوں گا کہ حکومت نے یہ بڑا اچھا طریقہ استعمال کیا ہے کہ سیشن پانچ بجے بلاتے ہیں ۔ تقریباً چھ بجے تک یہ on ہوتا ہے ۔ ایک ڈیڑھ گھنٹہ وقفہ سوالات میں چلا جاتا ہے-----

Mr. Presiding Officer: Minister for Parliamentary Affairs to be attentive to the remarks being made by the learned Senator.

**جناب شفقت محمود** ۔ جی ہاں جی ، ان کو کوئی interest نہیں ہے ۔ کسی کو کوئی interest ہی نہیں ہے ۔ اس لئے کہ یہ بھی ایک طریقہ واردات بن گیا ہے کہ پانچ بجے اجلاس بلایا جائے ۔ چھ بجے تک لوگ اکٹھے ہوں ۔ اس کے بعد سات ساڑھے سات تک وقفہ سوالات چلے ۔ اس کے بعد پوائنٹ آف آرڈرز ۔ جو ہمارے پریس والے بھائی ہیں جن کی deadlines ہیں ، جنہوں نے جاکر اپنی stories فائل کرنی ہوتی ہیں ، وہ کتنی دیر تک انتظار کریں ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ زیادہ تر لوگ انتظار کرکے چلے جاتے ہیں ۔ یہ اس وقت ہم مشق کر رہے ہیں ۔ ٹھیک ہے ہمارے چند بھائی بیٹھے ہیں ، میں ان کا مشکور ہوں کہ وہ اس وقت تک بیٹھے ہیں لیکن جناب چیئرمین صاحب ! آپ کو بتاؤں کہ اس مشق کا کوئی فائدہ نہیں ہے ۔ نشستند ، گفتند ، برخاستند۔ اگر ہم نے ایک دوسرے کو باتیں سنانی ہیں تو ہم تو ایک دوسرے کو باتیں سناتے رہتے ہیں۔ یہ سارا سلسلہ عوام کو جتانے کے لئے ہوتا ہے کہ ہمارے جذبات کیا ہیں ۔ اگر اس طریقے سے ۹ یا ۱۰ بجے تک چلے تومقصد پورا نہیں ہوتا ۔ حکومت نے انتہائی چالاکی سے ایک چھوٹا سا نکتہ ڈھونڈ لیا ہے ۔

یہ ایک وزیر صاحب بیٹھے ہیں اور دوسرے کوڑا کے نکالنے والے بیٹھے ہیں ۔ ان کو

کوئی دلچسپی نہیں ہے کہ یہاں کیا ہو رہا ہے ، نہ آپ ان کو in order کر رہے ہیں کہ بھئی ، اس کی طرف کم از کم توجہ تو کریں کہ وہ کہہ کیا رہا ہے ۔ وزارت پارلیمانی امور کے بارے میں جو نکتہ تھا وہ انہوں نے سنا ہی نہیں کہ کیا تھا ۔ اس لئے جناب ! اصل بات یہ ہے کہ یہ پارلیمانی نظام اس حکومت اور اس وزیر اعظم نے صرف شو شا کے لئے رکھا ہوا ہے ۔ یہ کوئی پارلیمانی نظام نہیں ہے ۔ جس میں پارلیمنٹ کی کوئی حیثیت ہی نہیں ہے ، یہاں پر جو کہا یا کیا جاتا ہے اس کی کوئی حیثیت نہیں ہے ، کمیٹیوں کی کوئی حیثیت نہیں ہے ، ہم یہاں پر آتے ہیں ، شور مچاتے ہیں ، ایک دوسرے کو گالیاں دیتے ہیں ، بولتے ہیں ، بہت واویلا ہوتا ہے ، کوئی اس کا اثر نہیں ہوتا ، جوں تک کہیں نہیں رینگتی ۔

یہ وائس ریگل سسٹم ہے ۔ وائس ریگل سسٹم چل رہا ہے ۔ جس میں بادشاہت ہے اور ہم نے ایک فراڈ پارلیمانی نظام بنایا ہوا ہے ۔ لوگوں کو کہا جاتا ہے کہ جمہوریت ہے ، پارلیمانی نظام ہے ۔ کوئی جمہوریت اور پارلیمانی سسٹم نہیں ہے ، کوئی سلسلہ نہیں ہے ۔ ایک شخصی حکومت ہے۔ اور وہ اس پر بھی satisfied نہیں ہیں ۔ شخصی حکومت ہے پھر بھی satisfied نہیں ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ جو تھوڑی سی شو شا ہے اس کو بھی ختم کیا جائے تاکہ ٹوٹلی سارے اختیارات اپنے ہاتھ میں آ جائیں ۔ میں تو اس لئے بول رہا ہوں کہ آپ نے مہربانی کی ہے ، آپ کو یاد آ گیا ہے ، تیاری کی ہوئی ہے ۔ لیکن جس طریقے سے ان ایوانوں کے اختیارات ہیں یا جو contribution ہے ، ساڑھے چار سال مجھے اس ایوان میں ہوگئے ہیں، جناب چیئرمین ! میں آپ کو حقیقت کہتا ہوں، ساڑھے چار سال میں جتنی مجھے disappointment ہوئی ہے اس ہاؤس سے اور نیشنل اسمبلی کو بھی میں دیکھتا ہوں ، مجھے بہت disappointment ہوئی کہ ان کی کوئی contribution کسی صورت میں ہے ہی نہیں ۔ اس لئے کہ کسی کو پرواہ نہیں ہے ۔ کسی کو کوئی پرواہ نہیں ہے۔ یہ صرف at best in debating club ہے ۔ ہاں ! معاشرے میں ہم جاتے ہیں، ہماری بڑی قدر ہے جناب ! کہ سینیٹر صاحب آ رہے ہیں ۔ ہم وہاں چھاتی چوڑی کرکے پھرتے ہیں لیکن جو ہماری اصل اوقات ہے وہ ہم سب کو پتہ ہے کہ ہماری اوقات کیا ہے ۔ بہرحال موضوع ہے، اب بولنا ہے میں تو صرف یہ گزارش کروں گا کہ یہ جو گورنر رول کی imposition ہے، یہ چیئرمین صاحب ! تین لیول پر failure ہے۔ پہلے تو سیاسی لیول پر failure ہے۔ سیاسی لیول پر failure اس طرح ہے کہ جو منتخب ادارہ تھا ، راشدی صاحب نے اس پر بہت

لمبی بات کی ہے میں اس کو دہرانا نہیں چاہتا کہ منتخب ادارہ جو ہے اس کو کام کرنے سے روک دیا گیا ۔اس چیز کا انتظار ہی نہیں کیا گیا کہ وہاں سے کوئی لیڈر شپ پیدا ہوگی یا نہیں ہو گی۔ جناب دوسرا وہاں پر major communities سندھ میں ہیں ان کو dis enfranchise کر دیا گیا۔ یعنی مہاجر کیمونٹی ہے اس کو بھی disenfranchise کر دیا گیا ہے، سندھی کیمونٹی کو بھی disenfranchise کر دیا گیا ۔ یا آپ اگر اس کو دوسرے طریقے سے کہنا چاہتے ہیں تو سیاسی پارٹیاں جتنی بھی ہیں ان کو disenfranchise کر دیا گیا۔ تو یہ اتنی بڑی ناکامی ہے لیکن کون کون سی failure ان کو گنتی کرائیں ۔ بےشمار failures ہیں۔ ان کی لسٹ اتنی لمبی ہے کہ جس کے بارے میں جتنا کہا جائے اتنا کم ہے۔ اس کے بعد جناب چیئرمین! یہ ایڈمنسٹریٹو failure ہے again اس کے اوپر اتنی باتیں ہو چکی ہیں کہ ایڈمنسٹریشن کے حساب سے نہ تو law and order کو صحیح کیا تھا نہ وہاں پر عام آدمی کی زندگی کے تلخ اوقات میں کوئی بہتری ہوئی ۔ یعنی نہ وہاں پر لوگوں کو relief courts میں ملتا تھا نہ relief administration سے ملتا تھا اور نہ انہیں relief پولیس سے ملتا تھا اس کا رزلٹ یہ ہوا کہ یہ جو غیر قانونی چیزیں ہیں یہ مزید اور بڑھیں۔ اور تیسری سطح پر failure ہے چیئرمین صاحب! یہ حکومت کی معاشی پالیسیوں کا failure ہے ۔ کیونکہ ہمیں اس کے اوپر غور کرنا چاہیئے ۔ کراچی میں دہشت گردی ٹھیک ہے اس میں بہت سارے عوامل ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ جو سیاسی پارٹیاں ان دہشت گردوں کی سرپرستی کرتی ہیں وہ بھی بڑی زیادتی ہے۔ دہشت گردوں کی سرپرستی بند کر دینی چاہیئے ۔ اور اسی سے سیاست بھی آگے بڑھے گی اور سندھ کا اور پاکستان کا مستقبل بھی بہتر ہو گا ۔ لیکن اس کے بارے میں کوئی شخص نہیں ہے جو سوچے کہ کراچی میں کیا انوسٹمنٹ کی ہے، کراچی کے شہریوں کی تلخ زندگی ہے، اس کو بہتر بنانے کے لیے کیا کیا گیا ہے ۔جو آدمی صبح اٹھتا ہے اس کے نہانے کے لیے پانی نہیں ہے، اس کے لیے پینے کا پانی نہیں ہے ۔ اس کو اپنی باقی جو ضروریات زندگی ہیں ان کے لیے وہاں کچھ میسر نہیں ہے، وہ اپنے بچے کو سکول جب بھیجتا ہے جو سکول کی حالت ہے وہ دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ اس کے بعد اگر وہ بیمار ہو جاتا ہے تو جس ہسپتال میں جاتا ہے تو وہاں اس کی حالت دیکھنے والی ہوتی ہے ۔ تو ہم نے ایک بلین ڈالر لگا دیا ہے موٹروے پر ۔ یعنی کہ موجودہ حالات کے مطابق 57 ارب روپیہ آپ نے موٹروے پر لگا دیا ہے ۔ اس وقت ایک سو چار کروڑ روپے سے لاہور ائیرپورٹ پر ٹرمینل بنا رہے ہیں ۔ کوئی خدا کا خوف کرو۔ کوئی دو سو، تین

سو، چار سو کروڑ روپیہ کراچی میں پھینکیں وہاں لوگوں کی زندگی کے حالات کو بہتر کریں ۔ جب آپ لوگوں کے زندگی کے حالات کو بہتر کریں گے اور لوگوں کو جب محسوس ہوگا کہ کچھ اور بھی ہے تو شاید یہ دہشت گردی کی طرف تنگ آمد بجنگ آمد والی بات ہے جناب چیئرمین ۔ اس کے بعد ٹھیک ہے سیاسی پارٹیوں کی کمزوری ہے کہ وہ اس قسم کے دہشت گردوں کو پکڑ کر سینے سے لگا لیتے ہیں ان کو پکڑ کر وہ اپنے سیاسی مفادات کو آگے بڑھانے کے لیے ان کو استعمال کرنا شروع کر دیتے ہیں ۔ اگر فنڈز کی ضرورت ہے تو اس کے لیے ان دہشت گردوں کو استعمال کرنا شروع کردیتے ہیں یا کسی اور چیز کی ضرورت ہے ۔ لیکن مقصد یہ ہے کہ جو ایک environment ہے وہ deprivation کی وجہ سے ہے۔ جناب ! اور ہم کر کیا رہے ہیں۔ جناب ! budget جو ہے ہمارا وہ ہم ان چیزوں پر ضائع کر رہے ہیں اور ہم کراچی میں کچھ کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ تو چیئرمین صاحب ! میں تو یہ کہتا ہوں اور پھر کرتے کیا ہیں ہر چیز میں گندی سیاست ۔ ایک تو ہوتا ہے ناں کہ آپ positive سیاست کریں، ایک ہے گندی سیاست ہر چیز میں ۔ بھئی اگر دہشت گرد پکڑے گئے تھے، پیپلز پارٹی نے پکڑ لیے تھے تو گناہ کیا پیپلز پارٹی نے، اگر دہشت گرد پکڑے گئے تو آپ نے بغیر سوچے سمجھے سو دو سو دہشت گردوں کو کراچی کی سڑکوں پر پھینک دیا ۔اور اس کے بعد جب شور شرابا ہوا، قتل و غارت دوبارہ شروع ہوئی تو پھر ہاتھ ملنے لگ گئے کہ جناب ! بڑا کام خراب ہو گیا ہے، law and order کی situation بڑی خراب ہو گئی ہے ۔ جناب مقصد یہ ہے کہ خدا کا واسطہ ہے، جو اس قسم کی قومی مفادات کی چیزیں ہیں، اب دہشت گردی کس کے حق میں ہے ۔ کسی کے حق میں نہیں لیکن نہ ہم اپنے گریبان میں جھانکتے ہیں نہ قومی مفادات کے لیے ایک single minded determination کے ساتھ دہشت گردی کو کچلتے ہیں ۔ اب بھی ہم پالیٹکس کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ ابھی بھی یہ سارے سلسلے ہو رہے ہیں ۔تو میں کہتا ہوں single minded determination کے ساتھ اس کو کچلیں ۔اور جو ہاتھ میں آ جاتا ہے اس کو پھر نہ چھوڑیں ۔تاکہ دوسروں کے لئے کوئی عبرت ہو کہ خدا کا واسطہ ہے کہ اگر ہم دہشت گردی کریں گے، اگر ہم کوئی برائی کریں گے تو اس کا ہمیں خمیازہ بھگتنا پڑے گا ۔اس کے بعد کوشش کریں کہ آپ اپنے کورٹ سسٹم کے ذریعے ان لوگوں کو سزا دیں تاکہ لوگوں کو نظر آئے ۔اور تیسری بات جو ہے جناب چیئرمین !یہ جو لاء اینڈ آرڈر کے معاملات ہیں ناں! اگر ہم نے، ہماری حکومت نے، پیپلز پارٹی کی حکومت نے یہ کیا تھا

کہ ایک peace وہاں create کر دیا تھا لیکن یہ peace create کرنا ایک first step ہے۔ Question is that first step کے بعد second and third step جو ہے وہ لینا بہت ضروری ہے۔ آپ یہ کہتے رہیں گے کہ جناب! ہم جمہوریت پر believe کرتے ہیں لیکن مقصد یہ ہے کہ اگر آپ جمہوریت پر believe کرتے ہیں تو اگلا step جو ہے وہ ناگزیر ہے۔ وہ ناگزیر ہے کہ آپ عوام کے نمائندے ہیں اس لیول پرجائیں، مقامی سطح پر جائیں، ان کو اختیارات دیں۔ ان کو کہیں کہ یہ آپ کی زندگی ہے، آپ اپنی زندگی کا انتظام خود سنبھالیں۔ میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ آپ کراچی کو 20 municipalities پر divide کریں۔ کراچی ایک multi ethnic city ہے، اس کوبیس municipalities پر تقسیم کریں اور ہر میونسپلیٹی کو جو جوڈیشل اختیارات ہیں ان کی میں بات نہیں کر رہا جناب چیئرمین! میں کہہ رہا ہوں کہ پولیس کا بھی کہیں کہ آپ پولیس کے بھی، لاء اینڈ آرڈر کے بھی انچارج ہیں، جسٹس سسٹم جو ہے اس کو بھی improve کرنے کے آپ انچارج ہیں۔ جہاں آپ sanitation کے انچارج ہیں، جہاں آپ باقی جو میونسپل سروس کے انچارج ہیں۔ You must take control of your own life. جب آپ ان لوگوں کے حوالے یہ ذمہ داری کریں گے جو وہاں کے رہنے والے ہیں، بیس میونسپل کمیٹیز، میں کیوں کہہ رہا ہوں اس لئے کہ چیئرمین صاحب! ساری دنیا میں یہ دیکھا گیا ہے کہ جو بڑے بڑے شہر ہیں ان کو centrally administer نہیں کیا جاسکتا۔

You have to divide large cities into towns to administer them properly. Karachi a unified municipality cannot be administered properly. It will fail, it has failed in the past. So, therefore, it is even more of a necessity to reconsider the approach of a municipal governance in Karachi and the only approach to have the municipal governance in Karachi is to divide Karachi into large number of municipalities. It should be done in Lahore, it should be done in all larger cities, divide them into municipalities and then give them real powers. Tell the people in those municipalities that you have to look after law and order, that you have to look after judicial system also. Create your own judicial system, create your own police so that you take control of your own lives.

اور پھر ان کو فنڈز جو ہیں وہ دیں اپنی development کرنے کے لئے، کچھ ان کو کہیں کہ خود جمع کریں کچھ ان کو فنڈز دیں تو لوگوں کو یہ محسوس ہو گا کہ نہ صرف ہماری زندگی میں فرق پڑا ہے بلکہ ہماری زندگی کا کنٹرول ہمارے ہاتھ میں آیا ہے ۔ ہم جمہوریت کی تو بات کرتے ہیں چیئرمین صاحب! نیشنل لیول پر ہم نے یہ ایک facade بنا لیا ہے۔ لیکن اصل بات تو مقامی لیول ہے ۔اصل بات تو یہ ہے کہ پاکستان کا عام شہری جو ہے اس کو کیا یہ محسوس ہو گا کہ میری زندگی کا کنٹرول میرے ہاتھ میں ہے۔ وہ تب ہی محسوس ہو گا اس کو کہ میری زندگی کا کنٹرول میرے ہاتھ میں ہے کہ جب آپ میونسپل سطح پر ان کو اختیار دیں گے ۔اور ان کو وہ سارے اختیار دیں گے جو اس وقت انتظامیہ کے پاس ہیں ۔تو پھر میرا خیال یہ ہے کہ شاید حالات جو ہیں وہ بہتری کی طرف گامزن ہوں۔ ساتھ ساتھ یہ سیاسی شعبدے بازی چھوڑیں گے ۔قومی نکتہ نظر سے حالات کو دیکھیں گے اور مقامی سطح پر جب آپ اختیارات دیں گے تو پھر بات آگے بڑھے گی، پھر کچھ بہتری کی امید ہو گی ۔لیکن اگر آپ نے یہ سب کچھ نہ کیا اگر آپ صرف ایک گندی سیاست کھیلتے رہے اگر آپ کی خواہش صرف یہ ہے کہ ہمارے اختیارات بڑھیں، ہمارا کنٹرول بڑھے: سنٹر کی حکومت محلے گلیوں تک ہو تو چیئرمین صاحب! کبھی بھی، نہ صرف کراچی بلکہ پاکستان کا یہ جو انتظامی ڈھانچہ ہے، infrastructure of governance جس کا crisis آج ہم face کر رہے ہیں یہ کبھی بہتر نہیں ہو گا ، اس لئے کہ سنٹرل کنٹرول ملک کا نہیں ہو سکتا چیئرمین صاحب ! یہ over centralization کی طرف جو ہم ، ہر چیز میں کوشش کر رہے ہیں کہ فیڈریشن کے پاس سب کچھ ہو، اس سے بات نہیں بنے گی۔ اس کو مقامی سطح تک لے جانا پڑے گا اور تب ہمیں بہتری کی امید ہو گی۔ ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ جناب جاوید اقبال عباسی صاحب۔

**حاجی جاوید اقبال عباسی**۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! گورنر راج پر بات چل نکلی ہے ۔ اس سے پہلے جب انتخابات ہوئے اس وقت ایک ہی بات ہمارے اس طرف کے بھائی کہہ رہے تھے کہ سندھ بالخصوص کراچی میں law and order کی پوزیشن بہت خراب ہے اور ہمارے وزیراعظم صاحب تمام پارلیمانی پارٹیز اور تمام جو ہمارے ساتھ alliance میں جماعتیں تھیں ، ان کے ساتھ مشورے کرتے رہے اور ان کی یہی کوشش رہی کہ منتخب نمائندوں

کے ذریعے law and order کو کنٹرول کیا جائے۔

جناب چیئرمین صاحب! آپ جانتے ہیں کہ کراچی پاکستان کا دل ہے اور یہ ہمارے قائد، بانی پاکستان کا شہر ہے اور کراچی وہ شہر ہے جو غریب کی ماں کہلاتا تھا، کراچی وہ شہر ہے جو روشنیوں کا شہر کہلاتا تھا۔ اس کو اندھیروں اور کھنڈروں میں بدلنے والے کون ہیں۔ ہم نے اور سب نے مل کر معاملات خراب کئے اور آج جب کہ ایک اچھائی کا قدم ہمارے وزیراعظم پاکستان نے یا سب نے مل کر مشاورت سے law and order کی پوزیشن کو ٹھیک کرنے کے لئے اور اس روشنیوں کے شہر کو جو کھنڈرات میں بدل چکا ہے اور اندھیروں میں ڈوبا ہوا ہے، رعنائیوں اور روشنیوں میں تبدیل کرنے کے لئے اٹھایا ہے تو طرح طرح کی افواہیں اور شوشے اڑائے جا رہے ہیں۔ ایک طرف یہ بات کی جا رہی ہے اور دوسری طرف ہر قائد لیڈر یہ دیکھے کہ جہاں بھی --- میں پچھلی دفعہ کراچی گیا تو وہاں جو ہمارے ایم کیو ایم کے بھائی ہیں، وہ یہ بات دل سے نکال دیں ---- آج پاکستان کو بنے ہوئے پچاس سال، اکیاون سال ہو گئے ہیں۔ آج بھی وہ کہتے ہیں کہ ہم مہاجر ہیں۔ وہ مہاجر نہیں ہیں۔ وہ پاکستانی ہیں اور اگر ان کی جماعت ہے تو وہ جماعت بالکل ٹھیک ہے۔ انہوں نے بنائی ہے لیکن یہ کہنا کہ پاکستان ان لوگوں نے پاکستان مسلم لیگ کے سبز ہلالی پرچم کے نیچے جمع ہو کر ---

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ حاجی صاحب! ذرا تشریف رکھیے۔ ذرا ہاؤس کو اپنی گفتگو سے فارغ ہو لینے دیجئے۔ Yes please.

**حاجی جاوید اقبال عباسی**۔ تو جناب چیئرمین! میں یہ بات کر رہا تھا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو آج اپنے آپ کو مہاجر کہلا رہے ہیں۔ یہ مہاجر نہیں ہیں۔ پاکستان مسلم لیگ کے سبز ہلالی پرچم کے نیچے ہمارے قائد، بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح، اس کے ہلالی پرچم اور اس کی قیادت کے نیچے انہوں نے اپنے گھربار چھوڑے اور اپنے خون کی لکیروں سے اس پاکستان کی بنیادیں رکھیں اور آج یہ کیوں ---اگر دہشت گرد چند ایک لوگ ہیں تو اپنے آپ کو کیوں بدنام کر رہے ہیں اور ان کو کیوں بدنام کیا جا رہا ہے۔ یہ ہمارے ہیں۔ ہمارے ساتھ رہیں اور آج بھی پاکستان کے بنانے میں ہمارے وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کا ساتھ دیں اور ہم سب کا یہ فرض بنتا ہے۔ یہ کسی سے ڈھکی چھپی بات نہیں ہے کہ دو تہائی اکثریت کے ساتھ الیکشن میں

سیٹیں لے کر وزیراعظم پاکستان بنے اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے فضل و کرم سے یہ اکثریت ہماری ہے اور رہے گی۔

جب پاکستان بنا تھا اس وقت ایک ہی نعرہ تھا۔ پاکستان کا مقصد کیا ہے لا الہ الا اللہ اور اس کا مقصد کیا تھا۔ ہم تو ہندوستان کے ساتھ بھی رہ رہے تھے اور ہمارے قائد کے پیچھے ایک لیڈر نے کہا تھا کہ قائداعظم نے بہت بڑی غلطی کی۔ یہ اخباروں میں آیا۔ اس کی تردید بھی نہیں کی گئی تو قائداعظم نے سوچ سمجھ کر مسلمانوں کو الگ ایک ملک ، ایک خدائی مملکت دلوائی۔ کوشش کر کے اور بڑی قربانیوں کے بعد' کس لئے کہ ہم آزادی کا ساتھ دیں اور قرآن اور سنت کے مطابق اپنی زندگی بسر کریں اور اپنے قانون قرآن اور سنت کے مطابق بنا کر ان کے مطابق چلیں۔

جو شخص جہاں بیٹھا ہوا ہے ، کبھی کہتے ہیں جی سینٹ کو ختم کیا جا رہا ہے ، کبھی کہتے ہیں کہ جی میاں نواز شریف نے سوات میں یہ کہہ دیا۔ یہ بات کہیں بھی نہیں ہے۔ ہر لیڈر اپنے منشور ، اپنی جماعت اور اس کی اپنی جماعت کے جو اصول ہیں یا منشور ہے ، وہ اس کی وضاحت کرتا ہے۔ آج یہاں پر کسی نے کسی کو گالی نہیں دی۔ کسی نے سینٹ کے متعلق کوئی بات نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ اس ملک کے اندر قرآن و سنت کی بالادستی ہونی چاہیے۔ یہ روز اول سے' جب سے پاکستان بنا ہے ، اس دن سے آج تک تیرہ کروڑ عوام کا مطالبہ ہے۔ قومی اسمبلی نے جو کہ ایک منتخب ادارہ ہے اگر اس نے ایک بل پاس کر کے سینٹ میں بھیجا ہے تو ہم سب مسلمان ہیں ہمارا یہ فرض بنتا ہے۔ آج میاں محمد نوار شریف نے کراچی کے law and order کی پوزیشن کو ٹھیک کرنے کے لئے ایک قدم اٹھایا ہے۔ ہم سب نے مل بیٹھ کر اسے حل کرنا ہے۔ راشدی صاحب کہتے ہیں کہ ان کو "مالیخولیا" ہو گیا ہے۔ میں یہ ضرور کہوں گا کہ راشدی صاحب ہمارے بزرگ ہیں' سید بادشاہ ہیں' ان کو بھی کچھ مالیخولیا ہو گیا ہے' انہیں یہی ہے کہ کسی طرح ہم آئیں لیکن اب وہ وقت گزر چکا ہے۔ یہ صدیوں اور سالہا سال پرانی بات کر رہے ہیں۔ اگر اللہ کا حکم ہوا تو یہ ضرور برسراقتدار آئیں گے لیکن اللہ کو اگر منظور نہ ہوا تو نہیں۔ یہ اگر قرآن و سنت کی بالا دستی کو نہیں مانتے تو پھر اللہ کو ماننے سے انکار کر رہے ہیں' تو اس لئے قرآن و سنت کی بالا دستی کو مانتے ہوئے ، اس کے اندر رہ کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑتے ہوئے ہم سب کا یہ فریضہ بنتا ہے کہ جب تک پاکستان ہو گا ، ہماری جماعتیں بھی

ہیں، ہم بھی ہیں اور ہماری عزتیں بھی ہیں ۔ آج میاں محمد نواز شریف صاحب وزیر اعظم ہیں، کل کوئی دوسرا ہو گا۔ جناب میری گزارش ہے کہ آج جو قدم گورنر راج کا میاں محمد نوازشریف نے اٹھایا ہے ہم اس کی حمایت کرتے ہیں۔ کراچی سے دہشت گردی کو ختم کرنے کا یہ ایک ہی طریقہ تھا کہ گورنرراج نافذ کیا جائے کیونکہ دہشت گردوں کو پکڑتے تھے تو دوسری طرف سے فون آجاتا تھا کہ یہ ہمارا کارکن ہے ۔ان باتوں کو مدنظررکھ کر آخر ڈیڑھ سال کے بعد یہ action لیا گیا۔ کون کہتا ہے کہ ہماری حکومت جائے یا وہاں پر عوامی نمائندوں کی منتخب حکومت نہ ہو۔ میاں نواز شریف تو ایک عوامی آدمی ہے، سیاسی آدمی ہے اور سیاسی ذہن رکھنے والا آدمی ہے، وہ کبھی بھی مارشل لاء کی حمایت نہیں کرتا، وہ کبھی بھی ڈکٹیٹر شپ نہیں کرتا، وہ جو بات بھی کرتے ہیں اپنے دوستوں سے، اپنی جماعت سے، اپنی تمام حلیف جماعتوں سے مشاورت کے ساتھ کرتے ہیں۔ آج بھی یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے ۔یہ جو لوگ کہتے ہیں کہ ہمارے ساتھ زیادتی ہوئی وہ اپنے گریبانوں میں جھانک کر دیکھیں کہ ان کے کردار کیا ہیں۔ جناب چیئرمین ! میں آپ کا انتہائی مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ میں گورنر راج کی حمایت کرتا ہوں جب تک کہ کراچی کے اندر اور سندھ کے اندر امن بحال نہیں ہو جاتا، دہشت گرد ی ختم نہیں ہو جاتی اس وقت تک یہ قائم رہنا چاہیئے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** ڈاکٹر حئی صاحب میرے خیال میں آپ بول چکے ہیں۔ شاید آپ کو بھی یاد نہ ہو کہ آپ اس پر بول چکے ہیں کہ نہیں، اس لئے کہ آپ اتنے موضوعات پر بولتے ہیں کہ شاید آپ کو بھی یاد نہ ہو۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔** نہیں مجھے یاد ہے جناب میں گورنر راج پر نہیں بولا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** بہرحال مجھے یاد نہیں ہے کہ آپ بولے ہیں یا نہیں ۔ تشریف رکھیں، آپ ان کے بعد بولیں۔ جی اجمل دہلوی صاحب۔

**جناب محمد اجمل حسین دہلوی۔** گورنر راج کے حوالے سے معزز سینیٹرز نے مختلف خیالات کا اظہار کیا ہے لیکن میں یہ سمجھ رہا ہوں کہ اسے سیاست کا ذریعہ بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے اور point score کرنے پر زیادہ دھیان ہے۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ 7,6 مہینے پہلے تک خود وزیر اعظم نواز شریف صاحب نے بار بار زور دے کر یہ بات کہی کہ ہمیں جمہوری ادارے

بہت پسند ہیں اور سندھ میں گورنر راج ہرگز نہیں لایا جائے گا۔ ان کے یہ بیانات ریکارڈ پر ہیں۔ پھر وہ گورنر راج لائے۔ ان کا یہ بیان بھی ریکارڈ پر ہے کہ اگر 1971ء میں مشرقی پاکستان کی عوامی لیگ کا مینڈیٹ مان لیا جاتا تو پاکستان نہ ٹوٹتا لیکن انہوں نے سندھ میں گورنر راج لگایا، سندھ کے عوام کے مینڈیٹ کو قتل کیا، سندھ اسمبلی کو معطل کیا، سندھ کے اسپیکر کے اختیارات سلب کئے، ایک دن اجلاس ہونے دیا گیا، دوسرے دن واٹر ٹینکروں اور ٹرکوں سے سندھ اسمبلی کا محاصرہ کرکے اجلاس نہیں ہونے دیا گیا۔ آج سندھ اسمبلی نہیں ہے۔ آئینی طور پر کہا جاتا ہے کہ وہ ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اسپیکر ہے لیکن فی الحال سب بے ہوش ہیں۔ ایک وزیر موصوف نے فرمایا کہ ہم نے سندھ میں امن کے لئے اور جمہوریت کے لئے مسلم لیگ کی حکومت قربان کر دی۔ سندھ اسمبلی میں مسلم لیگ کے صرف ۱۵فیصد ارکان تھے اور جیسا کہ کئی سینیٹروں نے بتایا اور پورا ایوان جانتا ہے کہ وہ اسلام آباد سے کنٹرول کی جاتی تھی۔ پہلے indirect کنٹرول تھا۔ گورنر راج کے ذریعے ڈائریکٹ کنٹرول ہوا۔ یہ مسلم لیگ کی حکومت کی قربانی نہیں ہے۔ یہ سندھ کو نو آبادی بنانے کی ایک سازش ہے اور اس کا مقصد سندھ کے دیہی اور شہری عوام کے مینڈیٹ کی توہین اور مکمل آمریت پورے ملک پر قائم کرنا ہے۔ اس کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ صوبہ سرحد میں ایک اتحادی جماعت عوامی نیشنل پارٹی کا سازش کے تحت اقتدار ختم کیا گیا۔ بلوچستان میں بلوچستان کی نیشنل پارٹی اور جمہوری وطن پارٹی کے اقتدار کا خاتمہ کیا گیا۔ اب ایم کیو ایم کی باری آئی اور دوسری اتحادی جماعتوں کی باری آئی ہے۔ تینوں چھوٹے صوبوں میں اب اسلام آباد کا مکمل کنٹرول ہے اور یہ کنٹرول اس لئے ہے کہ آمریت کی تلاش ہے، مطلق العنانیت کی ضرورت ہے۔ جو کچھ گورنر راج کے بعد سندھ میں ہو رہا ہے اس کی بہت تھوڑی سی تفصیل معزز سینیٹر آفتاب شیخ صاحب نے ایوان کو بتائی۔ یہ اعتراض کیا گیا یہاں ایک وزیر موصوف کی جانب سے کہ اردو سپیکنگ یا مہاجر کا لفظ کیوں استعمال کیا گیا۔ میں آپ کے علم میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ کراچی منی پاکستان ہے۔ وہاں پنجابی بھی لاکھوں کی تعداد میں ہیں۔ پختون بھی لاکھوں کی تعداد میں ہیں۔ بلوچ اور سندھی بھی لاکھوں کی تعداد میں ہیں۔ جب سے گورنر راج نافذ ہوا، آج دن تک ایم کیو ایم، اردو بولنے والے اور مہاجر کے سوا کسی کو نہیں چھیڑا گیا۔ خود گورنر سندھ کا یہ بیان غور طلب ہے کہ میں یہ جانتا ہوں کہ یک طرفہ کارروائی ہو رہی ہے، مجھے اس کا احساس ہے لیکن چند روز میں آپ توازن دیکھ لیں گے۔ اس بیان کا مطلب کیا

ہے کہ جن دوسرے لوگوں کے خلاف آپریشن ہونے والا ہے وہ منظر سے ہٹ جائیں۔ آج صرف ایم کیو ایم کے لوگ پکڑے نہیں جا رہے ہیں۔ جو پکڑے جاتے ہیں ایم کیو ایم سے وابستہ افراد' ان کی اطلاع ایم کیو ایم کو کسی نہ کسی طرح مل جاتی ہے۔ ہزاروں کی تعداد میں ایسے لوگ پکڑے جا رہے ہیں جن کا ایم کیو ایم اور سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ان کو اسلحہ رکھنے اور جھوٹے مقدمات میں پھنسانے کی دھمکی دی جاتی ہے اور کروڑوں روپے روز رشوت وصول کی جا رہی ہے۔ اخباروں میں چھپ چکا ہے کہ جو خاندان' جو لوگ کراچی سے بیرون کراچی ہوائی جہاز' سڑک یا ریل کے ذریعے جا رہے ہیں کسی شادی میں شرکت کے لئے' کسی تعزیت کے سلسلے میں یا تفریح کے لئے' انہیں روکا جا رہا ہے۔ ان سے ان کی زبان پوچھی جا رہی ہے۔ کاروں سے سفر کرنے والے خاندانوں کو ۲، ۲ دن تک لاک اپ میں رکھا جا رہا ہے اور رشوتیں لے کر چھوڑا جا رہا ہے۔ میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ اردو بولنے والوں یا مہاجروں سے جو سلوک ہو رہا ہے' کیا یہ ملک کو توڑنے کی کسی سازش کے تحت ہو رہا ہے۔ ہم نے بہت قربانیوں کے بعد یہ ملک بنایا ہے اور اس لئے نہیں بنایا تھا کہ یہاں کسی کی بادشاہت ہو یا آمریت ہو' کراچی کے لوگ اپنی جمہوریت پسندی کی وجہ سے تمام دنیا میں مشہور ہیں۔ انہوں نے نہ ایوب خان کو برداشت کیا' نہ بھٹو صاحب کو برداشت کیا نہ جنرل ضیاء کو برداشت کیا۔ وہ جمہوریت کی ہر تحریک میں ہراول دستہ رہے۔ چار مرتبہ الیکشن ہوئے' 88 سے اب تک چاروں الیکشنوں میں ایم کیو ایم نے مہاجروں کا' اردو بولنے والوں کا' شہری آبادی کے لوگوں کا واضح مینڈیٹ حاصل کیا۔ چار میں سے تین مرتبہ اس مینڈیٹ کی بنیاد پر وہ حکومت میں رہے۔ مینڈیٹ کیوں ملتا ہے اس لئے ملتا ہے کہ جن لوگوں کو مینڈیٹ ملے' جس پارٹی کو مینڈیٹ ملے اسے حق حکمرانی دیا جائے۔ ایم کیو ایم چار مرتبہ الیکشن میں حصہ لے چکی ہے۔ تین مرتبہ حکومت میں رہی باضابطہ تحریری معاہدوں کی بنیاد پر حکومت میں شامل ہوئے۔ لیکن جن جماعتوں سے معاہدے ہوئے انہوں نے اپنے وعدوں کا پاس نہیں کیا۔ آج جس بنیاد پر آپریشن کیا جا رہا ہے' 92 میں بھی وہی آپریشن کیا گیا' اس وقت مسلح افواج سے کرایا گیا۔ اس وقت بھی نواز شریف صاحب وزیراعظم تھے' اس وقت بھی چوہدری شجاعت صاحب وزیر داخلہ تھے۔ وہ آپریشن فوج نے 94 تک جاری رکھا۔ پیپلز پارٹی کی گورنمنٹ نے فوج کو واپس بھیجا۔ ڈھائی سال فوج نے آپریشن کیا۔ آج یہ کہا جا رہا ہے کہ گورنر راج چھ مہینے کے لئے ہے' تین مہینے کے لئے' نو مہینے کے لئے ہے۔ مسلح افواج اس کی تمام ایجنسیاں اور

ادارے ڈھائی سال تک کچھ کرتے رہے کراچی میں۔ اسے لاشوں کا شہر بنایا گیا۔

اب گورنر راج ہے۔ لاشوں کا شہر بنانے سے آپ امن قائم نہ کر سکے۔ بغیر گولی چلائے سول اتھارٹیز کے ذریعے کیا آپ امن لے آئیں گے۔ امن طاقت سے نہیں ملے گا۔ امن ملے گا حق دینے سے اور حق کو تسلیم کرنے سے۔ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے۔ اگر کوئی یہ چاہتا ہے کہ سندھ اسمبلی توڑ کر، تین مہینے میں، چھ مہینے میں، انتخابی حلقہ بندیوں میں ہیراپھیری کر کے ووٹروں کی لسٹیں بگاڑ کر، الیکشن کرائیں اور انتخابی دھاندلیوں کے ذریعے مسلم لیگ کو سندھ پر مسلط کرے تو یہ خواب سو برس میں بھی پورا نہیں ہوگا۔ طاقت کے ذریعے، دشمنی کے ذریعے آپ کراچی کے لوگوں کی محبت نہیں حاصل کر سکیں گے۔ آپ انہیں زخم لگا رہے ہیں، آپ انہیں بے عزت کر رہے ہیں، آپ انہیں رسوا کر رہے ہیں اور چاہتے ہیں کہ مسلم لیگ کا لوگوں کے دلوں پر راج ہو۔ آپ ایسے نفرتیں پیدا کر رہے ہیں پنجاب کے خلاف، پنجابیوں کے خلاف، تو یہ زخم اور یہ نفرتیں، برسوں تک نہیں مٹیں گی۔ ایک بات یہاں پر ایک وزیر موصوف نے کہی، کہ ٹی وی پر ہم تو جو کچھ کر رہے ہیں وہ حقیقت بیان کر رہے ہیں۔ اس ایوان میں آپ سمیت بہت سے قانون دان موجود ہیں ایک طوائف کو بھی کوئی شخص اس وقت تک طوائف نہیں کہہ سکتا جب تک عدالت اسے طوائف قرار نہ دے دے۔ یہاں ٹی وی پر پیش کیا جا رہا ہے کہ ایک ملزم پولیس والوں کے ٹارچر سیل سے نکل کر صحافیوں کو کیا بتا رہا ہے اور ٹی وی کہہ رہا ہے کہ دو دہشت گرد پکڑے گئے۔ کوئی شخص کسی کو دہشت گرد، ڈاکو یا قاتل نہیں قرار دے سکتا تاوقتیکہ عدالت اسے ایسا نہ قرار دے دے۔ یہ یک طرفہ میڈیا ٹرائل پیپلز پارٹی کے خلاف ہو چکا اب ایم کیو ایم اس کا نشانہ ہے۔ لیکن یہ میڈیا ٹرائل بھٹو صاحب کے زمانے میں بھی ہوا، جنرل ضیاء کے زمانے میں بھی ہوا، بے نظیر بھٹو صاحبہ کے زمانے میں بھی ہوا۔ ان ظلم کی داستانوں اور جھوٹی کہانیوں سے ہمارے عوام اچھی طرح واقف ہیں۔ انہیں معلوم ہے کہ ان میں کتنا جھوٹ ہے، اور کتنا سچ ہے اور اس پروپیگنڈہ کا مطلب کیا ہے۔

میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ 92 میں جو آپریشن شروع ہوا اور جو آج تک جاری ہے، ٹی وی پر اور اخباروں کے ذریعے یہ بتایا گیا پوری دنیا کو اور پاکستان کے عوام کو کہ اتنے دہشت گرد پکڑے گئے، اتنے ہتھیار پکڑے گئے۔ کیا ہمارے ملک میں قانون کی کوئی عدالت نہیں ہے۔ کیا انسداد دہشت گردی کی کوئی عدالت نہیں ہے، کیا انصاف ہمارے ہاں سے اٹھ چکا ہے، 92

سے اب تک کتنے لوگوں کو سزا دی گئی دہشت گردی کے الزام میں۔ آپ کس پارٹی کو دہشت گرد قرار دیتے ہیں۔ آپ کہتے ہیں کہ ہم کسی پارٹی کے خلاف آپریشن نہیں کر رہے ہیں لیکن ٹیلی ویژن جو مسلم لیگ اور نواز شریف صاحب کا سرکاری بھونپو بنا ہوا ہے۔ ایم کیو ایم کے خلاف کسی جماعت کا نام نہیں لے رہا۔ کیا پنجاب میں فرقہ ورانہ فسادات کی وجہ سے علمائے دین قتل نہیں کئے گئے۔ کیا ان قتلوں کا سراغ لگا کر قاتلوں کو سزا نہیں دی گئی۔ کیا ان میں سے کسی کا بیان ٹی وی پر آیا۔ میں نے کس کے کہنے پر کس مولوی کو مارا ہے۔ کس کے کہنے پر امام بارگاہ اجاڑی۔ کس کے کہنے پر مسجد میں نمازیوں کو شہید کیا اور میں نے یہ سب اس لئے کیا کہ میں جنت میں بغیر ویزہ پاسپورٹ جانا چاہتا ہوں۔ کیوں اس وقت ٹیلی ویژن استعمال نہیں کیا گیا۔ یہ ٹیلی ویژن اور ریڈیو اور سرکاری اور نیم سرکاری اخبارات جن کو خفیہ فنڈ سے بھی پیسہ فراہم کیا جا رہا ہے اور بے حساب اشتہارات دیئے جا رہے ہیں، کیا یہ عوام کے ٹیکسوں سے چلتے ہیں یا مسلم لیگ کے پروپیگنڈہ بازوں کے فنڈ سے چلتے ہیں۔ ان پر حزب اختلاف کا نام لینا حرام ہے، جرم ہے، چاہے وہ بے نظیر بھٹو کی پریس کانفرنس ہو، الطاف حسین صاحب کا بیان ہو، مولانا طاہر القادری کا بیان ہو، کسی بھی شخص کا کسی بھی جماعت کے سربراہ کی ٹیلی ویژن پر ایک لائن نہیں آئے گی۔ جب کھولیئے نواز شریف اور جب بند کریں نواز شریف۔ آپ سی این این دیکھئے، بی بی سی دیکھئے، زی ٹی وی دیکھئے، دور درشن دیکھئے ان کے وزیراعظم اور حزب اختلاف کو کتنا وقت ملتا ہے۔ ہم اپنے ٹی وی کو دیکھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ پاکستان کا ٹیلی ویژن نہیں ہے۔ یہ صرف وزیراعظم کے خاندان کا ٹیلی ویژن ہے، اس پر تمام ٹیکس دھندگان کا حق ہے، ان ووٹروں کا بھی حق ہے جنہوں نے مسلم لیگ کو ووٹ دیئے ہیں اور ان ووٹروں کا بھی حق ہے جنہوں نے حزب اختلاف کو ووٹ دیئے ہیں۔ ان دونوں کی تعداد میں بہت معمولی فرق ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج سرکاری ذرائع ابلاغ پر سے لوگوں کا اعتبار اٹھ چکا ہے۔

جناب چیئرمین! ہم اپنے ملک کے دو ٹکڑے کر چکے ہیں، اب باقی جو پاکستان ہے اسے بچانے کی سب کو فکر کرنی چاہیئے۔ تین چھوٹے صوبوں میں جو سب سے بڑی پارٹیاں تھیں، ان سب کو مسلم لیگ نے اقتدار سے باہر نکال دیا ہے۔ اب وہ تنہا ہیں۔ چھوٹے صوبے صرف پنجاب اور پنجابی کو گالی بک رہے ہیں۔ یہ فضا کس نے پیدا کی۔ یہ کون چاہتا ہے کہ پنجاب اور پنجابیوں کو گالی دی جائے۔ اگر آپ تین چھوٹے صوبوں کے عوام کا مینڈیٹ نہیں مانیں گے اور

زبردستی آمریت مسلط کرنے کی کوشش کریں گے تو میں نواز شریف صاحب کے ہی الفاظ دہراؤں گا کہ "اگر عوام کا مینڈیٹ تسلیم نہیں کیا جاتا تو ملک ٹوٹ جاتا ہے" ۔ جو کچھ مہاجروں کے ساتھ کیا جا رہا ہے، اردو بولنے والوں کے ساتھ کیا جا رہا ہے، اس کے لئے کہا جاتا ہے کہ آپ نسل و زبان کی بات کیوں کرتے ہیں، بھائی جس پر ظلم ہوگا اسی کا تو نام لیں گے۔ پنجابی پر ظلم ہوا تو بتا دیں۔ بلوچ پر قتل کے مقدمے بنے ہوں تو بتا دیں۔ پختونوں کو بدنام کیا جا رہا ہو تو بتا دیں۔ ڈرگ مافیا کو آپ نے پکڑا ہے تو بتا دیجیئے گا، کار چوری کرنے والے پکڑے ہوں تو بتا دیں جناب حال یہ ہے کہ جو ہمارے Chief of the Army Staff ہیں وہ اردو بولنے والے ہیں، جو ہمارے سندھ کے کور کمانڈر ہیں وہ اردو بولنے والے ہیں اور جو سندھ کے گورنر ہیں وہ اردو بولنے والے ہیں۔ ہمیں تو یہ شک ہوتا ہے کہ یہ لائے اس لئے گئے اور بٹھائے اس لئے گئے کہ مہاجروں کو مہاجروں کے ہاتھ سے مروایا جائے اور خود بدنامی سے محفوظ رہا جائے۔

پنجاب کے خلاف ایک سازش ہو رہی ہے۔ یہ سازش دانستہ یا نا دانستہ پنجاب سے mandate رکھنے والے اور لینے والے ہی کر رہے ہیں اور وہ اس کے نتائج سے بے خبر ہیں۔ وہ شطرنج کی بساط سیاست پر اپنے مہرے تو چلتے ہیں اور جب دوسرے فریق کی چال آتی ہے تو گھوم جاتے ہیں۔ ایک دن کہتے ہیں کہ گورنر کے اختیار کم، دوسرے دن کہتے ہیں کہ تھوڑے سے بڑھا دیئے ہیں، تیسرے دن کچھ اور بڑھا دیئے۔ ایک دن اسمبلی کا اجلاس ہونے دیتے ہیں، دوسرے دن پابندی لگا دیتے ہیں۔ ایٹمی دھماکہ ہوا تو کہنے لگے کہ کالا باغ بند بنائیں گے۔ چاروں صوبوں کے عوام اٹھ کھڑے ہوئے، فیصلہ واپس، two third majority ہے، اچھی طرح جانتے ہیں کہ سینٹ میں اکثریت سے محروم ہو چکے ہیں لیکن قوالی پورے ملک میں یہ سنائی جا رہی ہے کہ شریعت بل سینٹ سے ضرور منظور ہو گا۔ بھائی کون سے حساب سے ہو گا، horse trading کریں گے، اغواء کر کے یرغمال بنائیں گے، سینیٹروں کو قتل کریں گے، کس طرح ہو گا اور آپ کی سرکاری شریعت مانے گا کون، شریعت سے سب کو محبت ہے، اسلامی نظام سے سب کو محبت ہے، آپ کی شریعت سے نہیں ہے کیونکہ آپ کا یہ بیان ہے اور اخباروں کے ریکارڈ پر ہے کہ مجھے طالبان والا نظام انصاف چاہئیے۔ آپ طالبان کا نظام اسلام کیوں نہیں چاہتے صرف نظام انصاف کیوں چاہتے ہیں: اسلام کے ٹکڑے کیوں کرنا چاہتے ہیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** دہلوی صاحب شریعت بل ابھی سامنے نہیں ہے۔

جناب محمد اجمل حسین دہلوی۔ جناب میں جو عرض کر رہا ہوں، ایک consequence سے بیان کر رہا ہوں اور یہ بتانا چاہ رہا ہوں کہ جو کچھ سندھ میں ہوا اور گورنر راج آیا اور جو ظلم ہوئے وہ شریعت بل کے نتیجے میں ہوئے کیونکہ ایم کیو ایم شریعت بل پر، حکومت کا ساتھ دینے کے لئے تیار نہیں ہے۔ یہ اس کی فضا ہے، آمریت لانے کی فضا ہے اور میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ آپ اگر اسلام لائیں گے، علماء دین کا منظور شدہ اسلام لائیں گے، ایک ووٹ خلاف نہیں آئے گا، ایک ووٹ مخالفت میں نہیں آئے گا۔ لیکن اگر آپ اسلام کے ٹکڑے کریں گے اور صرف نظام انصاف لائیں گے تو آپ کی یہ شریعت نہیں چلے گی، نہیں چلے گی، نہیں چلے گی، نہیں چلے گی۔ اسے کوئی نہیں مانے گا تو آپ کو مکمل اسلامی نظام لانا ہے، سود کو ختم کرنا ہے، پردے کو رکھنا ہے، مخلوط آئین ختم کرنا ہے، جو بھی اسلام کی تعلیمات ہیں ان پر عمل کرنا ہے، یہ نہیں ہو سکتا کہ صرف سزائیں اسلام کی نافذ کرکے آپ کہیں کہ یہ شریعت آ گئی۔ تو جناب عالی! جو کچھ سندھ میں ہو رہا ہے، گورنر راج کے ناٹک کے ذریعے یا اسمبلی کو قتل کر کے یا عوامی mandate کو قتل کرکے اس سے ہمارے ملک کی سلامتی خطرے میں ہے اور جس چیز پر میں سب سے زیادہ زور دینا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جب ظلم اور بے انصافی بڑھتی ہے اور سرکار کی طرف سے بڑھتی ہے تو حضرت علی کا قول ہے کہ "کافروں کی حکومت زیادہ دن چل سکتی ہے، ظالموں کی حکومت نہیں چل سکتی"۔ میری یہ گزارش ہے کہ سندھ میں ظلم کو بند کرایا جائے اور media کا قبلہ درست کیا جائے، mandate کا احترام کیا جائے اور عوام کا حق حکمرانی سلب کرنے کا جو خواب دیکھا گیا ہے اس سے باز رہا جائے ورنہ یہ بات ملک کی سلامتی کے لئے بہت بڑا خطرہ ثابت ہو گی۔ جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Thank you very much دہلوی صاحب۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہاؤس نے جس طرح آپ کی تقریر سنی ہے اسی طرح ہی سب کی تقریر سننی چاہیے۔ اور ہاؤس میں جو نظم و ضبط رہا ہے میں اس کے لئے ہاؤس کا مشکور ہوں۔ ایک دھیمی تقریر کے بعد ڈاکٹر صاحب کی تقریر۔ جی ڈاکٹر صاحب، مشاہد صاحب اس کے بعد windup کریں گے۔ جی ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ: شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ میں مختصراً گزارش کروں گا،

ویسے بھی ایوان کا کافی وقت ہو چکا ہے ۔ جناب والا ! یہ ایک اہم مسئلہ ہے گورنر رول سندھ میں ۔ حقیقت یہ ہے جناب ! جس صورت حال سے آج ملک کے چودہ کروڑ عوام دوچار ہیں معاشی طور پر ، سیاسی طور پر ، چاہیئے تو یہ تھا اور ، اس وقت ضرورت اس بات کی تھی، تمام سیاسی جماعتوں کو ، تمام اکابرین کو ، تمام سیاسی کارکنوں کو ، دانشوروں کو ، اہل علم کو ، اہل قلم کو کہ سب سر جوڑ کر بیٹھتے اور اس ملک کے نظام کو بہتر کرتے ۔ اس ملک کے اندر جمہوری استحکام لاتے ۔ جمہوری اداروں میں استحکام لاتے، معیشت کو ٹھیک کرتے، معاشی نظام کی بہتری کرتے ۔ اور ہم جو قرضوں کے انبار تلے دبتے جا رہے ہیں اس سے چھٹکارا حاصل کرتے ۔ ہم کشکول لئے پھرتے ہیں ۔ اس سے ہماری گلوخلاصی ہوتی ۔ ایک باعزت باوقار قوم کی حیثیت سے دنیا میں ہمارا شمار ہوتا۔ چاہیئے تو یہ تھا ، ہمیں اس طرح سے سوچنا چاہیئے تھا۔ میری سمجھ سے بالا تر ہے کہ اس ملک میں یہ بدقسمتی ہے، مارشل لاء والے ہوں یا غیر جمہوری طریقے سے جو آتے ہیں ان سے تو گلہ نہیں ہے، یہ ایک المیہ رہا ہے کہ آج تک اس ملک میں ، میں ایک سیاسی کارکن کی حیثیت سے عرض کر رہا ہوں کہ جو بھی برسر اقتدار آتا ہے جمہوریت کے نام پر آتا ہے جمہوری اداروں کے نام پر آتا ہے، عوام کی خوشحالی کے نام پر آتا ہے، خوشنما نعرے لگا کر آتا ہے، روٹی کپڑا مکان کا مسئلہ حل کرنے کے لئے آتا ہے اور پاکستان کو ایشیاء کا ٹائیگر بنانے کے لئے آتا ہے ۔ کرتے اس کے الٹ ہیں، یہ ہماری سمجھ سے بالا تر ہے کہ جمہوریت کو صرف ایک سیڑھی سمجھتے ہیں اقتدار میں آنے کے لئے ۔ اور یہ بات موجودہ حکومت بھی کر رہی ہے ۔ آپ ماضی کی تاریخ اٹھائیں چیئرمین صاحب ! دکھ کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج تک کسی پارٹی یا جماعت نے جمہوریت ، جمہوری اداروں اور ملک کی معیشت کو استحکام نہیں دیا۔ خود ملک میں حکومت نے بھائی چارے اور یکجہتی کو فروغ نہیں دیا ۔ اعتماد اور بھائی چارے کی فضاء پیدا نہیں کی کہ بھائی ! سارے ملک کے لوگ ، بلوچستان کے ، سندھ کے ، پنجاب کے ، پختونخواہ کے ، سارے لوگ مل کر بھائی چارے کی فضاء میں رہیں ۔ غیرفرقہ واریت کا ماحول ہو ۔ اور ان کے معاشی، سیاسی مفادات کا احترام ہو ۔ ان کے کلچر ، ان کی ثقافت ، ان کی قومی زبانوں کا احترام ہو ۔ آپس میں گلدستے کی مانند رہیں ۔ جمہوریت کا تو یہی فائدہ ہے ۔ مگر یہاں بدقسمتی یہ ہے کہ جمہوریت صرف کہنے کی حد تک ہے ،صرف lip service جمہوریت کو دی جاتی ہے، بس اس کے علاوہ اور کچھ نہیں۔ تو ظاہر ہے جب آپ جمہوریت کو، جمہوری اداروں کو پامال کریں گے اور ان کا احترام نہیں کریں گے تو

ظاہر ہے کہ مشکلات پیدا ہوں گی ۔ ابھی آپ موجودہ صورت حال میں دیکھیں ، آپ کو یاد ہوگا ، مجھے اچھی طرح سے یاد ہے، میں نے پارلیمنٹ میں حکومت کی طرف سے تقریر سنی کہ جناب ایمرجنسی صرف اور صرف external danger کے لئے یا یہاں جو کاروباری لوگوں نے کرنسی وغیرہ یا پیسہ وغیرہ لوٹ کر ایک جگہ جمع کیا ہے یا ملک کو معاشی طور پر عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتے ہیں، یہ ان کے لئے استعمال ہو گی۔ ہم نے اس وقت بھی اس خدشے کا اظہار کیا تھا کہ جناب والا! یہ جو کہہ رہے ہیں اس میں حقیقت نہیں ہے اس کو ضرور سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کریں گے۔

دیکھیں! آج وہی بات ہماری سچ ثابت ہوئی ناں ۔ ابھی چند مہینے بھی نہیں گزرے، یہ ہماری زبان ہے، یہ ہمارا اقرار ہے، پارلیمنٹ کے سامنے ہم کہتے ہیں کہ جناب ایمرجنسی کو ہم استعمال نہیں کریں گے ۔ دیکھیں! سندھ میں کیا ہوا ۔ ایمرجنسی کو استعمال کیا گیا۔ Article 232 کے تحت وہاں کی اسمبلی کو معطل کیا گیا، گورنر راج نافذ کیا گیا ، یہ جانتے ہوئے بھی کہ جمہوریت سے لوگ قریب آتے ہیں۔ چیئرمین صاحب! میں آپ کو حقیقت کہہ رہا ہوں کہ جو لوگ انتہا پسندی کی سوچتے تھے، یہ جمہوری فضاء جب ان کو ملی ، آپس میں بحث کرکے ، مباحثہ کرکے، تقریریں کرکے ، جلسے جلوس کرکے ، آپ دیکھیں کافی حد تک ان کے مزاج میں ٹھنڈک آ گئی ہے۔ یعنی جب وہ بھڑاس نکالتے ہیں یا اپنے آپ کو ایک پروگرام کے تحت منظم کرنے کی طرف جاتے ہیں تو ان کے ہاں سے انتہا پسندی کم ہوتی جاتی ہے ۔ لوگ یقین کر لیتے ہیں کہ جمہوری ادارے ملک کے اندر موجود ہیں، ان کے توسط سے ہم اپنے معاشی ، سیاسی یا صوبائی خودمختاری یا اقتدار یا حاکمیت کا مسئلہ حل کر لیں گے۔ آج نہیں تو چند دنوں کے بعد ، چند سالوں کے بعد جمہوری جدوجہد سے حاصل کر لیں گے۔ ایک اچھی فضاء کو آپ پھر گندا کر دیتے ہیں۔ آپ دیکھیں ! میں نے اس معزز ایوان میں یہاں تک لوگوں کی باتیں سنیں کہ بھئی سندھ کو کالونی بنایا جا رہا ہے، وہاں کالونزم کا رول ہے۔ اس سے کیا فائدہ ہے ۔ اس سے کوئی فائدہ تو نہیں ہے ، اس سے دہشت گردی یا لاقانونیت تو کنٹرول نہیں ہوگی ۔ دہشت گردی یا ملک کے اندر اسلحہ کا جو انبار ہے ، اگر حقیقت دیکھی جائے تو یہ صرف اس وقت ہوا جب ملک کے اندر مارشل لاء کا نظام تھا ، ضیاء الحق کا نظام تھا ،اس کی وجہ سے یہ ساری مصیبت ہمارے گلے میں پڑی ۔ اس وقت سے اس ملک میں دہشت گردی ، ڈاکہ زنی ، road robbery, car lifting اور یہ قتل و

غارت، فرقہ واریت، یہ سارا عذاب پورے ملک میں اس وقت سے آیا ہے، یہ جمہوریت کی وجہ سے نہیں ہے۔ جمہوریت تو اس کو اور بہتر کر رہی ہے لیکن بدقسمتی یہ ہے کہ جو اصل وجوہات ہیں، وہ غیرجمہوری ہتھکنڈے ہیں۔ غیر جمہوری طریقوں سے لوگوں کے اندر شکوک و شبہات پیدا ہوتے ہیں، مایوسی پیدا ہوتی ہے اور عدم اعتماد پیدا ہوتا ہے اور لوگ احساس محرومی کی طرف جاتے ہیں۔ وہ تو مارشل لاء کی وجہ سے ہوا ہے، اس زمانے میں ہوا ہے، غیرجمہوری قوتوں کی وجہ سے ہوا ہے۔

اگر جمہوریت کے نام پر جمہوری قوتیں بھی وہی حرکتیں کریں، وہی ہتھکنڈے استعمال کریں، وہی غیر جمہوری طریقے اختیار کریں تو اس سے چودہ کروڑ عوام کو کیا تاثر دے رہے ہیں، ملک کے چودہ کروڑ عوام کو کیا سمجھا رہے ہیں، یہ سمجھا رہے ہیں کہ جمہوریت کے نام پر بھی ہم آمریت، شہنشاہیت، بادشاہت اور اپنی طاقت اور قوت کو مرکوز کرنا چاہتے ہیں۔ مصیبت یہ ہے کہ یہاں ہر ایک کہتا ہے میں فرعون بن جاؤں، طاقت ہمارے ہاتھ میں ہو، ہم کہیں تو عدل ہو جائے، ہم کہیں کہ پھانسی لٹکا دو، ہم کہیں، گلے میں رسی ڈالو، ہم کہیں، چور کو لٹکاؤ۔ یہ کیا شوق ہے، خدا کے بندو! یہ چودہ کروڑ عوام کا ملک ہے۔ اس بات کو سوچو، یہ جمہوری لوگ ہیں، لاکھوں، ہزاروں کارکنوں نے قربانیاں دی ہیں۔ اس جمہوری دور کے لئے غیرجمہوری قوتوں کے خلاف لاکھوں کارکنوں نے لاٹھیاں، گولیاں، ڈنڈے کھائے ہیں، جیلیں کاٹی ہیں، جانوں کے نذرانے پیش کئے ہیں۔

یہ کوئی آسان مسئلہ تو نہیں ہے۔ بڑے بڑے آمر اور ڈکٹیٹر اس ملک کے اندر عوام کے سامنے جھکنے پر مجبور ہوئے۔ خدا کے بندو! آپ نہیں سوچتے، جانتے ہوئے بھی نہیں سوچتے کہ بھئی اس ملک کے لوگ، نہ پنجاب کے عوام غیرجمہوری ہتھکنڈوں کو قبول کریں گے، نہ سندھ، نہ بلوچستان، نہ پختون خواہ، کوئی نہیں کرے گا کیونکہ یہ ہمارا کلچر ہی نہیں ہے۔ ہم بادشاہت میں نہیں رہے۔ جاگیرداری اور فیوڈلزم سے بھی ہم بیزار ہیں، اجارہ داری سے بھی ہم بیزار ہیں۔ کون اس کو پسند کرتا ہے کہ ملک کی اسی فیصد دولت چند سو خاندانوں کے ہاتھ میں ہو اور ملک کے عوام کو گروی رکھیں اور ملک کی دولت کو دونوں ہاتھوں سے لوٹیں، مسجد کو برباد کریں، بینکوں کو برباد کریں۔ آپ نے تو دعویٰ کیا تھا کہ دو سو ارب روپیہ وصول کریں گے، وہ دعویٰ کہاں گیا، خود انحصاری کہاں گئی، کیسے خود انحصاری ہو گی جب تک آپ ملک کے

اندر حزب اختلاف کو ساتھ لے کر نہیں چلیں گے۔

مجھے دنیا کا کوئی جمہوری ملک بتائیں جہاں حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے درمیان کوئی رابطہ نہ ہو، کوئی رشتہ نہ ہو، کوئی تعلق نہ ہو، کوئی گفتگو نہ ہو۔ یہ کوئی بات ہے۔ جمہوریت کبھی ایک ہاتھ سے چلتی ہے، تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی، جمہوریت کیسے چلے گی، جمہوری ادارے کیسے چلیں گے۔ میں آپ کو حقیقت بتا رہا ہوں آج ہمیں سوچنا چاہیئے، آپ مسلم لیگ والے بادشاہ ہماری سمجھ سے بالاتر ہیں۔ جناب والا! آپ لوکل کونسل میں بھی مداخلت کرتے ہیں، ضلع کونسل کا چیئرمین بھی کہتے ہیں کہ ہماری مرضی سے منتخب ہو۔ جناب والا! میں حیران ہوں یہ کیسے لوگ ہیں، کہتے ہیں جمہوریت ہے، اپنی پارٹی میں اپنے لوگوں کو ضلع کونسل کا چیئرمین منتخب نہیں ہونے دیتے، کوئی چوہدری گروپ ہے، کوئی فلاں گروپ ہے، بھئی چھوڑو جمہوریت چاہتے ہو لیکن اپنی پارٹی کے اندر جمہوریت نہیں اختیار کرتے، اپنی پارلیمانی پارٹی کو نہیں پوچھتے، فیڈرل کابینہ کو نہیں پوچھتے۔ میں حیران ہوں کیسے جمہوریت چلے گی۔ کس طرح سے جمہوریت ملک کے اندر آئے گی جب آپ کا رویہ پارٹی کے اندر، اپنی جماعت کے اندر، ضلع کونسل، لوکل کونسل، یونین کونسل، میونسپل کارپوریشن کی حد تک آپ جمہوریت نہیں کریں گے تو جمہوریت کیسے آئے گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ سندھ کی صورتحال کی طرف آئیے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب والا! میں سندھ کی طرف آتا ہوں۔ سندھ، سچی بات یہ ہے کہ جل رہا ہے۔ سندھ کے ساتھ ہمارے دلی جذبات ہیں۔ سندھ کے ساتھ ظلم ہو رہا ہے اور سندھ کے لوگ جمہوری لوگ ہیں، یہ حقیقت ہے کہ سندھ کے لوگ کوئی سادہ لوگ نہیں ہیں۔ شہری لوگ ہیں، کراچی، حیدرآباد، سکھر نواب شاہ، یہ سب سمجھدار لوگ ہیں، وکیل ہیں، ڈاکٹر ہیں، انجینئر ہیں، پڑھے لکھے لوگ ہیں۔ آپ پڑھے لکھے لوگوں پر تالا لگا رہے ہیں، اسمبلی کو تالا لگاتے ہیں۔ آپ اسمبلی کا اجلاس بلانے نہیں دیتے۔ بھئی کونسا آسمان گرجاتا اگر آپ گورنر رول کی بجائے سندھ اسمبلی کو موقع دیتے۔ سندھ میں جو پارٹیاں موجود تھیں اگر وہ حکومت بنانے میں کامیاب ہوتیں تو اس سے federation کو استحکام ملتا۔ کوئی اور پارٹی اگر حکومت بناتی تو اس سے کیا فرق پڑتا اگر مسلم لیگ کی حکومت نہیں بنی تو سندھ میں کونسا آسمان ٹوٹ جاتا۔

اول تو آپ نے شروع سے ہی غلطی کی۔ 14 ممبروں کے ساتھ آپ نے حکومت بنائی سندھ میں۔ بھئی یہ تو ظلم ہے، کیا کبھی 14 ممبر بھی پورے ہوئے ہیں حکومت بنانے کے لئے۔ 109 میں سے 14 ممبر صرف آپ کے پاس ہیں اور آپ نے حکومت بنا لی سندھ میں۔ یہ تو ایک سب سے بڑی غلطی ہوئی۔ پھر دوسری بڑی غلطی یہ کی کہ جو سب سے بڑی پارٹی سندھ اسمبلی میں ہے اس کا راستہ روکا۔ اگر پیپلز پارٹی آج سندھ میں حکومت بنائے تو کیا فرق پڑتا ہے۔ کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اگر اس کے باوجود وہ فیل ہوجاتے تو پھر آپ کے پاس موقع تھا، آپ کے پاس جواز ہوتا کہ ہم نے اسمبلی کو موقع دیا۔ نہ آپ اسمبلی کو موقع دیتے ہیں، پھر آپ بہانہ بھی کرتے ہیں کہ وہاں پر دہشت گردی ہے۔ بھئی دہشت گردی تو سارے ملک میں ہے۔ لا قانونیت تو سارے ملک میں ہے، اس لئے کہ آپ ملک میں دہرا قانون چلاتے ہیں۔ آپ کی دہری پالیسی ہے۔ ایک طرف تو بڑا طبقہ ہے مراعات یافتہ، وہ قانون سے بالاتر ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ "وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا" اور جو دوسری طرف غریب لوگ ہیں، ان کو State protection نہیں دیتی، لاکھوں کی تعداد میں نوجوان بے روزگار ہیں، دھکے کھا رہے ہیں۔ کہاں جائیں گے بے چارے، بتائیں کوئی ایسی منصوبہ بندی ہے آپ کے پاس۔

پرائیویٹ سیکٹر میں کارخانے بند ہیں، زراعت کو آپ نے تباہ کردیا ہے۔ آپ گندم کا ہدف 20 ملین ٹن کا کہاں سے پورا کریں گے، جب DAP کھاد ملک میں نہیں ہے، فارن کرنسی آپ کے پاس نہیں ہے، ادویات کی قیمتیں چار سو گنا، تقریباً 2000% ادویات کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں۔ روزگار کا نام و نشان نہیں ہے اور پڑھے لکھے لوگ دھکے کھا رہے ہیں۔ اگر آپ ان کے مسائل کو address نہیں کریں گے تو کیسے آپ ملک کے اندر امن قائم کریں گے۔ پھر سب سے بڑھ کر آپ کی جو مشکل ہے وہ یہ ہے کہ آپ اداروں کو تباہ کر رہے ہیں، آپ اداروں پر اعتماد نہیں کرتے ہیں، آپ اسمبلی پر اعتماد نہیں کرتے ہیں۔ سب سے بڑا ادارہ ہے پارلیمنٹ، یہ ایک مقدس ادارہ ہے، 14 کروڑ عوام کا منتخب ادارہ ہے، ہم سب کو اس کا احترام کرنا چاہیئے۔ آپ اس کا احترام نہیں کرتے، آپ اس کو بائی پاس کرتے ہیں اور آپ صوبائی اسمبلیوں کو بائی پاس کرتے ہیں، عدلیہ کو آپ بائی پاس کرتے ہیں۔ عدلیہ کی آزادی کی آپ سب بات کرتے ہیں۔ پریس کی آزادی کی سب بات کرتے ہیں، لیکن کدھر ہے پریس کی آزادی۔ عدلیہ کی آزادی کدھر ہے۔ اس کے مالی اختیارات کدھر ہیں۔ Powerful Election Commission کہاں ہے اس ملک

ہیں۔ بوگس شناختی کارڈ بنتے ہیں۔ لاکھوں کی تعداد میں غیر ملکی یہاں بشمول افغان مہاجرین، کراچی، اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، سب جگہ موجود ہیں، تو کس طرح سے آپ ملک کو چلا رہے ہیں۔ جو اصل مسئلہ ہے اس کو تو آپ address ہی نہیں کرتے ہیں۔ آپ کا زور یہ ہے کہ جی جو بھی جمہوری قوت ہمارے خلاف ہو، جو ہماری ہاں میں ہاں نہ ملائے، ان کا راستہ روکو، اس سے اقتدار چھینو، اس کو محروم کرو۔ دیکھیں! جب بھی آپ سندھ کے تین کروڑ عوام کو احساس محرومی کی طرف لے جائیں گے تو ان سے آپ کیا توقع کریں گے، ان سے آپ کوئی بہتری کی توقع نہیں کریں گے۔

ہماری آپ سے گزارش یہ ہے، میں معزز ایوان سے یہ عرض کروں گا، باتیں تو بہت ہیں، میں چاہوں تو دو گھنٹے بھی بول سکتا ہوں، چار گھنٹے بھی بول سکتا ہوں لیکن مجھے اس ایوان کا بھی احترام ہے۔ میں اپنی بات کو اس طرح سے wind up کرتا ہوں کہ جناب والا! یہ سارا ایوان چاہے وہ حزب اقتدار میں ہو یا حزب اختلاف میں ہو، سارے مل کر ایک قرارداد پاس کریں کہ گورنر رول ختم ہونا چاہیئے۔ اسمبلی بحال ہونی چاہیئے، rule of law ہونا چاہیئے اور قانون کی بالا دستی ہونی چاہیئے، عدلیہ کی مکمل آزادی ہونی چاہیئے اور جنہوں نے اربوں روپیہ ملک کا لوٹا ہے ان سے وہ لوٹی ہوئی رقم واپس لی جائے۔ دہشت گردی کے لئے ساری جماعتیں مل کر اس کی بیخ کنی کریں، ساری سیاسی جماعتیں مل کر۔ حکومت اور حزب اختلاف، سارے مل کر دہشت گردی کا قلع قمع کریں، بیخ کنی کریں۔ میری یہ گزارش ہے کہ مکمل طور پر دہشت گردی کو ختم کریں اور ملک کے اندر روزگار کے مواقع فراہم کریں تاکہ معاشی ناانصافی ختم ہو۔ ملک کے کارخانے پہیوں کی طرح چلیں تو روزگار، زراعت، صنعت سب کچھ بحال ہوجائے گا۔ انہی گزارشات کے ساتھ میں تمام ایوان کا مشکور ہوں، حزب اقتدار، حزب اختلاف، سب نے میری باتیں غور سے سنیں۔ میں توقع کروں گا کہ یہ جو 15ویں آئینی ترمیم کا بل ہے اس پر بھی سینٹ کی رائے کو مدنظر رکھتے ہوئے وہ واپس لیں گے تاکہ 15 ویں آئینی ترمیم کا قصہ ختم ہوجائے۔ یہ سلسلہ جو پندرہویں آئینی ترمیم کے حوالے سے چل رہا ہے، میری اسمبلی اور سینٹ سے اپیل ہو گی کہ اس کو ختم کرو اور اس کو واپس لو، اس کے ساتھ سندھ اسمبلی بحال کی جائے اور جس کے پاس اکثریت ہے اس کو موقع فراہم کیا جائے کہ وہ اپنی حکومت بنائے۔ انہی الفاظ کے ساتھ میں جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ اعتزاز احسن۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ جناب چیئرمین! ٹائم بہت زیادہ ہو گیا ہے اور مشاہد صاحب نے بھی wind up کرنا ہے ۔ میں صرف چھوٹی سی وضاحت کے ساتھ مشاہد صاحب کو ٹائم دینا چاہتا ہوں کہ یہ wind up ویسے میں نے کرنا تھا ، بہرحال ڈاکٹر صاحب نے کر دیا ہے۔ میں مشاہد صاحب کو اپنا ٹائم بھی اس لئے دینا چاہتا ہوں کہ ٹائم بہت ہو گیا ہے اور معزز ممبران جانا چاہتے ہیں اور مشاہد صاحب کو اپنا وقت اس درخواست کے ساتھ دینا چاہتا ہوں کہ وہ بھی کچھ اختصار سے کام لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جی مشاہد صاحب۔

**Mian Raza Rabbani**: Point of order. Sir, this is a very serious matter. It is a matter in which the rights of our constituents have been affected where the Provincial Assembly of Sindh has been virtually suspended. Although under the Constitution it can not be and it is a matter where the elected representatives of Sindh have been denied their due rights, therefore, I would seek your leave under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988 to seek suspension of Rules 22, 27, 120 and 122 to move a resolution on this matter.

**Mr. Presiding Officer**: We have been discussing the adjournment motion and adjment motion is always discussed. no resolution can be moved, it is ruled out of order.

**Mian Raza Rabbani**: Sir, why not? Resolution can be moved at any time. Sir, because of the resolution that is why I have sought a suspension of the rules.

**Mr. Presiding Officer**: I have already given my ruling. There is no parliamntary precedent that an addjournment motion has been converted into

resolution. It can not be converted into resolution.

Mian Raza Rabbani: Yes, Mr. Mushahid Hussain.

*(interruption)*

Mr. Presiding Officer: No, you can not dictate me. Alright. I read the order of prorogation.

In exercise of powers conferred by Article 54 (3) read with Article 61 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby prorogue the Senate on the conclusion of its sitting on Wednesday, 18th Novembeer, 1998. So the House stands prorogued.

Sd/-

WASIM SAJJAD

Chairman

---

[The House was then prorogued sine die.]

---